




صحت

ہمدرد کے ساتھ

بیماریاں اور علاج





ہمدرد

ہمدرد (وقف) لیبارٹیریز (انڈیا)

صدر دفتر: ہمدرد بلڈنگ 2A/3، آصف علی روڈ، نئی دہلی۔110002

فون: 23239801/02/03/04, 23221027,23215307 ،فیکس: 011-23239805

ویب سائٹ: www.hamdard.com, www.safigirl.com, www.roghanbadamshirin.com,

www.lipotab.com

ای میل: info@hamdard.com

فیکٹریاں

غازی آباد (یو۔پی)

بی۔1، بی۔III/2، انڈسٹریل ایریا، غازی آباد ، فون: 120-2712193,120-2712273

گرامس: ہمدرد

مانیسر (ہریانہ)

پلاٹ 15-12، سیکٹر۔7، آئی ایم ٹی مانیسر، گڑگاؤں، ٹیلی فیکس: 1242290989, 124-2290988

اوکھلا (دہلی)

بی 317۔318، اوکھلا انڈسٹریل ایریا فیس۔I، نئی دہلی۔110020، فون: 011-42575350

کمپنی کے ریٹیل آوٹ لیٹس

(دہلی۔I)

ہمدرد بلڈنگ 2A/3، آصف علی روڈ نئی دہلی۔110002، فون: 011-23239801

(دہلی۔II)

ہمدرد مارگ، لال کنواں (پرانی دہلی)، دہلی۔110006، فون: 011-23213733، 011-23213287

پٹنہ (بہار)

اشوک راج پتھ، بانکی پور، پٹنہ۔800 004، فون: 0162-2677364

سی۔ڈی۔او

بی۔3، انڈسٹریل ایریا، میرٹھ روڈ، غازی آباد۔201003، فون: 0120- 4168348

ہمدرد اور دوا سازی

طب یونانی دواؤں کے وسیع ترین ذخیرہ سے مالا مال ہے۔ ایک وقت تھا، جب صرف مفردات سے علاج کیا جاتا تھا، یہ آغاز طب کا دور کہا جاتا ہے۔ رفتہ رفتہ علاج کا رخ مرکبات کی طرف آیا۔ ابتدا میں جوشاندے، خیساندے کی شکل میں اور پھر عرقوں، شربتوں، معجونوں اور جوارشوں وغیرہ کی صورت میں منضبط فارمولوں کے ساتھ مرکبات تیار ہونے لگے۔ عرب اطباء و محققین نے اس کی خدمت کا پورا پورا حق ادا کیا۔ ہندوستانی طبیبوں نے بھی اس باب میں اپنا حصہ ادا کرنے میں کوتاہی نہیں برتی اور اس طرح یہ حال ہوگیا کہ یونانی مرکبات کا ذخیرہ شمار وقطار کے حدود سے باہر نظر آنے لگا۔ یہ صورت اگرچہ ترقی طب کا مظہر بنی، لیکن اس طرح اس ذخیرۂ عظیم میں رطب و یابس بھی شامل ہوگئے، اس لیے لازم تھا کہ انتہائی فنی احتیاط کے ساتھ یونانی دواسازی کی بقاء و ترقی کی جدوجہد کی جائے۔

اس جدوجہد کو صحیح خطوط پر کامیابی کے ساتھ چلانے کے لیے سب سے مقدم بات یہ تھ کہ یونانی دواؤں کے اس بحر ذخار سے قدیم وجدید تجربات کی روشنی میں صرف حقیقی مستحکم دوائیں نکال لی جائیں اور ان کو موجودہ دور کے انسانی مزاج و عادات سے ہم آہنگ کرنے کی کوشش کی جائے۔

ہمدرد نے اس فن کی تکمیل کا بیڑا اٹھایا، اس نے اپنے آغاز قیام ہی سے اس بات کو بھانپ لیا تھا کہ آنکھ بند کرکے پرانی لکیروں کو پیٹتے رہنے ہی سے کام نہیں چلے گا، زندگی کے لیے وسعت نظر لازمی ہے۔ فن طب میں ریسرچ کے دروازے بند ہو چکے تھے۔ ہمدرد نے آگے بڑھ کر ان پر دستک دی، ان کو کھولا اور تحقیق و جستجو اور جدوجہد کے ایک وسیع تر میدان میں داخل ہوگیا۔ بالآخر محنت شاقہ اور لگاتار تجربوں کے بعد ہمدرد اپنے معمولات دواسازی کے لیے یونانی مرکبات کا ایک قابل قدر انتخاب کرنے میں کامیاب ہوا۔ یہ انتخاب آئندہ صفحات میں اس ترتیب سے پیش کیا جارہا ہے جو معالجوں اور فن طب کے طالبوں کے لیے مطالعہ و دریافت کی بہت سی سہولتوں کا حامل ہے۔

یونانی دواؤں کے انتخاب کے وقت سب سے بڑی الجھن یہ سامنے آئی تھی کہ مختلف قرابادینوں میں دواؤں کے نسخوں میں اختلاف تھا اور بیشتر دواؤں کے طریقۂ تیاری کی وضاحت نہ ملتی تھی۔ ہمدرد نے اس الجھن پر بھی عبور حاصل کیا اور طویل چھان بین کے بعد مستند نسخوں کو اپنایا اور پھر ان کی معیار بندی کی اور اپنی طویل کدوکاوش کو کتاب ''قرابادین مجیدی'' کی شکل میں ترتیب دے کر شائع بھی کردیا ہے۔

ان مستند و منتخب یونانی دواؤں کے ساتھ آئندہ صفحات میں آپ کو وہ دوائیں بھی ملیں گی جن کی ایجاد کا فخر ہمدرد کو حاصل ہے اور جو آج پورے ملک میں مقبول خاص و عام ہیں۔ دواؤں اور دوا سازی کا اعلیٰ ترین معیار قائم کرنے کے لیے ہمدرد دواخانہ میں نئے سائنسی آلات سے آراستہ لیبارٹریز ہیں جو کوالیفائڈ ماہرین کی نگرانی میں خام دواؤں سے لے کر تیار اور پیکنگ شدہ دواؤں تک کے جملہ معیارات کو باقاعدہ استحکام دیتی ہیں۔ ان کنٹرول لیبارٹری ہے، جو دواؤں کی تیاری کے دوران ان پر سائنٹی فک کنٹرول قائم رکھتی ہے، تاکہ ہر دوا کا مقرر معیار قائم رہ سکے۔ انالیٹکل لیبارٹری ہے۔ جس میں خام اور تیار شدہ دواؤں کا تجزیہ کیا جاتا ہے کہ ان میں تمام اجزاء متعینہ معیار کے مطابق موجود ہیں یا نہیں۔ پراسس کنٹرول لیبارٹری ہے، جہاں خاص طور پر شربتوں کی تیاری کے دوران مختلف مراحل سے گزرتے ہوئے کنٹرول کیا جاتا ہے، جن میں مختلف دوائی شربتوں کے علاوہ روح افزا بھی شامل ہے۔ غرض ہر ممکن کوشش اس مقصد کے لیے کی جاتی ہے کہ ہمدرد کی ہر ایک دو تیاری کے آغاز سے لے کر مریض کے استعمال تک اپنی افادیت میں مستحکم رہے۔ ہمدرد وقف کے منتظم اعلیٰ اور چیف متولی عالی جناب عبدالمعید صاحب بطور خاص دواؤں کے خام اجزاء سے لے کر تیاری و پیکنگ تک، ہر ایک مرحلہ پر پوری نگرانی فرماتے ہیں اور ہر مرحلہ کے معیار کو بلند تر رکھنے میں نہ کسی انتظامی رکاوٹ کو حائل ہونے دیتے ہیں نہ مصارف تیاری کی زیادتی کو۔ یہی وجہ ہے کہ ہمدرد کی تیار کردہ دوائیں ملک بھر میں مکمل اعتماد کے ساتھ استعمال کی جاتی ہیں۔

فہرست مضامین

فہرست ادویہ

دماغ اوراعصاب کی بیماریاں

دردسراورآدھاسیسی کا درد

اطریفل زمانی: نزلہ وزکام، دردسر، دورانِ سر (سر چکرانا) آدھا سیسی کا درد، قولنج اور مالیخولیا میں مفید ہے۔ قبض کو دور کرکے آنتوں کو فضلات سے پاک کرتا ہے۔

مقدارخوراک: ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک عمر کے مطابق۔

طریقہ استعمال: رات کو سوتے وقت ۲۵۰ ملی لٹر دودھ یا پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

اطریفل کشنیزی: دماغ اور معدے کو قوت دیتا ہے۔ قبض کو دور کرتا ہے۔ اس کے لگاتار کھانے سے دائمی نزلہ ہمیشہ کے لیے ختم ہوجاتا ہے۔ نزلہ سے پیدا ہونے والی تمام بیماریاں مثلاً دردسر، چکرانا، آنکھوں کی سرخی بھی اس کے استعمال سے دُور ہوجاتی ہے۔ ناک، کان کا درد اور تبخیر رک جاتی ہے۔

مقدارخوراک: ۱۰ گرام۔

طریقہ استعمال: رات کو سوتے وقت یہ اطریفل پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

اطریفل ملین: پرانے دردسر، دوران سر اور آدھا سیسی کو دور کرنے کے لیے بہت اچھی دوا ہے، قبض کو دور کرتا ہے، نزلہ وزکام اور ان کی وجہ سے پیدا ہونے والی بیماریوں کے لیے خاص طور پر مفید ہے۔

مقدارخوراک: ۱۰ گرام۔

طریقہ استعمال: رات کو سوتے وقت ۲۵۰ ملی لٹر دودھ یا پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

حب ایارج: یہ گولیاں دماغ کو بلغمی فضلات سے پاک صاف کرنے کے لیے مخصوص ہیں۔ پرانے دردسر، مرگی اور دوسرے دماغی امراض میں استعمال کی جاتی ہیں۔

مقدارخوراک: ۳ گرام۔

طریقہ استعمال: یہ گولیاں تنقیہ عام کے بعد تنقیہ خاص (تنقیہ دماغ) کے لیے معالج کے مشورے سے اس طرح استعمال کی جاتی ہیں کہ جب چار گھڑی رات باقی رہتی ہے تو یہ گولیاں عرق گاؤزباں ۱۲۵ ملی لٹر یا کسی دوسرے بدرقہ سے کھا کر سو جاتے ہیں۔ صبح کو جاگنے کے بعد مسہل پیتے ہیں۔

پیک سائز: ۶۰ گولی

روغن بنفشہ: دماغ کی خشکی کو دور کرتا ہے، نیند لاتا ہے اور دردسر کو دور کرتا ہے۔

طریقہ استعمال: سر پر مالش کریں اور پیشانی پر بھی لگائیں۔

پیک سائز: ۲۵ ملی لیٹر

روغن کاہو: گرمی سے پیدا شدہ دردسر کو دور کرتا ہے، دماغ کی خشکی کو دور کرکے ٹھنڈک پیدا کرتا ہے اور نیند لاتا ہے۔

طریقہ استعمال: سر اور پیشانی پر لگائیں، اور ناک کان میں بھی قطرے ڈالیں۔

پیک سائز: ۵۰ ملی لیٹر

روغن کدو: گرمی سے پیدا ہونے والے دردسر کو دور کرتا ہے، دماغ کی خشکی کو دور کرکے ٹھنڈک پیدا کرتا ہے اور نیند لاتا ہے۔

طریقہ استعمال: سر اور پیشانی پر لگائیں اور ناک کان میں بھی ایک دو قطرے ڈالیں۔

پیک سائز: ۵۰ ملی لیٹر

روغن گل: سرسام میں مفید ہے۔ گرمی سے پیدا ہونے والے دردسر کو دور کرتا ہے۔

طریقہ استعمال: سرسام کے شروع میں روغن گل، عرق گلاب اور سرکہ خالص ملا کر کپڑے یا روئی کی مدد سے بار بار سر پر رکھیں، دردسر میں سر اور پیشانی پر لگائیں۔

پیک سائز: ۵۰ ملی لیٹر

قرص مثلث: یہ قرص سر کے درد اور آدھا سیسی کے درد کو تسکین دیتے ہیں۔

طریقہ استعمال: ایک ٹکیہ پانی میں گھس کر پیشانی اور کنپٹیوں پر لگائیں۔

پیک سائز: ۱۰ گولی

ضعف دماغ

اطریفل مقوی دماغ: یہ اطریفل دماغ کو طاقت بخشتا ہے، آنکھوں کی روشنی کو قائم رکھتا ہے۔ دائمی نزلہ اور دردسر میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: رات کو سوتے وقت یا صبح کو دودھ سے کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

خمیرہ گاؤزبان سادہ: دماغ کو طاقت دیتا ہے، دل کی تقویت کے لیے بھی مفید ہے۔ خفقان، وسواس اور مالیخولیا کو دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: پانی سے یا دودھ سے صبح کو کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

خمیرہ گاؤزبان عنبری: دل و دماغ کو طاقت دیتا ہے، دل کی گھبراہٹ اور خیالات کی پریشانی کو دور کرتا ہے۔ آنکھوں کو طاقت دیتا ہے اور ذہن و حافظہ کو بڑھاتا ہے۔ اس کا روزانہ استعمال دماغی کام کرنے والوں کے لیے مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک۔

طریقہ استعمال: صبح کو نہار منہ یا بوقت ضرورت کھائیں۔

پیک سائز: ۶۰ گرام، ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا: اوپر لکھے ہوئے خمیروں کے مقابلے میں زیادہ طاقت ور اور جلد اثر کرنے والا ہے، دل و دماغ کو قوت دینے اور فرحت بخشنے کے لیے نہایت مفید ہے۔ دماغی کمزوری کو دور کرتا ہے اور ذہن و حافظہ کو بڑھاتا ہے، عام جسمانی کمزوری کے لیے بھی مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک۔

طریقہ استعمال: صبح سویرے نہار منہ یا بوقت ضرورت کھائیں۔

پیک سائز: ۶۰ گرام ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا خاص: اوپر لکھے ہوئے خمیرے جیسے صفات رکھتا ہے، لیکن اس کے مقابلے میں زیادہ قوی الاثر ہے۔ بہت جلد اپنا اثر دکھاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام

طریقہ استعمال: صبح سویرے نہار منہ یا بوقت ضرورت کھا کر اوپر سے دودھ یا پانی لے لیں۔

پیک سائز: ۱۵ گرام، ۳۰ گرام، ۶۰ گرام اور ایک کلو

روغن بادام شیریں: دماغ کو طاقت دیتا اور اس میں تراوٹ پیدا کرتا ہے، نیند لاتا ہے۔ اندرونی طور پر استعمال کرنے سے قبض کو دور کرتا ہے اور بدن میں قوت و حرارت پیدا کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۵ ملی لٹر سے ۱۰ ملی لٹر تک۔

طریقہ استعمال: سر پر لگائیں، ناک اور کان میں ٹپکائیں۔ قبض کو دور کرنے کے لیے مقررہ مقدار میں ۲۵۰ ملی لٹر دودھ میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۲۵ ملی لیٹر، ۵۰ ملی لیٹر اور ۱۰۰ ملی لیٹر

معجون برہمی: ضعف دماغ میں نہایت مفید ہے، دماغ کو طاقت دیتی اور ذہن و حافظہ کو بڑھاتی ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: صبح کو نہار منہ دودھ سے کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

معجون نقرہ: یہ معجون دل و دماغ کو طاقت دیتی ہے، تفریح بخشتی ہے، ضعف اعصاب اور ضعف باہ کو بھی دور کرتی ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام

طریقہ استعمال: صبح سویرے نہار منہ کھا کر اوپر سے ۲۵۰ ملی لٹر دودھ پی لیں۔

پیک سائز: ۳۰ گرام

مفرح مشکیں: دماغ کو طاقت دینے اور ذہن و حافظہ کو قوت بخشنے کے لیے بہترین دوا ہے۔ تمام دن کا تھکا ہوا دماغ اس کے ایک خوراک کے استعمال سے تازہ ہو جاتا ہے۔ دماغی کام کرنے والوں کے لیے خاص طور پر مفید ہے۔

مقدار خوراک: ایک گرام

طریقہ استعمال: صبح سویرے نہار منہ یا بوقت ضرورت ۲۵۰ ملی لٹر دودھ سے کھائیں۔

پیک سائز: ۱۵ گرام

سر چکرانا

سر چکرانے میں اطریفل اسطو خودوس، اطریفل زمانی، اطریفل کشنیزی، اطریفل ملین، خمیرہ گاؤ زباں عنبری، خمیرہ گاؤ زباں عنبری جواہر والا، کشتہ مرجان سادہ، کشتہ مرجان جواہر والا مفید ہیں۔ ان سب کا بیان ''دردِ سر'' اور ''ضعف دماغ'' میں ہو چکا ہے۔

حب جواہر، دواء المسک معتدل نوشدارو لولوی اور خمیرہ مروارید بھی سر چکرانے میں فائدہ دیتے ہیں۔ ان کا بیان ''ضعف قلب'' میں آگے آئے گا۔

نسیان - بھول

شربت اسطوخودوس: نسیان اور اختلاج میں مفید ہے۔ بلغمی اور سوداوی مادوں کو آسانی سے نکالتا ہے۔

مقدار خوراک: ۲۵-۵۰ ملی لٹر

طریقہ استعمال: معالج کے مشورے سے یہ شربت عرق گاؤ زباں ۱۲۰ ملی لٹر میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

معجون نسیان: نسیان (بھول) کی خاص دوا ہے۔ یہ قوت حافظہ اور ذہن کو بڑھاتی ہے۔ کند ذہن اور غبی بچوں کے لیے یہ معجون بہت مؤثر ہے۔ اس سے ان کی ذہنی قوتیں کھلتی ہیں۔ بوڑھوں کے مرض نسیان میں بھی مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۵ سے ۱۰ گرام تک

طریقہ استعمال: یہ معجون صبح یا رات کو سوتے وقت یا دونوں وقت کھائیں۔ ہر قسم کی کھٹی چیزوں سے پرہیز کریں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام

بے خوابی - نیند نہ آنا

اکسیر شفا: نیند لانے کے لیے نہایت مفید دوا ہے۔ اس کا بیان ''جنون'' میں ہے۔ روغن بادام، روغن کاہو اور روغن کدو سر پر لگانے سے نیند لاتے ہیں ان کا بیان ''دردِ سر'' میں ہو چکا ہے۔

روغن خشخاش: سر پر لگانے سے نیند لاتا ہے اور گرمی سے پیدا ہونے والے درد کو دور کرتا ہے۔

طریقہ استعمال: سر پر لگائیں، ناک اور کان میں ٹپکائیں۔

پیک سائز: ۲۵ ملی لیٹر

روغن لبوب سبعہ: بے خوابی میں مفید ہے۔ سر پر لگانے سے دماغ میں تراوٹ پیدا کرتا ہے اور نیند لاتا ہے۔

طریقہ استعمال: سر پر آہستہ آہستہ مالش کریں اور ناک کان میں ٹپکائیں۔

پیک سائز: ۲۵ اور ۵۰ ملی لیٹر

روغن کشنیز: سر پر لگانے سے نیند لاتا ہے۔ دماغ کو طاقت دیتا ہے اور بالوں کو مضبوط کرتا ہے۔

طریقہ استعمال: سر پر ہلکے ہاتھ سے مالش کریں

پیک سائز: ۵۰ ملی لیٹر

لُو لگنا

شربت روح افزا: شربت روح افزا گرمیوں کی شدت میں جب کہ بعض آدمی لو لگنے سے بیمار ہو جاتے ہیں، شربت روح افزا بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ گرمی کی شدت سے جبکہ پیاس بے حد لگ رہی ہو، بدن میں آگ سی لگی محسوس ہو اور دل و دماغ پر افسردگی چھائی ہو، شربت روح افزا کے پیتے ہی سکون محسوس ہونے لگتا ہے۔

مقدار خوراک: ۵۰ ملی لٹر

طریقہ استعمال: پانی میں ملا کر اور حسب خواہش برف ڈال کر پئیں۔

پیک سائز: ۷۰۰ ملی لیٹر

مرگی

خمیرہ گاؤ زباں عنبری جدوار عود صلیب والا: یہ خمیرہ مرگی کے مریضوں کے لیے خاص طور پر مفید ہے۔ بچوں کی مرگی (ام الصبیان) اور مستورات کے مرض اختناق الرحم (ہسٹیریا) میں بھی فائدہ دیتا ہے۔

مقدار خوراک: ۶ گرام

طریقہ استعمال: یہ خمیرہ صبح کو تنہا یا معالج کے مشورے سے کسی چیز کے ساتھ کھائیں۔

پیک سائز: ۶۰ گرام اور ایک کلو

قرص عود صلیب: یہ قرص مرگی میں مفید ہیں۔
مقدار خوراک: ایک قرص
طریقہ استعمال: صبح و شام پانی سے کھائیں
پیک سائز: ۵۰ گولی

فالج ولقوہ اور رعشہ

حب اذاراقی (کچلے کی گولیاں): اعصاب کو طاقت دیتی ہیں، فالج ولقوہ اور گٹھیا وغیرہ بلغمی امراض میں مفید ہیں۔
مقدار خوراک: ایک گولی
طریقہ استعمال: کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت کھائیں۔
پیک سائز: ۱۰۰ گولیاں
روغن دھتورہ: فالج ولقوہ میں مفید ہے، پٹھوں پر مسکن تاثیر کرتا اور ان کے دردوں کو تسکین بخشتا ہے۔
طریقہ استعمال: مالش کرکے اوپر سے روئی گرم کرکے باندھیں۔
پیک سائز: ۲۵ ملی لیٹر
روغن سرخ: فالج ولقوہ، گٹھیا، عرق النساء، نقرس اور کمر کے درد کے لیے مفید ہے۔ چوٹ کا درد بھی اس کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔
طریقہ استعمال: نیم گرم کی مالش کرکے اوپر سے روئی گرم کرکے باندھیں۔
پیک سائز: ۲۵ اور ۵۰ ملی لیٹر
روغن سیر: فالج ولقوہ، گٹھیا، عرق النساء اور درد کمر میں مفید ہے۔
طریقہ استعمال: نیم گرم مالش کرکے اوپر سے روئی گرم کرکے باندھیں۔
پیک سائز: ۲۵ ملی لیٹر
روغن قسط: فالج ولقوہ، رعشہ اور گٹھیا میں مفید ہے۔
طریقہ استعمال: نیم گرم مالش کرکے اوپر سے روئی گرم کرکے باندھیں۔
پیک سائز: ۲۵ ملی لیٹر
قرص اکسیر فالج ولقوہ: فالج ولقوہ میں مفید ہیں۔
مقدار خوراک: ایک ٹکیہ
طریقہ استعمال: صبح و شام دونوں وقت ۱۰ گرام شہد میں ملا کر کھائیں۔
پیک سائز: ۲۵ ٹکیاں
کشتہ ہڑتالی ورقی: فالج، لقوہ، رعشہ وجع المفاصل، بلغمی کھانسی اور دمہ میں مفید ہے۔
مقدار خوراک: ۳۰ ملی گرام یا ایک قرص
طریقہ استعمال: یہ کشتہ ۱۰ گرام شہد، مکھن یا ملائی میں ملا کر کھائیں۔
پیک سائز: ۱۰ گرام
قرص کشتہ شنگرف: اعصاب کو طاقت دیتا ہے۔ ضعف باہ اور عام جسمانی کمزوری میں مفید ہے۔ بھوک بڑھاتا ہے۔ بلغم کی پیدائش کو روکتا ہے، دمہ میں مفید ہے۔ جاڑے کے موسم میں بوڑھے لوگوں کے لیے بہت فائدہ مند ہے۔
مقدار خوراک: ۲ گولیاں ۱۰ ملی لیٹر شہد میں ملا کر کھائیں۔
پیک سائز: ۶۰ گولیاں
معجون اذاراقی: یہ معجون فالج ولقوہ، رعشہ، گٹھیا اور دوسرے عصبی و بلغمی امراض میں مفید ہے۔ پٹھوں کو طاقت دینے کے لیے بہت اچھی دوا ہے۔ سردیوں کے موسم میں بوڑھے آدمیوں کو اس کا استعمال سردی کے نقصان سے محفوظ رکھتا ہے۔
مقدار خوراک: ۵ گرام
طریقہ استعمال: یہ معجون کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت کھائیں۔
پیک سائز: ۶۰ گرام اور ۱۲۵ گرام
معجون جوگراج گوگل: فالج ولقوہ، رعشہ، گٹھیا وغیرہ عصبی و بلغمی امراض میں مفید ہے۔
مقدار خوراک: ۵ گرام
طریقہ استعمال: رات کو سوتے وقت یہ معجون کھا کر اوپر سے ۲۵۰ ملی لٹر دودھ پی لیں۔
پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو
معجون سیر علوی خانی: فالج ولقوہ، نقرس، گٹھیا، عرق النساء وغیرہ عصبی و بلغمی امراض میں مفید ہے۔
مقدار خوراک: ۵ گرام
طریقہ استعمال: صبح یا رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔
پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

خدر-سن بہری

معجون خدر: خدر (سن بہری) کے لیے مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام

طریقہ استعمال: یہ معجون صبح یا صبح وشام دونوں وقت کھا کر اوپر سے پانی پی لیں۔

پیک سائز: ۶۰ گرام

مالیخولیا-جنون (پاگل پن)

اکسیر شفاء: یہ جنون اور پاگل پن کی بہترین دوا ہے۔ اس کے استعمال سے مرض کے عوارض بہت جلد دور ہو جاتے ہیں۔ جنون جو اختناق الرحم (ہسٹیریا) کی وجہ سے ہو وہ بھی اس کے استعمال سے اچھا ہو جاتا ہے۔ یہ دماغ اور اعصاب کو تسکین دیتی اور نیند لاتی ہے۔ خون کا دباؤ بڑھ جانے (ہائی بلڈ پریشر) میں بھی مفید ہے۔

مقدار خوراک: ایک ٹکیہ

طریقہ استعمال: رات کو سوتے وقت کھا کر اوپر سے ۲۵۰ ملی لٹر دودھ پی لیں۔

پیک سائز: ۲۰ گولی

شربت احمد شاہی: مالیخولیا میں مفید ہے، دل و دماغ کو طاقت دیتا ہے۔

مقدار خوراک: ۲۵ ملی لٹر سے ۳۵ ملی لٹر تک۔

طریقہ استعمال: عرق گاؤ زبان ۱۲۵ ملی لٹر یا پانی میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

معجون نجاح: مالیخولیا اور دوسرے سودادی امراض میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۶ گرام سے ۱۰ گرام تک

طریقہ استعمال: رات کو سوتے وقت دودھ سے کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام ایک کلو

آنکھوں کی بیماریاں

ضعف بصارت-بینائی کی کمزوری

سرمہ نرگسی: یہ ایک بہترین سرمہ ہے، بینائی کو طاقت پہنچاتا ہے، آنکھوں کو روشن اور چمکدار بناتا ہے، روہے، جالے، پھولے اور ناخنہ کو دور کرتا ہے۔

طریقہ استعمال: صبح اور رات کو سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔

پیک سائز: ۳ گرام

کحل الجواہر: یہ آنکھوں کو تقویت دینے والا لا جواب سرمہ ہے۔ قیمتی اجزاء سے تیار کیا جاتا ہے، بینائی کو بڑھاتا اور اسے آخر عمر تک قائم رکھتا ہے۔ روزانہ لگاتار لگاتے رہنے سے آنکھوں کو تمام بیماریوں سے بچاتا ہے۔

طریقہ استعمال: صبح اور رات کو سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔

پیک سائز: ۳ گرام

نزول الماء-موتیابند

کحل الجواہر جو اوپر لکھا گیا ہے، نزول الماء (موتیابند) میں بھی مفید ہے۔

کان کی بیماریاں

کان کا درد

روغن ترب: کان کے درد کو دور کرتا ہے۔

طریقہ استعمال: روئی کی پھریری بھگو کر ۲-۳ قطرے نیم گرم کان میں ٹپکائیں۔

پیک سائز: ۲۵ ملی لیٹر

ضماد راحت: کان کے درد کو تسکین دیتا ہے۔ اس کے علاوہ دوسرے اعضاء کے دردوں کو تسکین دینے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

طریقہ استعمال: ۵ گرام لے کر کان کے چاروں طرف نیم گرم لگائیں۔

پیک سائز: ۵۰ گرام

قلزم ۲ قطرے، روغن گل آٹھ قطرے میں ملا کر نیم گرم کان میں ٹپکائیں۔ کان کے درد کو تسکین دیتا ہے۔ مشترک فائدہ رکھنے والی دواؤں میں مذکور ہے۔

کان کی پھنسیاں

مرہم کافور: کان کی پھنسیوں کے لیے نہایت مفید ہے۔

طریقہ استعمال: نیم کے پتوں کے جوشاندہ سے کان کو دھوکر پھنسیوں پر لگائیں۔

پیک سائز: ۵۰ گرام

اطریفل شاہترہ اور صافی جو فسادِ خون کی بیماریوں میں لکھی گئی ہے، کان کی پھنسیوں میں مفید ہے۔

کان کی کھجلی

کان کی کھجلی کو دور کرنے کے لیے اندرونی طور پر اطریفل شاہترہ اور صافی استعمال کرائیں یا قلزم ۲ قطرے روغن گل ۵ قطرے میں ملا کر نیم گرم ٹپکائیں۔

بہرہ پن-اونچا سننا

روغن سماعت کشا: کم سننا، اونچا سننا اور کان بجنا کی شکایتوں میں مفید ہے۔

طریقہ استعمال: ۲-۳ قطرے نیم گرم صبح وشام کان میں ٹپکائیں

پیک سائز: ۲۵ ملی لیٹر

کان کا بہنا

کان بہنے کی حالت میں اطریفل شاہترہ اور صافی کا استعمال بھی مفید ہے۔ بچوں میں ''نونہال بے بی ٹانک'' بھی فائدہ دیتا ہے۔ چائے کا ایک ایک چمچہ دن میں دو بار دیں۔

طنین و دوی

(کان کی جھنجھناہٹ اور بھنبھناہٹ)

اطریفل زمانی، اطریفل کشنیزی اور اطریفل ملین کا استعمال طنین و دوی میں مفید ہے۔ ان کا بیان گزشتہ صفحات میں ہو چکا ہے۔

ناک کی بیماریاں

ناک کی بدبو

اطریفل زمانی، اطریفل اسطوخودوس، اطریفل شاہترہ، اطریفل ملین ناک کی بدبو میں مفید ہے۔ دردِ سر میں لکھے جا چکے ہیں۔

روغن انف: ناک کی جھلی کے ورم اور ناک کی بدبو کو دور کرتا ہے۔

طریقہ استعمال: اس تیل کے ۳-۴ قطرے نیم گرم ناک میں ٹپکائیں۔

پیک سائز: ۲۵ ملی لیٹر

قلزم دوسرے فائدے رکھنے کے علاوہ ناک کی بدبو میں بھی مفید ہے، قلزم دو قطرے، روغن گل ۵ قطرے میں ملا کر صبح وشام ناک مین ٹپکائیں، اس کا مفصل بیان مشترک فائدہ رکھنے والی دواؤں میں درج ہے۔

ناک کے کیڑے

اطریفل شاہترہ اور صافی ناک میں کیڑے پیدا ہو جانے کی حالت میں مفید ہے۔

نکسیر

قرص بندش خون، قرص حابس، کشتہ فولاد اور کشتہ سنگ جراحت کے استعمال سے نکسیر کا خون بند ہو جاتا ہے۔ ان کا بیان ''نفث الدم'' (خون تھوکنا) میں آگے آئے گا۔

نزلہ وزکام-انفلوائنزا

اطریفل اسطوخودوس: دائمی نزلہ میں خصوصیت سے مفید ہے، لگاتار استعمال سے بالوں کی سیاہی کو قائم رکھتا ہے، اگر نزلہ یا کسی بیماری کی وجہ سے بال وقت سے پہلے سفید ہو جائیں تو ان کو صحیح حالت پر واپس لاتا ہے۔ دماغ کو فضلات سے صاف کرتا ہے، معدہ اور آنتوں کو قوت بخشتا ہے اور قبض کو دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک۔

طریقہ استعمال: رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔ سفید بالوں کی حالت میں اس کے ساتھ کشتہ فولاد ایک عدد استعمال کریں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

انفیوزا: عام نزلہ وزکام، نزلہ وبائی (انفلوائنزا) اور ان سے

پیدا ہونے والی کھانسی، بخار کے لیے ایک کامیاب دوا ہے۔ نزلہ وبائی میں بطور حفظ ماتقدم استعمال کی جاتی ہے۔

طریقہ استعمال: دوا کے ہمراہ ہے۔

پیک سائز: ۲۵ ملی لیٹر

برشعشا: نزلہ وزکام کی خاص دوا ہے۔ مالیخولیا اور ہذیان میں فائدہ دیتی ہے۔ فالج ولقوہ، رعشہ، نسیان، سر چکرانا، نیند نہ آنا، کان بجنا، قولنج اور معدہ وجگر کے درد کو دور کرتا ہے۔ نئی اور پرانی کھانسی میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ایک گرام

طریقہ استعمال: نزلہ وزکام میں یہ دوا رات کو سوتے وقت خمیرہ گاؤزباں عنبری جواہر والا ۵ گرام میں ملا کر کھائیں۔ معدہ وجگر کے درد میں یہ دوا جوارش جالینوس ۵ گرام میں ملا کر کھائیں۔

پیک سائز: ۱۵ گرام اور ۶۰ گرام

تریاق نزلہ: نزلہ کو روکتا ہے، نزلہ کھانسی کو دور کرتا ہے اس کے لگاتار استعمال سے نزلہ دائمی جاتا رہتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: صبح وشام ہلکے گرم پانی سے استعمال کریں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام

جوشاندہ: مفرد دواؤں کا ایک قدیم نسخہ ہے، جو دو ہزار سال سے کامیابی کے ساتھ استعمال ہوتا آ رہا ہے۔ یہ کھانسی، نزلہ، زکام، گلے کی خراش اور نزلی بخار میں مفید ہے۔ ہر وقت اور ہر موسم میں سب کے لیے یکساں مفید ہے۔

طریقہ استعمال: دوا کے ساتھ ہے۔

جوشینا: طب یونانی میں جوشاندہ کا جو نسخہ نزلہ وزکام کے لیے مشہور ہے، جوشینا اسی کا خلاصہ (ایکسٹریکٹ) ہے۔ اس کے استعمال سے نزلہ وزکام، کھانسی، گلے کی خراش اور نزلہ سے پیدا ہونے والا بخار دور ہو جاتا ہے۔

طریقہ استعمال: ۱۰ ملی لیٹر جوشینا ۱۰۰ ملی لیٹر گرم پانی میں گھول کر صبح نہار منہ اور رات کو سوتے وقت پئیں۔

پیک سائز: ۱۰۰ ملی لیٹر ۲۰۰ ملی لیٹر اور ۵۰۰ ملی لیٹر

حب سرفہ: یہ گولیاں نزلہ کو روکتی ہیں۔ حلق کی خراش اور خشک ٹھسکہ دار کھانسی کو دور کرتی ہیں۔

مقدار خوراک: ۲-۲ گولیاں

طریقہ استعمال: وقت ضرورت منہ میں رکھ کر ان کا رس چوسیں۔

پیک سائز: ۵۰ گولیاں

حب شفا: دائمی نزلہ وزکام، کھانسی اور دمہ میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ایک-ایک گولی

طریقہ استعمال: صبح وشام پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۱۰۰ گولیاں

حب نزلہ: نزلہ وزکام میں مفید ہیں، نزلہ بہتا ہو، چھینکیں آتی ہوں، درد سر ہو، یہ سب شکایتیں ان کے استعمال سے دور ہو جاتی ہیں۔ ضعف دماغ اور ضعف اعصاب میں بھی ان کے استعمال سے فائدہ ہوتا ہے۔

مقدار خوراک: ۲-۲ گولیاں

طریقہ استعمال: صبح وشام پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۳۰ گولیاں

خمیرہ خشخاش: نزلہ وزکام کو روکتا ہے، نزلہ کی کھانسی کو دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: صبح یا رات کو سوتے وقت کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام

خمیرہ نزلی جواہر والا: دائمی نزلہ وزکام میں خاص طور پر مفید ہے، دماغ واعصاب کو طاقت دیتا اور عام جسمانی کمزوری کو دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: صبح یا رات کو کھائیں۔

پیک سائز: ۶۰ گرام

شربت بنفشہ: نزلہ وزکام اور کھانسی بخاروں میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۲۵ ملی لٹر

طریقہ استعمال: یہ شربت کسی مناسب دوا کے جوشاندے یا کسی مناسب عرق یا نیم گرم پانی میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۲۰۰ ملی لیٹر اور ۵۰۰ ملی لیٹر

شربت صدر: نزلہ وزکام اور کھانسی میں مفید ہے، سل ودق اور دمہ میں بھی فائدہ بخشتا ہے۔

مقدار خوراک: ۲۵ ملی لٹر

طریقہ استعمال: عرق گاؤزباں ۱۲۵ ملی لٹر یا پانی میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۲۰۰ ملی لیٹر اور ۵۰۰ ملی لیٹر

شربت فریادرس: نزلہ وزکام اور کھانسی میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۲۵ ملی لٹر

طریقہ استعمال: عرق گاؤزباں ۱۲۵ ملی لٹر یا پانی میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

کشتہ بسد: دائمی نزلہ اور کھانسی دمہ میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۶۰ ملی گرام یا دو قرص

پیک سائز: کشتہ ۱۵ گرام، گولیاں ۶۰ عدد

طریقہ استعمال: یہ کشتہ خمیرہ گاؤ زباں ۱۰ گرام میں رکھ کر کھائیں۔

کشتہ مرجان سادہ: نزلہ وزکام اور کھانسی میں مفید ہے۔ دماغ اور دل کو طاقت دیتا ہے۔

مقدار خوراک: ۶۰ ملی گرام یا ۲ قرص

طریقہ استعمال: یہ کشتہ خمیرہ گاؤ زباں ۱۰ گرام میں رکھ کر کھائیں۔

پیک سائز: ۵ گرام، گولیاں ۳۰ عدد

کشتہ مرجان جواہر والا: نزلہ وزکام، کھانسی اور دردسر میں مفید ہے، ضعف دماغ اور ضعف قلب کو دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۶۰ ملی گرام یا ۲ قرص

طریقہ استعمال: یہ کشتہ صبح سویرے نہار منہ خمیرہ گاؤزباں عنبری ۱۰ گرام میں رکھ کر کھائیں۔

پیک سائز: کشتہ ۳ گرام، گولیاں ۲۰ عدد

لعوق سپستاں: نزلہ وزکام اور کھانسی میں مفید ہے۔ کھانسی کی شدت کو کم کرتا ہے اور بلغم کو نکالتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام سے ۲۰ گرام تک

طریقہ استعمال: صبح سویرے نہار منہ اور رات کو سوتے وقت عرق گاؤزباں ۱۲۵ ملی لٹر میں جوش دے کر پئیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

لعوق سپستاں خیار شنبری: نزلہ وزکام سے پیدا ہونے والی شدید کھانسی میں مفید ہے۔ بلغم کو خارج کرتا اور قبض کو رفع کرتا ہے، حلق اور حنجرے کے ورم کو دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: صبح وشام نیم گرم پانی میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام، ایک کلو

لعوق معتدل: نزلہ وزکام اور کھانسی میں فائدہ دیتا ہے۔ گرم نزلہ میں رقیق رطوبت کو غلیظ کر کے خارج کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: دن میں تین بار صبح، دوپہر اور شام کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

لعوق نزلی: نزلہ وزکام اور ان سے پیدا ہونے والی کھانسی کو دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ لعوق دن میں تین بار صبح، دوپہر اور شام کو کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام

نزلی: نزلہ وزکام کی خاص دوا ہے۔ اس مرض میں خاص قسم کا زہریلا مادہ ناک اور حلق کی جھلی میں ورم پیدا کرتا ہے، پھر چھینکیں آنے لگتی ہیں اور ان جھلیوں سے رقیق رطوبت بہنے لگتی ہے۔ اگر اس وقت اس کا مناسب علاج نہ کیا جائے تو اس سے طرح طرح کے خطرناک امراض پیدا ہو جاتے ہیں۔ اس حالت میں نزلی کے استعمال سے جھلیوں کی ورمی کیفیت دور ہو جاتی ہے اور اس سے پیدا ہونے والے عوارض زائل ہو جاتے ہیں۔

طریقہ استعمال: دوا کے ساتھ ہے۔

پیک سائز: ۶۰ گرام

حلق کی بیماریاں

درد و ورم حلق

شربت توت سیاہ: حلق کے ورم اور درد کو دُور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۲۵ ملی لٹر

طریقہ استعمال: صبح وشام نیم گرم پانی میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

ضماد راحت: حلق کے ورم کو تحلیل کرتا ہے۔

طریقہ استعمال: گلے پر لگائیں اور اس پر پان گرم کر کے رکھیں اور اوپر سے روئی نیم گرم کر کے باندھ دیں۔

پیک سائز: ۵۰ گرام

لعوق سپستاں خیار شنبری بھی ورم حلق میں فائدہ دیتا ہے "نزلہ وزکام" میں درج ہے۔

حلق کی پھنسیاں

شربت توت سیاہ اور لعوق سپستاں خیار شنبری یہ سب دوائیں حلق کی پھنسیوں میں بھی فائدہ دیتی ہیں۔

ورم لوزتین (ٹانسلائیٹس)

لعوق سپستاں خیار شنبری، خمادراحت، صدوری اور سعالین یہ سب دوائیں "ورم لوزتین" میں بھی مفید ہیں۔

خناق وبائی

جو دوائیں اوپر "ورم لوزتین" کے لیے لکھی گئی ہیں وہ خناق وبائی میں بھی مفید ہیں۔

منہ اور زبان کی بیماریاں

قلاع - منہ آنا

قلاعی: منہ اور زبان کے دانوں اور چھالوں کے لیے استعمال کی جاتی ہے، نہایت مفید ثابت ہوئی ہے۔

طریقہ استعمال: منہ اور زبان پر روئی کی پھریری سے لگائی جاتی ہے۔

پیک سائز: ۲۵ ملی لیٹر

لکنت

دوائے لکنت: زبان کے کسی مقامی سبب سے جو لکنت (توتلا پن) پیدا ہوجاتی ہے، اس کے لیے یہ دوا خاص طور پر مفید ہے، بچوں کی نقل اتارنے سے یہ عادت راسخ ہوجاتی ہے، ان کو بھی فائدہ دیتی ہے، لیکن پیدائشی لکنت میں اس کے استعمال سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔

طریقہ استعمال: ایک گرام یہ دوا صبح کو اور ایک گرام رات کو سوتے وقت زبان پر ملیں۔

پیک سائز: ۲۵ گرام

منہ کی بدبو

جوارش جالینوس، معجون فلاسفہ، سنون خاص منہ کی بدبو دور کرنے کے لیے مفید ہے۔

دانتوں اور مسوڑھوں کی بیماریاں

پائریا

اکسیر پائریا: اکسیر پائریا دو چیزوں پر مشتمل ہے، (۱) منجن (۲) کلی کی دوا۔ منجن ایسے اجزاء سے بنایا گیا ہے جو پائریا کے زہریلے مادے کی اصلاح کرتے ہیں اور مسوڑھوں کو پیپ سے پاک صاف کرنے اور مزید پیپ پڑنے سے محفوظ رکھتے ہیں، اس کے علاوہ ان کو محفوظ کرتے اور ہلتے دانتوں کو جماتے ہیں۔ کلی کی دوا سے منہ پیپ اور گندگی سے صاف ہوجاتا ہے اور اس کے بعد منجن اپنے اثرات اچھی طرح دکھاتا ہے اور یہ خطرناک مرض بالکل دور ہوجاتا ہے۔

طریقہ استعمال: دوا کے ساتھ ہے۔

دانتوں کا درد

سنون خاص: دانتوں کے درد کو دور کرتا ہے، مسوڑھوں کی سوجن کو تحلیل کرتا ہے، مسوڑھوں سے خراب رطوبت نکالتا ہے، منہ کی بدبو کو دور کرتا ہے۔

طریقہ استعمال: صبح شام دانتوں پر ملیں اور پندرہ - بیس منٹ کے بعد کلی کریں۔

پیک سائز: ۵۰ گرام

دانتوں کا ہلنا

سنون پوست مغیلاں: ہلتے ہوئے دانتوں کو جماتا ہے، بشرطیکہ دانت اپنی جگہ نہ چھوڑ چکے ہوں۔ مسوڑھوں کو مضبوط بناتا ہے۔

طریقہ استعمال: یہ منجن انگلی سے دانتوں پر ملیں اور پندرہ - بیس منٹ کے بعد کلی کریں۔

پیک سائز: ۵۰ گرام

سنون مقوی دنداں: ہلتے ہوئے دانتوں کو مضبوط بناتا

ہے، مسوڑھوں کو سخت کرتا ہے، ان سے خون بہنے کو روکتا ہے، اگر مسوڑھے گل گئے ہوں تو ان کو درست کرتا ہے۔

طریقہ استعمال: رات کو سوتے وقت دانتوں پر مل کر سو رہیں یا صبح کو دانتوں پر ملیں اور آدھ گھنٹے بعد کلی کریں۔

پیک سائز: ۴۰ گرام

اکسیر پائریا بھی دانتوں کے ہلنے میں مفید ہے۔

دانتوں کا میل

ہمدرد منجن: دانتوں کو میل کچیل سے صاف کرتا اور ان کو موتیوں جیسا چمکدار بناتا ہے۔ لگاتار استعمال کرتے رہنے سے دانتوں کو مختلف بیماریوں سے بچاتا اور صحیح حالت میں رکھتا ہے۔

طریقہ استعمال: روزانہ صبح و شام دانتوں پر ملیں۔

پیک سائز: ۵۰ گرام

ہمدرد لال منجن: دانتوں کو موتی جیسا چمکاتا ہے، اس کا ایسی ٹریٹمنٹ ایکشن مسوڑھوں کو صحت مند رکھتا ہے اور ان سے خون بہنے کو بند کرتا ہے، اس کے مسلسل استعمال سے دانت صحت مند اور مضبوط رہتے ہیں اور منہ کی بدبو دور ہو جاتی ہے۔

طریقہ استعمال: روزانہ صبح و شام دانتوں پر ملیں۔

پیک سائز: ۵۰ گرام اور ۱۰۰ گرام

سینے کی بیماریاں

ورم حنجرہ، قروح حنجرہ

(نرخرے کی سوجن اور زخم)

شربت توت سیاہ: حلق کے ورم اور زخم میں مفید ہے۔

طریقہ استعمال: یہ شربت چائے یا نیم گرم پانی میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

لعوق سپستاں خیار شنبری بھی ورم حنجرہ میں مفید ہے حنجرے کے زخموں میں سعالین بھی مفید ہے، یہ ''کھانسی'' کے زیر عنوان درج ہے۔

آواز بیٹھ جانا

شربت توت سیاہ، لعوق آب تربوز والا اور سعالین آواز بیٹھ جانے کے لیے مفید ہیں۔ ان کا ذکر گزشتہ صفحات میں آچکا ہے، سعالین آئندہ صفحہ پر درج ہے۔

نمونیا-پسلی کا درد

کشتہ قرن الایّل: نمونیا، پسلی کے درد (ذات الجنب) اور سینے کے درد میں مفید ہے۔ بلغمی کھانسی میں فائدہ دیتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۲۵ ملی گرام یا ۲ قرص

طریقہ استعمال: یہ کشتہ صبح کے وقت لعوق سپستاں خیار شنبری ۱۰ گرام میں ملا کر کھائیں اور اسی مقدار میں شام کو استعمال کریں۔

پیک سائز: کشتہ ۱۵ گرام، گولیاں ۶۰ عدد

خون تھوکنا-نفث الدّم

شربت انجبار: ہر عضو کے جریان خون کو روکنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۲۵ ملی لٹر

طریقہ استعمال: یہ شربت پانی میں ملا کر پئیں یا دوسری دواؤں کے ساتھ بطور دوائے معاون استعمال کریں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

قرص بندش خون: نفث الدم (خون تھوکنا) نکسیر، پیشاب میں خون، خون بواسیر، خون حیض، غرضیکہ کسی بھی عضو سے خون نکلتا ہو، ان قرصوں کے استعمال سے بند ہو جاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۲ قرص

طریقہ استعمال: صبح و شام دونوں وقت دودھ سے کھائیں۔

پیک سائز: ۲۰۰ ٹکیاں

قرص حابس: بار بار نکسیر پھوٹتی ہو، کھانسی کے ذریعے خون نکلتا ہو، پیشاب پاخانہ کے ساتھ خون خارج ہو، کثرت حیض کی شکایت ہو، ان سب حالات میں ان قرصوں کے استعمال سے خون رک جاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۲ قرص

طریقہ استعمال: صبح دوپہر اور شام دن میں تین بار دودھ سے کھائیں۔

پیک سائز: ۴۰ ٹکیاں

کھانسی

اکسیر سعال: سینے پر جمے ہوئے بلغم کو نکالتی اور کھانسی میں

آرام دیتی ہے۔

طریقہ استعمال: ایک ٹکیہ کو توڑ کر چورا کرکے ۱۰ گرام شہد میں ملا کر چاٹیں۔

پیک سائز: ۸۰ ٹکیاں

سعالین: ہر قسم کی کھانسی میں مفید ہے۔ پھیپھڑوں سے بلغم کو نکالتی ہے۔ گلے کی خراش کو دور کرتی اور بیٹھی ہوئی آواز کو کھولتی ہے۔

طریقہ استعمال: ۲ سے ۳ ٹکیاں منہ میں ڈال کر چوسیں یا ۴ ٹکیاں گرم پانی میں گھول کر پئیں۔

پیک سائز: ۵۰ ٹکیاں اور ۴۰۰ گولیوں کا جار (۴ گولی × ۱۰۰ پاؤچ)

صدوری: کھانسی کے لیے ایک زوداثر شربت ہے۔ کھانسی اور پھیپھڑوں میں بلغم جمع ہوجانے کی تکلیف، پرانی اور شدید برانکائٹس، زکام، بچوں کی کالی کھانسی اور دمہ وغیرہ میں مفید ہیں۔

طریقہ استعمال: بالغ ۱۰ ملی لیٹر دن میں دو بار، بچوں کو ۵ ملی لیٹر دن میں دو بار۔

پیک سائز: ۱۰۰ ملی لیٹر

کشتہ ابرک سفید: کھانسی اور دمہ کو دور کرتا ہے۔ عام جسمانی کمزوری کو دور کرتا اور قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۶۰ ملی گرام سے ۱۲۵ ملی گرام یا ایک سے ۲ قرص تک۔

طریقہ استعمال: یہ کشتہ شہد ۱۰ گرام میں ملا کر کھائیں۔

پیک سائز: کشتہ ۱۵ گرام، قرص ۶۰ عدد

کشتہ ابرک سیاہ: یہ کشتہ ابرک سفید جیسے فوائد رکھتا ہے لیکن اس سے زیادہ قوی الاثر ہے۔

مقدار خوراک: ۳۰ ملی گرام سے ۶۰ ملی گرام تک یا ایک سے دو قرص تک۔

طریقہ استعمال: یہ کشتہ شہد ۱۰ گرام میں ملا کر کھائیں۔

پیک سائز: کشتہ ۱۵ گرام، قرص ۶۰ عدد

کشتہ ابرک کلاں: یہ کشتہ کھانسی اور دمہ میں مفید ہے۔ عام جسمانی کمزوری اور ضعف باہ کو دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۶۰ ملی گرام یا دو قرص

طریقہ استعمال: یہ کشتہ شہد خالص ۱۰ گرام میں ملا کر کھائیں۔ عام جسمانی کمزوری اور ضعف باہ کے لیے ملائی ۲۵ گرام میں ملا کر کھائیں۔

پیک سائز: کشتہ ۱۰ گرام، قرص ۶۰ عدد

لعوق آب تربوز والا: یہ لعوق خشک کھانسی اور سل میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ لعوق دن میں دو بار صبح و شام کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام

ضیق النفس-دمہ

حب ضیق النفس: یہ گولیاں دمہ کو روک دیتی ہیں۔

طریقہ استعمال: ایک گولی چورا کرکے شہد میں ملا کر کھائیں۔

پیک سائز: ۶۰ گولیاں

شربت ربوی: اس شربت کے استعمال سے دمہ کا دورہ بہت جلد رک جاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۵ ملی لیٹر

طریقہ استعمال: یہ شربت تین-تین گھنٹے کے بعد پئیں۔

پیک سائز: ۱۰۰ ملی لیٹر اور ۵۰۰ ملی لیٹر

شربت زوفا مرکب: ضیق النفس (دمہ) اور کھانسی میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۲۵ سے ۵۰ ملی لٹر تک طریقہ

طریقہ استعمال: یہ شربت نیم گرم پانی میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

لعوق ربوی: دمہ کے دورہ اور کھانسی کی شدت کو کم کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام

طریقہ استعمال: تھوڑے گرم پانی میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۶۰ گرام

لعوق ضیق النفس: دمہ میں مفید ہے، بلغم نکالتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ لعوق دن میں تین بار کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام

لعوق کتاں: دمہ میں فائدہ دیتا ہے، بلغم کو خارج کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ لعوق دن میں تین بار کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام

معجون راح المومنین: ضیق النفس (دمہ) اور خفقان کے لیے مفید ہے۔ ضعف باہ کو دور کرتی ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام

طریقہ استعمال: دن میں دو بار صبح و شام کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام

دل کی بیماریاں

ضعف قلب - اختلاج قلب

(دل کی کمزوری، دل کی دھڑکن)

جوارش آملہ سادہ: یہ جوارش ضعف قلب اور اختلاج قلب میں مفید ہے۔ دل، دماغ اور معدے کو طاقت دیتی ہے اور دل و جگر کی بڑھی ہوئی گرمی کو دور کرتی ہے۔ تبخیر کو روکتی اور دستوں کو بند کرتی ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ معجون صبح سویرے نہار منہ کھائیں۔[

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

جوارش آملہ عنبری بہ نسخہ کلاں: یہ جوارش دل کی دھڑکن کو بہت جلد دور کرتی ہے۔ دوسرے فائدے جوارش آملہ جیسے ہی رکھتی ہے لیکن یہ اس کے مقابلے میں زیادہ مفید ہے اور بہت جلد اپنا اثر دکھاتی ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک

طریقہ استعمال: صبح سویرے نہار منہ کھائیں

پیک سائز: ۶۰ گرام

جوارش شاہی: دل و دماغ کو طاقت دیتی ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک

طریقہ استعمال: یہ جوارش صبح سویرے نہار منہ کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام، ۲۵۰ گرام اور ایک کلو

جواہر مہرہ و قرص جواہر مہرہ: یہ دل کو طاقت دینے اور حرارت غریزی کو بڑھانے کے لیے طب یونانی کی چوٹی کی دواؤں میں سے ہے۔ عالم نزع میں جب کہ مریض کی حرارت غریزی گھٹ جائے، اسکا استعمال حیرت انگیز اثر دکھاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۶۰ ملی گرام یا ایک قرص

طریقہ استعمال: یہ جواہر مہرہ دواء المسک معتدل جواہر والی یا شہد خالص ۵ گرام میں ملا کر کھائیں۔

پیک سائز: جواہر مہرہ ۱۰ گرام، قرص ۲۰ عدد۔

حب جواہر: یہ گولیاں دل و دماغ اور جگر کو طاقت دیتی ہیں، حرارت غریزی کی حفاظت کرتی ہیں، بیماری سے اچھا ہونے کے بعد کی عام جسمانی کمزوری کو بہت جلد دور کر دیتی ہیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی

طریقہ استعمال: صبح نہار منہ یہ گولی دواء المسک ۵ گرام میں رکھ کر کھائیں اور اوپر سے دودھ ۲۵۰ ملی لٹر پئیں۔

پیک سائز: ۱۰ گولیاں

خمیرہ ابریشم سادہ: دل و دماغ کو طاقت دیتا ہے، دھڑکن اور گھبراہٹ کو دور کرتا ہے۔ آنکھوں کی بینائی کو بڑھاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ خمیرہ صبح سویرے نہار منہ کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا: یہ خمیرہ دل کی کمزوری کو دور کرنے کے لیے خاص طور پر مفید ہے۔ دل کی دھڑکن، گھبراہٹ اور خیالات کی پریشانی کو بہت جلد دور کر دیتا ہے۔ دماغ اور جگر کو بھی طاقت دیتا ہے اور بیماریوں کے بعد کی عام جسمانی کمزوری کو دور کرنے کی مخصوص مقوی دوا ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام

طریقہ استعمال: یہ خمیرہ کھا کر اوپر سے دودھ ۲۵۰ ملی لٹر پئیں۔

پیک سائز: ۱۵ گرام، ۳۰ گرام، ۶۰ گرام، ۲۵۰ گرام، ایک کلو

خمیرہ ابریشم شیرۂ عناب والا: دل کی کمزوری، دھڑکن اور گھبراہٹ کو دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام

طریقہ استعمال: یہ خمیرہ صبح سویرے نہار منہ کھائیں۔

پیک سائز: ۶۰ گرام

خمیرہ صندل سادہ: دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ کو دور کرتا ہے

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ خمیرہ صبح سویرے نہار منہ کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام

خمیرہ مروارید: یہ خمیرہ دل کو طاقت دینے اور فرحت پیدا کرنے کے لیے مخصوص ہے۔ دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ اس کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔ موتی جھرہ، خسرہ اور چیچک جیسی بیماریوں میں دل اور حرارت غریزی کی حفاظت کرتا ہے۔ ان بیماریوں کے بعد کمزوری اس کے استعمال سے بہت جلد دور ہو جاتی ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ خمیرہ صبح وشام دن میں دو بار کھائیں۔

پیک سائز: ۶۰ گرام، ایک کلو

خمیرہ مروارید خاص: اس خمیرے کے وہی فائدے ہیں جو خمیرہ مروارید کے لکھے گئے ہیں، لیکن یہ خمیرہ اس سے زیادہ قوی الاثر ہے اور اپنے اثرات جلد دکھاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۶ گرام

طریقہ استعمال: یہ خمیرہ دن میں دو بار صبح وشام یا بوقت ضرورت استعمال کریں۔

پیک سائز: ۱۵ گرام، ۳۰ گرام، ۶۰ گرام ایک کلو۔

خمیرہ مروارید بہ نسخہ کلاں: یہ خمیرہ بھی پہلے خمیرے سے زیادہ فائدے رکھتا اور فوری اثر دکھاتا ہے۔ دل کی کمزوری سے دل دھڑکتا ہو یا گھبراہٹ رہتی ہو، اس خمیرے کے استعمال سے بہت جلد دور ہو جاتی ہے، عام جسمانی کمزوری کو دور کرنے کے لیے نہایت مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام

طریقہ استعمال: یہ خمیرہ صبح وشام یا بوقت ضرورت کھائیں۔

پیک سائز: ۶۰ گرام

خمیرہ مرکب: دل ودماغ کی کمزوری اور عام جسمانی کمزوری کو دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: صبح کو دودھ کے ساتھ یا بغیر دودھ کے کھائیں۔

پیک سائز: ۶۰ گرام اور ایک کلو

دواء المسک معتدل جواہر والی: یہ عام مقوی جسم ہے، دل کی تقویت کے لیے مخصوص ہے، دل کو طاقت دے کر بدن میں دوران خون کو تیز کرتی ہے، دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ کو دور کرتی ہے، خون کی پیدائش کو بڑھاتی ہے۔

مقدار خوراک: ۶ گرام

طریقہ استعمال: یہ دوا المسک صبح کو یا صبح شام دونوں وقت کھائیں اور اوپر سے ۲۵۰ ملی لٹر دودھ پیئیں۔

پیک سائز: ۳۰ گرام، ۶۰ گرام اور ایک کلو

دواء المسک معتدل جواہر والی خاص: اوپر لکھی ہوئی دواء المسک جیسے صفات رکھتی ہے لیکن اس سے زیادہ قوی الاثر ہے اور اپنا اثر بہت جلد دکھاتی ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام

طریقہ استعمال: یہ دواء المسک صبح وشام دونوں وقت کھائیں اور اوپر سے ۲۵۰ ملی لٹر دودھ پیئیں۔

پیک سائز: ۳۰ گرام و ۶۰ گرام

دواء المسک معتدل: عام مقوی قلب وجسم ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ دواء المسک صبح کو یا صبح اور شام دونوں وقت کھائیں اور اوپر سے ۲۵۰ ملی لٹر دودھ پیئیں۔

پیک سائز: ۶۰ گرام، ۱۲۵ گرام، ایک کلو

شربت آملہ: آملہ کی دوائی خواص اور علاجی افادیت دیسی طبوں میں صدیوں سے مسلّم ہے۔ ہمدرد نے آملہ پر طویل مدت میں مسلسل سائنٹی فک ریسرچ کے بعد تازہ آملوں کا اعلیٰ معیار کا شربت تیار کیا ہے۔ یہ شربت دل، دماغ اور حافظہ کو طاقت دیتا ہے۔ معدہ، جگر کی بڑھی ہوئی گرمی اور صفراء کو اعتدال پر لاتا ہے۔ گھبراہٹ اور پیاس کو دور کرتا ہے اور گرمی کے دستوں کو روکنے میں مدد دیتا ہے۔

مقدار خوراک: ۳۰ ملی لٹر (دو بڑے چمچے)

طریقہ استعمال: صبح وشام دونوں وقت استعمال کریں۔ آٹھ سال کی عمر کے بچوں کو چوتھائی خوراک اور اس سے بڑے بچوں کو اس سے آدھی خوراک دی جائے۔ گھبراہٹ اور پیاس وغیرہ جیسی شکایت میں اس شربت کی ایک خوراک بروقت دی جائے۔

پیک سائز: ۱۰۰ ملی لیٹر، ۲۰۰ ملی لیٹر اور ۵۰۰ ملی لیٹر

شربت انار شیریں: دل اور جگر کو طاقت دیتا ہے، فرحت بخشتا ہے اور پیاس کو بجھاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۲۵ سے ۵۰ ملی لٹر تک۔

طریقہ استعمال: یہ شربت پانی میں ملا کر پیئیں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر
شربت انگور شیریں: دل کو قوت وفرحت بخشتا ہے، کسی قدر ملین تاثیر رکھتا ہے۔
مقدار خوراک: ۲۵ سے ۵۰ ملی لٹر تک
طریقہ استعمال: یہ شربت کسی عرق یا پانی میں ملا کر پئیں۔
پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر
شربت صندل: گھبراہٹ کو دور کرتا ہے، جگر اور معدے کی گرمی کو تسکین دیتا ہے، گرمی کے دردسر کو دور کرتا ہے۔
مقدار خوراک: ۵۰ ملی لٹر
طریقہ استعمال: یہ شربت ٹھنڈے پانی میں ملا کر پئیں۔
پیک سائز: ۲۰۰ ملی لیٹر، ۵۰۰ ملی لیٹر
شربت کیوڑہ: دل کو قوت وفرحت بخشتا ہے۔
دل کی گھبراہٹ اور دھڑکن کو دور کرتا ہے، پیاس کو بجھاتا ہے۔
مقدار خوراک: ۵۰ ملی لٹر
طریقہ استعمال: یہ شربت ٹھنڈے پانی میں ملا کر پئیں۔
پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر
شربت گلاب: دل کو قوت وفرحت بخشنے اور دھڑکن وگھبراہٹ کو دور کرنے کے لیے نہایت مفید ہے۔
مقدار خوراک: ۵۰ ملی لٹر
طریقہ استعمال: یہ شربت ٹھنڈے پانی میں ملا کر پئیں۔
پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر
عرق الائچی: مقوی قلب اور مفرح ہے، معدے کو طاقت دیتا ہے، تخمہ اور ہیضہ میں استعمال کیا جاتا ہے، متلی اور قے کو روکتا ہے۔
مقدار خوراک: ۷۵ ملی لٹر
طریقہ استعمال: یہ عرق دونوں وقت صبح وشام شربت نارنج یا شربت لیموں ۲۵ ملی لٹر میں ملا کر پئیں یا بغیر شربت کے پئیں۔
پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر
عرق عنبر: دل کو طاقت دیتا اور فرحت بخشتا ہے، اس کے علاوہ جگر اور معدے کو بھی طاقت دیتا ہے، غشی کو دور کرتا ہے۔
عام جسمانی کمزوری کو رفع کرتا ہے۔
مقدار خوراک: ۶۰ ملی لٹر
طریقہ استعمال: یہ عرق شربت انار ۱۵ ملی لٹر میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر
عرق گاؤ زباں: دل کو قوت وفرحت بخشتا ہے، دماغی بیماریوں میں مفید ہے، پیاس کو بجھاتا ہے۔
مقدار خوراک: ۱۲۵ ملی لٹر
طریقہ استعمال: یہ عرق شربت کیوڑہ ۲۵ ملی لٹر میں ملا کر پئیں۔
پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر
عرق گلاب: مفرح ومقوی قلب ہے۔ اختلاج قلب میں مفید ہے، غشی اور دردسر کو فائدہ دیتا ہے، پیاس کو بجھاتا ہے۔
پیک سائز: ۱۰۰ ملی لیٹر
قرص فضہ: ضعف قلب اور اختلاج قلب (دھڑکن) کو دور کرتے ہیں، ضعف دماغ میں بھی مفید ہیں۔
مقدار خوراک: ایک ٹکیہ
طریقہ استعمال: خمیرہ گاؤ زباں عنبری جواہر والا ۵ گرام سے ۱۰ گرام میں رکھ کر وقت ضرورت کھائیں۔
پیک سائز: ۲۰ ٹکیاں
کشتہ عقیق: دل کو طاقت دیتا ہے، اختلاج قلب (دل کی دھڑکن) اور وحشت (گھبراہٹ) کو دور کرتا ہے۔
مقدار خوراک: ۶۰ ملی گرام یا ۲ ٹکیاں
طریقہ استعمال: یہ کشتہ صبح سویرے نہار منہ خمیرہ مروارید ۵ گرام میں رکھ کر کھائیں۔
پیک سائز: ۱۰ گرام
کشتہ نقرہ: دل، دماغ اور جگر کو طاقت دیتا ہے۔ دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ کو دور کرتا ہے۔ قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔
مقدار خوراک: ۶۰ ملی گرام یا ۲ ٹکیاں
طریقہ استعمال: یہ کشتہ خمیرہ گاؤ زباں عنبری جواہر والا ۵-۱۰ گرام میں رکھ کر کھائیں قوت باہ کے لیے لبوب کبیر ۵-۱۰ گرام میں رکھ کر کھائیں اور اوپر سے دودھ پئیں۔
پیک سائز: کشتہ ۱ گرام، قرص ۲۰ عدد
کشتہ یاقوت: دل ودماغ کو طاقت دیتا اور فرحت بخشتا ہے۔
مقدار خوراک: ۶۰ ملی گرام یا ایک ٹکیہ
طریقہ استعمال: یہ کشتہ خمیرہ مروارید ۵ گرام میں رکھ کر کھائیں۔
پیک سائز: ۱۰ گرام

مفرح بارد: دل اور جگر کو طاقت دیتی ہے۔

مقدار خوراک: ۶ سے ۱۰ گرام صبح یا شام لیں۔

پیک سائز: ۶۰ گرام ایک کلو

مفرح شیخ الرئیس: یہ مفرح عام جسمانی کمزوری اور ضعف قلب کو دور کرنے کی عجیب تاثیر رکھتی ہے، دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ کو دور کرتی ہے، سل ودق اور سوداوی بخاروں میں فائدہ دیتی ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام

طریقہ استعمال: یہ مفرح تنہا یا کسی عرق یا پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۶۰ گرام

مفرح یا قوتی معتدل: یہ اعلیٰ درجہ کی مفرح ہے، عام جسمانی کمزوری کو دور کرتی اور دل کو خاص طور پر قوت بخشتی ہے۔ دلکی دھڑکن اور گھبراہٹ کو دور کرتی ہے، دماغ اور جگر کو طاقت دیتی ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام

طریقہ استعمال: یہ مفرح صبح کو تنہا کھائیں یا اس کو کھا کر اوپر سے ۲۵۰ ملی لٹر دودھ پئیں۔

پیک سائز: ۳۰ گرام

غشی

غشی میں دواء المسک معتدل جواہر والی، دواء المسک معتدل عرق عنبر کا استعمال مفید ہے، ان کا بیان گزشتہ صفحات میں ہو چکا ہے۔ دواء المسک کو عرق عنبر میں گھول کر چمچہ سے مریض کے منہ میں ڈالیں۔

خون کا دباؤ - ہائی بلڈ پریشر

اسروفین: اسروفین خون کا دباؤ بڑھ جانے (ہائی بلڈ پریشر) کی تکلیف کے لیے ایک بہترین دوا ثابت ہو چکی ہے، اس کے علاوہ یہ عصبی تناؤ (نروس ٹینشن) دماغی ہیجان، جنون (پاگل پن) اختناق الرحم (ہسٹیریا)، مرگی اور نیند نہ آنے کی شکایت کو بھی دور کر دیتی ہے۔

طریقہ استعمال: دو سے تین گولی روزانہ۔

پیک سائز: ۵۰ ٹکیاں

تریاق فشار: آج کل خون کا دباؤ بڑھ جانے (ہائی بلڈ پریشر) کا ایک خاص سبب یہ ہے کہ بدن کے بعض غدد (کلاہ، گردہ اور غدہ نخامیہ) کے افعال میں تیزی آجانے سے ان کی خاص رطوبت زیادہ مقدار میں رسنے لگتی ہے جو خون میں شامل ہو کر اس کے دباؤ کو بڑھادیتی ہے، اس کے استعمال سے ان غدو کا فعل حالت اعتدال پر آجاتا ہے اور خون کا دباؤ بڑھانے والی رطوبت کی پیدائش کم ہو جاتی ہے، نیز خون کی رگوں میں لچک پیدا ہو جاتی ہے۔ غرضیکہ تریاق فشار اس مرض کی خاص دوا ہے۔

طریقہ استعمال: ۵ گرام صبح کو بکری یا گائے کے دودھ، پانی کے ساتھ۔

پیک سائز: ۶۰ گرام

خون میں کولسٹرول (چکنائی) کا بڑھ جانا

لیپو ٹیب: لیپوٹیب صدیوں سے مجرب جڑی بوٹیوں مثلاً لہسن، باورنجبو یہ اور ہلدی کا ایک صنعتی فارمولا ہے۔

لیپوٹیپ یہ بڑھے ہوئے کولسٹرول کو کم کرنے میں مددگار ثابت ہوئی ہے اسے یونانی نظام طب کے اصول کے مطابق بنایا گیا ہے۔ یہ نہ صرف کولسٹرول کی سطح کو کم کرتی ہے بلکہ متعلقہ علامتوں کو زائل کرنے میں مددگار ہے۔

مقدار خورک: ۲ گولی رات کے کھانے کے آدھے گھنٹے بعد استعمال کریں۔ لیپو ٹیب بہتر طور پر قابل ہضم ہے اور اسے روزانہ لیا جاسکتا ہے۔

پیک سائز: ۶۰ ٹکیاں

خون کے دباؤ کا کم ہوجانا: لو بلڈ پریشر جب خون کا دباؤ کم ہوجاتا ہے تو عام جسمانی کمزوری بڑھ جاتی ہے، کام کرنے کو دل نہیں چاہتا، اگر کام کیا جاتا ہے تو جلدی تھکن پیدا ہوجاتی ہے۔ اکثر سستی اور غنودگی چھائی رہتی ہے۔ ایسی حالت میں کشتہ فولاد، کشتہ طلا، دواء المسک معتدل جواہر والی، معجون اذاراقی، حب عنبر مومیائی اور ماءاللحم دو آتشہ کا استعمال مفید ہے۔

خون کے سفید دانے (اسنوفیلیا)

حب سین: بعض اوقات خون کی کیمیاوی ترکیب میں خلل پڑ جاتا ہے، خون کے سفید دانوں (اسنوفیل) کی تعداد حالت

اعتدال سے بڑھ جاتی ہے اور اس صورت میں سانس تنگی سے آنے لگتا ہے اور کھانسی ستانے لگتی ہے۔ ان حالات میں ان گولیوں کے استعمال سے فائدہ ہوتا ہے۔

مقدار خوراک: ایک گولی

طریقہ استعمال: صبح کو ہلکا ناشتہ کرنے کے بعد کھائیں۔

پیک سائز: ۲۰ گولیاں

معدے کی بیماریاں

ضعف معدہ

پچول: بدہضمی، کھٹی ڈکاریں، پیٹ میں اپھارا، سینے میں جلن، متلی، بھوک کی کمی، پیٹ کا درد اور کھانا کھانے کے بعد طبیعت کی سستی آپ سے پچول کے استعمال کا تقاضا کرتی ہے۔ پچول پیٹ کی تمام شکایتوں کو تیزی سے دور کرتی ہے اور اس کا اثر دیر تک قائم رہتا ہے۔

طریقہ استعمال: ۲ گولی کھانے کے بعد یا جب ضرورت ہو منہ میں ڈال کر چوسیں۔

پیک سائز: ۱۰۰ ٹکیاں اور ۶۰۰ ٹکیاں

جوارش انارین: گرم مزاجوں کے معدے اور جگر کو طاقت دیتی ہے۔ بھوک لگاتی ہے، صفراء کی زیادتی کو کم کرتی اور متلی، قے کو روکتی ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ جوارش صبح کو یا ضرورت کے وقت کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

جوارش پودینہ ولایتی: معدے اور جگر کو طاقت دیتی ہے، متلی، قے اور ہچکی کو روکتی ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: صبح اور شام دن میں دو بار کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

جوارش جالینوس: معدہ، جگر، آنتوں اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے، غذا کو ہضم کرتی اور بھوک بڑھاتی ہے، ریاح کو تحلیل کرتی اور بھوک خوب لگاتی ہے، منہ کی بدبو کو دور کرتی ہے، پیشاب کی زیادتی کو روکتی ہے، بلغمی کھانسی اور بواسیر میں مفید ہے۔

گردہ مثانہ میں بار بار پتھری کے پیدا ہونے کی صورت میں اس کے استعمال سے پتھری کی پیدائش رک جاتی ہے۔ اگر بال وقت سے پہلے سفید ہوجائیں تو اس کے لگاتار استعمال سے وہ صحیح حالت میں آجاتے ہیں۔

مقدار خوراک: ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک

طریقہ استعمال: کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت پانی کے ساتھ کھائیں۔

پیک سائز: ۶۰ گرام، ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

جوارش زرعونی: معدہ، جگر، آنتوں اور مثانہ کو قوت دیتی ہے۔ تخمہ اور بدہضمی میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک

طریقہ استعمال: یہ جوارش صبح یا رات کو کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

جوارش زرعونی عنبری: دماغ، معدہ، آنتوں اور گردہ ومثانہ کو طاقت دیتی ہے، درد کمر کو دور کرتی اور پشت کو مضبوط کرتی ہے۔ مادہ تولید پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ پیشاب کی زیادتی، بلغمی کھانسی اور نقرس میں فائدہ پہنچاتی ہے۔ ریاح کو خارج کرتی اور بالوں کی سیاہی کو قائم رکھتی ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام

طریقہ استعمال: معدہ، جگر اور گردہ ومثانہ کی تقویت کے لیے یہ جوارش قرص فولاد ایک عدد کے ساتھ کھائیں اور گردہ ومثانہ کی تقویت اور بلغمی کھانسی کے لیے یہ جوارش قرص کشتہ زمرد ایک عدد کے ساتھ استعمال کریں۔

پیک سائز: ۶۰ گرام

جوارش زنجبیل: معدے کو طاقت دیتی ہے، غذا کو ہضم کرتی اور بھوک خوب لگاتی ہے۔ ریاح کو خارج کرتی ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ جوارش دونوں وقت کھانا کھانے کے بعد کھائیں۔

پیک سائز: ۶۰ گرام اور ایک کلو

جوارش عود ترش: معدے کو قوت دیتی ہے، بھوک لگاتی ہے۔ غذا کو ہضم کرتی ہے اور صفراء کی زیادتی میں خاص کر مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام

طریقہ استعمال: دونوں وقت کھانا کھانے کے بعد کھائیں۔

پیک سائز: ۶۰ گرام

جوارش عود شیریں: معدے کو تقویت بخشتی ہے، غذا کو ہضم کرتی اور بھوک لگاتی ہے۔

مقدار خوراک: ۶ سے ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ جوارش کھانا کھانے کے بعد کھائیں۔

پیک سائز: ۶۰ گرام

جوارش قرطم: معدے کو تقویت بخشتی ہے، قبض کو دور کرتی ہے۔ پیشاب لاتی اور حیض جاری کرنے میں مدد دیتی ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ جوارش صبح سویرے نہار منہ کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام

جوارش مصطگی: معدہ، جگر اور آنتوں کو طاقت دیتی ہے، معدہ اور آنتوں کی کمزوری سے دست آرہے ہوں تو ان کو روکتی ہے، منہ سے رال بہنے کو بند کرتی ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک۔

طریقہ استعمال: یہ جوارش صبح اور شام کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

جوارش مصطگی بہ نسخہ کلاں: معدہ، آنتوں اور جگر کو قوت دیتی ہے، معدہ اور آنتوں کی کمزوری سے آنے والے دستوں اور منہ سے بہنے والی رال کو روکنے کے لیے نہایت مفید ہے، تبخیر کو روکتی اور پیشاب کی زیادتی کو دور کرتی ہے۔ جوارش مصطگی سادہ سے زیادہ قوی الاثر ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام

طریقہ استعمال: یہ جوارش صبح و شام کھائیں۔

پیک سائز: ۶۰ گرام

حبوب مقوی معدہ: یہ گولیاں معدہ، جگر اور آنتوں کو طاقت دینے کے لیے نہایت مفید ہیں، غذا کو ہضم کرتی، بھوک لگاتی اور ریاح کو خارج کرتی ہین اور آنتوں سے فضلات کو نکالتی ہیں۔

مقدار خوراک: ۲ گولی

پیک سائز: ۱۰۰ گولیاں اور ۴۰۰ گولیاں

طریقہ استعمال: کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت کھائیں۔

زنبیلا: معدہ کو ٹھیک رکھتی ہے اور قوت ہضم کو بڑھاتی ہے۔ ورزش یا جسمانی محنت کے کام نہ کرنے سے اور زیادہ عمر میں معدہ اور آنتوں کا فعل سست ہو جاتا ہے، اس کے نتیجہ میں بھوک کم لگتی ہے۔ کھانا وقت پر ہضم نہیں ہوتا اور دوسری کئی تکلیفیں پیدا ہو جاتی ہیں۔ دفتروں میں کام کرنے والے لوگ عام طور پر خرابی ہضم اور معدہ کی دوسری تکلیفوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں، زنبیلا ایسے لوگوں کے لیے خصوصیت سے مفید ہے۔ زنبیلا خواتین کے لیے حمل کے دنوں کی متلی اور قے کی شکایت کو بھی دور کرتی ہے۔

مقدار خوراک: بالغ ۵-۱۰ گرام، بچے ۵ سے ۱۲ سال، ۳-۵ گرام کھانے کے بعد پانی کے ساتھ۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام

شربت زنجبیل: معدے کو قوت دیتا اور غذا کو ہضم کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۲۵ ملی لٹر

طریقہ استعمال: یہ شربت کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت پئیں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

عرق اجوائن: معدے کو طاقت دیتا ہے، بھوک لگاتا اور ریاح کو خارج کرتا ہے۔ بلغمی بخاروں میں فائدہ دیتا ہے۔

مقدار خوراک: ۷۵ ملی لٹر

طریقہ استعمال: یہ عرق صبح و شام دونوں وقت پئیں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

عرق بادیان: جگر، معدہ اور آنتوں کی بیماریوں میں استعمال کیا جاتا ہے، معدے کو طاقت دیتا اور ریاح کو خارج کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۲۵ ملی لٹر

طریقہ استعمال: صبح اور شام دن میں دوبار پئیں

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

عرق پودینہ: معدے کو طاقت دیتا ہے، غذا کو ہضم کرتا ہے۔ تخمہ اور ہیضہ میں استعمال کیا جاتا ہے۔

مقدارِ خوراک: ۱۲۵ ملی لیٹر

طریقہ استعمال: اس عرق میں ۲۵ ملی لیٹر سکنجبین لیموں ملا کر پیئیں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

قرص پودینہ: معدے اور جگر کو قوت دیتے ہیں۔ بھوک لگاتے اور غذا کو ہضم کرتے ہیں، ریاح کو خارج کرتے ہیں۔

مقدارِ خوراک: ۲ ٹکیاں

طریقہ استعمال: کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت کھائیں۔

پیک سائز: ۱۰۰ ٹکیاں اور ۱۰۰۰ ٹکیاں

معجون مقوی معدہ: یہ معدہ کے طبقات کو قوت دیتی ہے، ہضم اور جذب غذا کے نظام کو درست کر کے بھوک خوب لگاتی ہے، قبض کو دور کرتی ہے، جگر کو بھی تقویت بخشتی ہے۔

مقدارِ خوراک: ۶-۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ معجون کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۲۵۰ گرام

معجون نانخواہ: یہ معجون معدے کو قوت دیتی ہے، غذا کو ہضم کرتی اور بھوک لگاتی ہے۔

مقدارِ خوراک: ۶ سے ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ معجون کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

نمک جالینوس: معدہ اور آنتوں کو طاقت دیتا ہے اور معدے کی اس رطوبت کی پیدائش کو بڑھاتا ہے جو ہضم غذا میں مدد دیتی اور بھوک لگاتی ہے، اس کے علاوہ اس نمک کے استعمال سے دائمی قبض دور ہو جاتا ہے اور ریاح خارج ہونے لگتے ہیں۔ بدن میں صالح خون کی پیدائش بڑھ جاتی ہے۔

مقدارِ خوراک: ۲ ٹکیاں

طریقہ استعمال: کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت کھائیں۔

پیک سائز: ۸۰ ٹکیاں اور ۶۰۰ ٹکیاں

نمک سلیمانی: معدے کو قوت دیتا ہے، غذا کو ہضم کرتا اور بھوک خوب لگاتا ہے، پیٹ کے ریحی درد کو دور کرتا اور ریاح کو خارج کرتا ہے۔

مقدارِ خوراک: ایک گرام سے تین گرام تک۔

طریقہ استعمال: کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت کھائیں۔

پیک سائز: ۵۰ گرام

قرص نمک مرگا نگ: معدے کو طاقت بخشتا اور بھوک لگاتا ہے، پیٹ کی گرانی اور ریاح کو دور کرتا ہے، غذا کو ہضم کرتا ہے۔

مقدارِ خوراک: ایک قرص

طریقہ استعمال: جوارش بسباسہ ۵ گرام میں رکھ کر کھائیں۔

پیک سائز: ۶۰ ٹکیاں

نوشدارو سادہ: معدے اور آنتوں کو طاقت دیتی ہے اور ان کی کمزوری سے جو دست آجاتے ہیں ان کو روکتی ہے۔

مقدارِ خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ نوشدارو صبح کو نہار منہ کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام

نوشدارو لولوی: معدہ، جگر اور آنتوں کو طاقت دیتی ہے، دل کو قوت و فرحت بخشتی ہے، دھڑکن اور گھبراہٹ کو دور کرتی ہے، دستوں کو روکتی ہے۔

مقدارِ خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: صبح سویرے نہار منہ کھائیں۔

پیک سائز: ۶۰ گرام

دردِ معدہ

جوارش کمونی: معدہ اور آنتوں کے ریحی درد کو روکتی ہے، ریاح کو خارج کرتی اور قوتِ ہضم کو بڑھاتی ہے ہچکیوں کو روکتی ہے، قبض کو دور کرتی ہے۔

مقدارِ خوراک: ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک۔

طریقہ استعمال: دونوں وقت کھانا کھانے کے بعد کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام، ۲۵۰ گرام اور ایک کلو

جوارش کمونی اکبر: معدے کے خراب رطوبتوں اور ریاح کو خارج کرتی اور معدے کے درد کو تسکین دیتی ہے، ہاضمہ کو درست رکھتی اور قبض کو رفع کرتی ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک

طریقہ استعمال: یہ جوارش صبح کو یا کھانے کے بعد دونوں وقت کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

جوارش کمونی کبیر: معدے کے درد اور قولنج ریحی کو دور کرتی ہے، ریاح کو خارج کرتی اور غذا کے ہضم میں مدد دیتی ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک

طریقہ استعمال: یہ جوارش صبح کو یا کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

حب پپیتہ: یہ گولیاں معدے اور آنتوں کے درد کو دور کرتی ہیں، ہیضہ کے زمانے میں ان کا استعمال ہیضہ کے اثرات سے بچاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۲-۲ گولیاں

طریقہ استعمال: صبح اور شام کھانا کھنے کے بعد کھائیں۔

پیک سائز: ۶۰ گولیاں اور ۱۰۰۰ گولیاں

حب حلتیت: معدے اور آنتوں کے درد کو دور کرتی ہیں، ریاح کو خارج کرتی ہیں اور بھوک لگاتی ہیں۔

مقدار خوراک: ۲-۲ گولیاں

طریقہ استعمال: کھانا کھانے کے بعد یا ضرورت کے وقت کھائیں۔

پیک سائز: ۱۰۰ گولیاں اور ۱۰۰۰ گولیاں

سفوف الاملاح: پیٹ کے ریحی درد کو دور کرنے کے لیے نہایت مفید ہے، درد قولنج کو دور کرتا ہے، غذا کو ہضم کرتا اور بھوک خوب لگاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۲۵۰ ملی گرام سے ۵۰۰ ملی گرام تک۔

طریقہ استعمال: یہ سفوف بوقت ضرورت یا کھانا کھانے کے بعد جوارش کمونی ۱۰ گرام میں ملا کر کھائیں۔

پیک سائز: ۵۰ گرام

سفوف برق: پیٹ کے ریحی درد کو دور کرتا اور ریاح کو خارج کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ایک گرام

طریقہ استعمال: یہ سفوف بوقت ضرورت کھائیں یا کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت استعمال کریں۔

پیک سائز: ۵۰ گرام

پچھول، نمک سلیمانی، سفوف نمک شیخ الرئیس، قرص پودینہ، معجون مقوی معدہ، معجون نانخواہ، نمک جالینوس، قرص نمک مرگانک، یہ سب معدے کے درد میں مفید ہیں، '' ضعف معدہ '' کے زیر عنوان بیان ہو چکے ہیں۔

بدہضمی

حب ترش مشتہی: یہ گولیاں ہضم کی اصلاح کرتی ہیں، غذا کو ہضم کرنے میں مدد دیتیں بھوک خوب لگاتی ہیں، ریاح کو خارج کرتی ہیں۔

مقدار خوراک: ۲-۲ گولیاں

طریقہ استعمال: دونوں وقت کھانا کھانے کے بعد کھائیں۔

پیک سائز: ۴۰ گولیاں

عرق نعناع: بدہضمی کو دور کرتا ہے، غذا کو ہضم کرتا اور بھوک لگاتا ہے، قے اور متلی کو روکتا ہے۔

مقدار خوراک: ۸۰ ملی لیٹر

طریقہ استعمال: یہ عرق سکنجبین ۲۵ ملی لٹر میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

قرص الکلی: جب معدے میں غذا کے اچھی طرح ہضم نہ ہونے کی وجہ سے کھٹی ڈکاریں آتی ہوں اور معدے، حلق اور سینے میں جلن معلوم ہوتی ہو تو ان حالات میں ان قرصوں کے استعمال سے فائدہ ہوتا ہے۔

مقدار خوراک: ۲ ٹکیاں

طریقہ استعمال: کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت کھائیں۔

پیک سائز: ۲۰۰ ٹکیاں۔

متلی اور قے

جوارش تمر ہندی: صفراوی دستوں اور متلی کو روکتی ہے، صفراوی مزاج اشخاص کے معدہ اور جگر کو طاقت دیتی اور بھوک لگاتی ہے۔ گرمیوں اور ہیضہ کے زمانے میں اس کا استعمال بہت مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام

سکنجبین سادہ: متلی اور قے کو روکتی ہے، صفراوی بخاروں میں مفید ہے، پیاس میں تسکین دیتی ہے۔

مقدار خوراک: ۲۵ ملی لٹر

طریقہ استعمال: عرق گاؤزباں ۱۲۵ ملی لٹر یا سادہ پانی میں ملا کر پییں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

سکنجبین لیموں: متلی و قے کو روکتی ہے۔ صفراء کی زیادتی کو کم کرتی ہے۔ اور پیاس بجھاتی ہے۔

مقدار خوراک: ۲۵ ملی لیٹر

طریقہ استعمال: عرق گاؤزباں، ۱۲۵ ملی لیٹر یا سادہ پانی میں ملا کر پییں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

عرق پودینہ: متلی اور قے کو روکتا ہے، تخمہ اور ہیضہ میں مفید ہے، معدے کو طاقت دیتا ہے، غذا کو ہضم کرتا اور بھوک لگاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۲۵ ملی گرام

طریقہ استعمال: اس عرق میں سکنجبین لیموں ۲۵ ملی لٹر ملا کر پییں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

عرق نعناع ("بدہضمی" کے زیر عنوان درج ہے) بھی متلی اور قے میں مفید ہے۔

قی الدم - خون کی قے

قرص بندش خون: ہر عضو کے جریان خون کو روکتا ہے، نفث الدم (خون تھوکنا)، کثرت حیض، نکسیر، پیشاب میں خون آنا، خونی بواسیر وغیرہ کو روکنے کے لیے مفید ہے۔

مقدار خوراک: دو گولی

طریقہ استعمال: صبح و شام پانی کے ساتھ کھائیں۔

پیک سائز: ۲۰۰ ٹکیاں

قرص حابس: بار بار نکسیر پھوٹنے، پیشاب یا پاخانے میں خون آنے اور کثرت حیض کی شکایت میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ایک قرص۔

طریقہ استعمال: صبح و شام پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۴۰ ٹکیاں

قرص کہربا: خون کی قے کو روکتا ہے، پھیپھڑوں سے خون آنے میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۳ قرص۔

طریقہ استعمال: یہ قرص شربت انجبار ۲۵ ملی لٹر میں ملا کر چاٹیں۔

پیک سائز: ۵۰ ٹکیاں

ضعف اشتہا - بھوک کی کمی

پچھول، جوارش جالینوس، جوارش زنجبیل، جوارش عود، ترش، جوارش کمونی، حبوب مقوی معدہ، حب ترش مشتہی زعبیلا، سفوف نمک شیخ الرئیس، شربت زنجبیل، شربت نانخواہ، قرص پودینہ، معجون مقوی معدہ، معجون نانخواہ، نمک سلیمانی، قرص نمک مرگانک، یہ سب دوائیں بھوک لگاتی ہیں۔ ان کا بیان "ضعف معدہ" وغیرہ کے زیر عنوان ہو چکا ہے۔

ہچکی

جوارش کمونی، معجون نانخواہ، حب حلتیت، پچھول، یہ سب دوائیں ہچکی میں مفید ہیں اور گزشتہ صفحات میں درج ہو چکی ہیں۔

تبخیر

قرص الکلی، جوارش آملہ، جوارش جالینوس، جوارش عود شیریں، جوارش طباشیر، جوارش مصطگی، بہ نسخہ کلاں، معجون مقوی معدہ، نوشدارو سادہ اور نوشدارو لولوی معدہ کی تبخیر کو روکتی ہیں، ان کا بیان "ضعف معدہ" کے زیر عنوان ہو چکا ہے۔

تخمہ - بدہضمی کے دست و قے

اندمالی: پرانے دستوں اور پیچش میں مفید ہے۔ اس کے استعمال سے معدہ اور آنتوں کا ورم دور ہو جاتا ہے۔ ریحی درد

اور مروڑ کی شکایت میں بھی مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام

طریقہ استعمال: رات کو سوتے وقت پانی سے پھانک لیں۔

پیک سائز: ۵ گرام اور ۵۰ گرام

جوارش کموگی: معدہ اور آنتوں کی کمزوری سے آنے والے دستوں اور پیچش کے لیے مفید ہے۔ ریاحی درد کو دور کرتی اور ہچکیوں کو روکتی ہے۔

مقدار خوراک: ۵ سے ۱۰ گرام تک

طریقہ استعمال: دونوں وقت کھانا کھانے کے بعد پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ایک کلو

تخمہ کے قے دستوں کو روکنے میں جلدی نہ کریں، بلکہ دست لانے میں مدد دیں۔ مثلاً جوارش سفر جلی مسہل ۵ گرام کھلا کر سوڈا واٹر یا عرق پودینہ اور عرق الائچی پلائیں۔ قلزم استعمال کریں۔ جب قے دست آکر معدہ اور آنتیں صاف ہو جائیں تو تقویت معدہ کے لیے جوارش کمونی، جوارش زنجبیل جیسی دوائیں دیں۔

ہیضہ

قلزم: وبائی بیماریوں کے دنوں میں، خاص کر برسات میں ہیضہ و بدہضمی کی شکایت سے بچنے کے لیے اس کا استعمال بے حد ضروری ہے۔

طریقہ استعمال: دوا کے ساتھ ہے۔

پیک سائز: ۱۰ ملی لیٹر

جگر، پتہ اور تلی کی بیماریاں

برودت جگر-جگر کی سردی

جوارش جالینوس، جوارش بسباسہ، جوارش شہریاراں، جوارش مصطگی جگر کی سردی کو دور کرنے کے لیے نہایت مفید ہیں۔

ورم و عظم جگر

جگرین: جگرین ایک انوکھا، مکمل طور پر قدرتی، متعدد جڑی۔ بوٹیوں کا مرکب نسخہ ہے۔ اپنی ہیپاٹوٹاکسک مخالف خصوصیت کی وجہ سے یہ جگر کے صحیح کام کرنے کو یقینی بناتا اور دواؤں، شراب، کھانا اور پانی میں موجود نقصان دہ زہریلے عناصر سے جگر کی حفاظت کرتا ہے۔

یونانی طریقہ علاج کے اصولوں کے مطابق تیار جگرین مختلف قسم کے ہیپاٹائیٹس اور جگر کی دیگر خرابیوں میں اپنی کارکردگی کے لیے طبی لحاظ سے مجرب ہے۔

مندرجہ ذیل حالات میں جگرین کے استعمال کی صلاح دی جاسکتی ہے:

مندرجہ ذیل کے خاتمہ اور علاج کے لیے

حاد وائرل ہیپاٹائیٹس، دواؤں کی وجہ سے پیدا شدہ ورم جگر، شراب سے پیدا ہونے والی جگر کی خرابیاں۔

مقدار خوراک: بالغ - تین چمچہ دن میں دو بار

بچے - ایک چمچہ دن میں تین بار۔ بہتر ہوگا اگر اسے غذا کے ایک گھنٹے بعد یا معالج کے مشورہ کے مطابق استعمال کریں۔

پیک سائز: ۲۰۰ ملی لیٹر

حب کبد نوشادری: یہ گولیاں جگر کی بیماریوں میں خاص طور پر مفید ہیں۔ خصوصاً ورم اور عظم جگر (جگر کا بڑھ جانا) میں بہت مفید ثابت ہوئی ہیں، غذا کو ہضم کرتی ہیں۔

مقدار خوراک: ۲ گولیاں

طریقہ استعمال: کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت کھائیں۔

پیک سائز: ۱۰۰ گولیاں اور ۴۰۰ گولیاں

روغن مصطگی: جگر بڑھ گیا ہو، سخت ہو گیا ہو، اس روغن کے استعمال سے صحیح حالت میں آجاتا ہے۔

طریقہ استعمال: پیٹ پر نیم مالش کریں، اوپر سے ارنڈ کا پتا گرم کر کے باندھیں۔

پیک سائز: ۲۵ ملی لیٹر

شربت دینار: ورم جگر، درد جگر اور استسقاء میں مفید ہے، قبض کو دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۵۰ ملی لٹر

طریقہ استعمال: یہ شربت عرق بادیاں ۱۲۵ ملی لٹر یا پانی میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

شربت کاسنی: جگر، معدہ، معدہ اور آنتوں وغیرہ کے ورم، یرقان، صفراء کی زیادتی اور جگر کی بڑھتی ہوئی گرمی وغیرہ میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۲۵ ملی لٹر سے ۵۰ ملی لٹر تک۔

طریقہ استعمال: پانی یا کسی مناسب عرق (۱۲۵ ملی لٹر) میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

ضماد جالینوس: یہ ضماد معدہ، جگر، آنتوں اور رحم وغیرہ اندرونی اعضاء کے ورموں کو تحلیل کرنے کے لیے نہایت مفید ہے۔

طریقہ استعمال: ضرورت کے مطابق یہ ضماد چمچہ میں لے کر گرم کر کے ورم پر لگائیں اور اوپر ارنڈ کا پتا گرم کیا ہوا باندھیں۔

پیک سائز: ۵۰ گرام

عرق برنجاسف: یہ عرق جگر، معدہ، آنتوں اور رحم وغیرہ اندرونی اعضاء کے ورموں کو تحلیل کرتا ہے اور ان اعضاء کی خرابی سے آنے والے بخار کو دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۲۵ ملی لٹر

طریقہ استعمال: یہ عرق پانی میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

عرق کاسنی: ورم جگر میں مفید ہے، جگر کی گرمی کو دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۲۵ ملی لٹر

طریقہ استعمال: یہ عرق شربت کاسنی ۲۵ ملی لٹر میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

عرق مکوہ: تمام اندرونی اعضاء مثلاً جگر، معدہ، آنتوں اور رحم کے ورموں کو تحلیل کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے اور ان کی گرمی کو تسکین دیتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۲۵ ملی لٹر

طریقہ استعمال: یہ عرق، شربت کاسنی ۲۵ ملی لیٹر میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

معجون دبید الورد: ورم جگر، ورم معدہ اور ورم رحم وغیرہ اندرونی اعضاء کے ورموں کو تحلیل کرتی ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ ملی لٹر

طریقہ استعمال: یہ معجون عرق بادیان اور عرق مکوہ ۶۰-۶۰ ملی لٹر کے ساتھ کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

قرص گز: یہ جگر و تلی کی بیماریوں مثلاً یرقان وغیرہ میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ایک-ایک گولی صبح وشام عرق بادیان یا عرق مکوہ کے ساتھ یا پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

پیک سائز: ۲۰ ٹکیاں

عرق ماء اللحم مکوہ کاسنی والا: معدے اور جگر کو طاقت دیتا ہے اور ان کے ورموں کو تحلیل کرتا ہے، عام جسمانی کمزوری کو دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۲۵ ملی لٹر

طریقہ استعمال: یہ عرق، شربت کاسنی ۲۵ ملی لٹر میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

ضعف جگر

دواء الکرکم کبیر: ضعف جگر میں مفید ہے، جگر اور تلی کی دوسری بیماریوں میں بھی مفید ہے۔ جب کہ ان کا سبب سردی ہو، گردہ مثانہ کو بھی طاقت دیتی ہے، ریاح کو خارج کرتی ہے، استسقاء میں مفید ثابت ہوتی ہے۔

مقدار خوراک: ۶-۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ دوا صبح کو نہار منھ کھا کر اوپر سے ۱۲۵ ملی لٹر عرق بادیان پی لیں۔

پیک سائز: ۶۰ گرام

کشتہ خبث الحدید: ضعف جگر میں مفید ہے، معدے کی کمزوری کو دور کرتا ہے، خون کی پیدائش کو بڑھاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۲۵ ملی گرام یا ۲ ٹکیا

طریقہ استعمال: یہ کشتہ صبح نہار منھ جوارش جالینوس ۱۰ گرام میں رکھ کر کھائیں۔

پیک سائز: کشتہ ۱۵ گرام اور ۶۰ ٹکیاں

کشتہ زمرد: ضعف جگر میں مفید ہے، جگر کو طاقت دیتا ہے،

دل کو قوت بخشتا ہے، پیشاب کی زیادتی کو روکتا ہے، کھانسی میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۳۰ ملی گرام یا ایک قرص

طریقہ استعمال: جوارش زرعونی عنبری بہ نسخہ کلاں ۱۰ گرام میں رکھ کر کھائیں۔

پیک سائز: ۱۰ گرام اور ۶۰ ٹکیاں

کشتہ فولاد: ضعف جگر میں مفید ہے، جگر کو قوت دے کر خون کی پیدائش کو بڑھاتا ہے اور بیماریوں سے اچھا ہونے کے بعد کی کمزوری کو دور کر دیتا ہے۔

مقدار خوراک: ۶۰ ملی گرام یا ۲ قرص

طریقہ استعمال: یہ کشتہ جوارش جالینوس ۱۰ گرام یا دواء المسک معتدل جواہر والی ۵ گرام میں رکھ کر کھائیں۔

پیک سائز: ۱۰ گرام اور ۶۰ ٹکیاں

کشتہ فولاد سونے چاندی والا: یہ دل و دماغ اور جگر کے لیے خاص چیز ہے، خون صالح بکثرت پیدا کرتا ہے، چہرے کو سرخ بنا دیتا ہے، ضعف معدہ اور ضعف جگر کو دور کرتا ہے، مقوی غذاؤں کو جزو بدن بناتا اور بدن میں فربہی لاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۳۰ ملی گرام یا ایک قرص

طریقہ استعمال: یہ کشتہ دواء المسک معتدل جواہر والی ۱۰ گرام یا جوارش جالینوس ۱۰ گرام میں رکھ کر کھائیں۔

پیک سائز: ۳ گرام

قرص کشتہ مرگانگ: ضعف جگر میں مفید ہے، معدہ اور جگر کو طاقت دیتا ہے۔

مقدار خوراک: ۲ قرص

طریقہ استعمال: یہ کشتہ جوارش جالینوس ۱۰ گرام میں رکھ کر کھائیں۔

پیک سائز: ۶۰ ٹکیاں

خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا، دواء المسک معتدل جواہر والی، دواء المسک معتدل جواہر والی خاص، دواء المسک معتدل سادہ، کشتہ طلاء کلاں، مفرح اعظم، یہ سب دوائیں ''ضعف جگر'' میں مفید ہیں اور یہ ''ضعف قلب'' کے زیر عنوان لکھی جا چکی ہیں۔ ان کے علاوہ جوارش انارین، نوشدارو سادہ اور نوشدارو لولوی بھی ضعف جگر میں فائدہ دیتی ہیں اور یہ سب ''ضعف معدہ'' میں لکھی گئی ہیں۔

عظم طحال - تلی کا بڑھ جانا

ذوبانی: بڑھی ہوئی تلی کو صحیح حالت میں لانے کے لیے ذوبانی ایک اکسیر دوا ہے۔ یہ معدے اور جگر کی بھی اصلاح کرتی ہے۔

طریقہ استعمال: دوا کے ساتھ ہے۔

پیک سائز: ۲۵ ملی لیٹر

ضماد جالینوس ورم و عظم طحال میں مفید ہیں ''ورم جگر'' کے زیر عنوان درج ہیں۔

آنتوں کی بیماریاں

اسہال (دست) پیچش

پیچ: یہ اسہال و پیچش کی نہایت مفید دوا ہے۔ اسہال (دست) خواہ کیسی ہی شدت سے جاری ہوں اور پیچش خواہ کیسی ہی شدید ہو، اس کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔

مقدار خوراک: ایک قرص

طریقہ استعمال: پانی یا دودھ کے ساتھ کھائیں۔ دن میں تین مرتبہ سے زیادہ ہرگز استعمال نہ کریں۔

پیک سائز: ۲۵ ٹکیاں

جوارش طباشیر: گرمی سے آنے والے دستوں کو بند کرتی ہے۔ معدے سے دماغ کی طرف بخارات کے چڑھنے (تبخیر) کو روکتی ہے۔

مقدار خوراک: ۶ سے ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ جوارش صبح اور شام دونوں وقت کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام

حب پیچش: یہ گولیاں دستوں کو روکتی ہیں، پیچش کو دور کرتی ہیں۔ درد اور مروڑ کی شکایت بھی ان کے استعمال سے جاتی رہتی ہے۔

مقدار خوراک: ایک گولی

طریقہ استعمال: رات کو پانی سے کھا کر سو رہیں، پیچش کی صورت میں (اگر گرانی ہو تو) ان گولیوں کے استعمال سے ایک دن پہلے روغن ارنڈی ۴۰ ملی لٹر دودھ میں ملا کر صبح کو پییں

اور رات کو حب پیچش کھائیں۔

پیک سائز: ۲۰ گولیاں

حب سماق: معدے اور آنتوں کی کمزوری سے آنے والے دست ان گولیوں کے استعمال سے رک جاتے ہیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی

طریقہ استعمال: صبح اور رات کو پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۲۵ گولیاں

سفوف مقلیاثا: پرانے دستوں اور پیچش میں مفید ہے۔ بواسیر ریحی میں بھی فائدہ دیتا ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام

طریقہ استعمال: یہ سفوف صبح وشام پانی سے کھائیں، پیچش میں سفوف پھانک کر اوپر سے ریشہ خطمی ۵ گرام کا لعاب پانی ۱۲۵ ملی لٹر میں نکال کر شربت بنفشہ ۲۵ ملی لٹر ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۶۰ گرام

شربت بیلگری: دستوں اور پیچش میں مفید ہے، گرمی کو تسکین دیتا اور پیاس کو بجھاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۲۵ ملی لٹر سے ۵۰ ملی لٹر تک

طریقہ استعمال: یہ شربت پانی میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

شربت حب الآس: ہر قسم کے دستوں کو بند کرتا ہے، دستوں میں خون آتا ہو تو اس کو روکتا ہے، معدے اور آنتوں کو طاقت بخشتا ہے۔

مقدار خوراک: ۲۵ ملی لٹر سے ۵۰ ملی لٹر تک

طریقہ استعمال: یہ شربت پانی میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

قرص مالتی بسنت: یہ معدہ اور آنتوں کو طاقت دیتی ہے اور معدہ کی کمزوری سے آنے والے دستوں کو روکتی ہے۔

مقدار خوراک: ایک گولی ۶ سے ۱۰ گرام معجون سنگدانہ مرغ یا ۶ گرام جوارش مصطگی کے ساتھ کھائیں۔

پیک سائز: ۲۰ ٹکیاں

معجون سنگدانہ مرغ: معدے اور آنتوں کی کمزوری کو دور کرتی ہے اور ان کی کمزوری سے آنے والے دستوں کو روکتی ہے۔

مقدار خوراک: ۶-۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ معجون صبح وشام دونوں وقت پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

جوارش آملہ سادہ، جوارش آملہ عنبری بہ نسخہ کلاں، جوارش اناریں، جورش مصطگی، جوارش مصطگی بہ نسخہ کلاں، نوشدارو سادہ اور نوشدارو لولوی جو ''ضعف قلب'' کے زیر عنوان لکھے جا چکے ہیں، معدہ اور آنتوں کی کمزوری سے آنے والے دستوں کے لیے بھی مفید ہیں۔

قبض

جوارش سفرجلی مسہل: یہ جوارش دست لاتی ہے، درد قولنج کو دور کرتی ہے، جگر کی حرارت کو کم کرتی ہے، بھوک لگاتی ہے، معدے کو طاقت دیتی ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ جوارش صبح کو یا رات کو پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۶۰ گرام

جوارش شہریاراں: قبض کو دور کرتی ہے، معدے اور جگر کی سردی کو دور کرتی اور ان کو طاقت دیتی ہے، قولنج میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ جوارش صبح یا رات کو پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۶۰ گرام

خمیرہ بنفشہ: یہ ایک ہلکی قبض کشا دوا ہے۔ ہر قسم کے بخاروں، نزلہ وزکام، کھانسی، دمہ اور سینے کے دوسرے امرض میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۲۵ گرام سے ۵۰ گرام تک

طریقہ استعمال: یہ خمیرہ عرق بادیان ۱۲۵ ملی لٹر پانی میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

شربت ارزانی: آنتوں سے خشک فضلہ کو پھسلا کر قبض کو دور کرتا ہے، نزلہ وزکام اور کھانسی کو دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۲۵ ملی لٹر سے ۵۰ ملی لٹر تک

طریقہ استعمال: یہ شربت صبح کو نیم گرم پانی میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

قرص تنکار: دائمی قبض کو رفع کرنے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔ پیٹ کی گرانی کو دور کرتے ہیں۔

مقدار خوراک: ایک یا دو قرص

طریقہ استعمال: رات کو دودھ یا پانی سے نگل کر سو رہیں۔

پیک سائز: ۱۰۰ ٹکیاں اور ۱۰۰۰ ٹکیاں

قرص ملین: معدہ اور آنتوں کو فضلات سے پاک صاف کرنے کے لیے نہایت مفید ہیں۔ نزلہ و زکام، آشوب چشم اور ناک کان کی بیماریوں میں رفع قبض کے لیے عموماً استعمال کیے جاتے ہیں۔

مقدار خوراک: ۲ قرص

طریقہ استعمال: رات کو سوتے وقت دودھ یا پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۲۰۰ ٹکیاں

معجون انجیر: دائمی قبض کو دور کرنے کے لیے نہایت مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ معجون رات کو دودھ یا پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

معجون قرطم: دائمی قبض کے لیے نہایت مناسب دوا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ معجون صبح کو پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۶۰ گرام

ہنزولیکس: قبض کشا ہے۔

مقدار خوراک: بڑوں کو ۲ قرص، بچوں کو نصف قرص سے ایک قرص تک

طریقہ استعمال: سوتے وقت گرم پانی یا گرم دودھ کے ساتھ کھائیں۔

پیک سائز: ۲۰ ٹکیاں

اطریفل زمانی، اطریفل کشنیزی، اطریفل ملین، قبض کو رفع کرتے ہیں۔ یہ دماغی امراض میں "دردسر" کے زیرعنوان لکھی جاچکی ہیں۔ حب سورنجان، قبض کشا ہے، اس کو وجع مفاصل کے زیرعنوان لکھا گیا ہے۔ شربت دینار بھی ملین ہے، امراض جگر میں درج ہیں۔

کرم شکم- پیٹ کے کیڑے

قرص دیدان جدید: ان کے استعمال سے پیٹ کے کیڑے مرکر نکل جاتے ہیں۔

مقدار خوراک: ۲ قرص

طریقہ استعمال: یہ قرص صبح کو پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۱۵ ٹکیاں اور ۱۰۰ ٹکیاں

بواسیر

اطریفل مقل: خونی اور بادی بواسیر میں فائدہ دیتا ہے، قبض کو دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک۔

طریقہ استعمال: رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

جوارش بسباسہ: بواسیر بادی کے لیے مفید ہے، معدے اور جگر کی سردی کو دور کرتی ہے اور اس کی وجہ سے بدہضمی کی شکایت رہتی ہو تو وہ رفع ہو جاتی ہے۔ پیٹ کے بڑھنے کو روکتی ہے، کھانا کھانے کے بعد کھانے سے غذا کو ہضم کرتی اور پیٹ کے ریحی درد کو دور کرتی ہے۔

مقدار خوراک: ۶-۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ جوارش صبح کو یا کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

حب بواسیر بادی: بواسیر بادی میں مفید ہیں۔

مقدار خوراک: ۲ گولیاں

طریقہ استعمال: صبح کو پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۵۰ گولیاں

حب بواسیر خونی: بواسیر خونی کے لیے مفید ہیں۔

مقدار خوراک: ۲ گولیاں

طریقہ استعمال: صبح وشام دودھ یا پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۵۰ گولیاں

حب مقل: بواسیر بادی میں مفید ہیں، قبض کو دور کرتی ہیں۔

مقدار خوراک: ۳ گولیاں

طریقہ استعمال: رات کو پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۵۰ گولیاں

مربکی: بواسیر بادی میں مفید ہیں۔

مقدار خوراک: ایک قرص

طریقہ استعمال: رات کو جوارش جالینوس ۵ گرام میں رکھ کر کھائیں، یا صبح وشام پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۱۰۰ ٹکیاں

مرہم سائیدہ چوب نیم والا: بواسیری مسوں کے درد اور جلن کو تسکین دیتا اور ان کو خشک کرکے گرا دیتا ہے۔

طریقہ استعمال: آبدست کے بعد مسوں پر یہ مرہم لگائیں۔

پیک سائز: ۵۰ گرام

معجون خبث الحدید: اس معجون کے استعمال سے خون بواسیر رک جاتا ہے، معدہ اور جگر کو تقویت پہنچتی ہے اور بھوک خوب لگتی ہے۔

مقدار خوراک: ۳ گرام سے ۵ گرام تک

طریقہ استعمال: یہ معجون صبح کو چھاچھ سے کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام

معجون مقل: خونی و بادی بواسیر میں مفید ہے، معدے کو طاقت دیتی ہے۔

مقدار خوراک: ۶ سے ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ معجون صبح کو پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

ہمدورائڈ (مرہم اور کیپسول): نئی اور پرانی بواسیر کا کامیاب اور دوہرا علاج ہے، جو جدید وقدیم تحقیقات کو سامنے رکھتے ہوئے ہمدرد کے تجربات کا حاصل ہے، یہ بیرونی اور داخلی دونوں طرح اپنا تیز اثر دکھاتی ہے۔ درد میں سکون اور جلن میں کمی لاتی ہے، جراثیم کو مار ڈالتی ہے، خطرناک خون آنے کو روکتی ہے، مسوں کے ورم کو دور کرتی ہے اور زخم کو تیزی سے بھرتی ہے۔

ہمدورائڈ مرہم: اسے مقامی طور پر استعمال کیجیے۔ یہ تیزی سے درد اور جلن کو دور کرنے اور مسوں کے زخم کو بھرنے اور جراثیم سے پاک ہونے میں تیز مدد دے گا۔

طریقہ استعمال: دوا کے ساتھ ہے۔

پیک سائز: ۵۰ گرام

ہمدورائڈ کیپسول: یہ کیپسول بہت جلد دوران خون میں جذب ہو کر خون کو روکتے ہیں اور ورم کو تحلیل کرتے ہیں۔

طریقہ استعمال: ۲ کیپسول دن میں تین بار۔

پیک سائز: ۵۰ کیپسول

اطریفل کشنیزی جو ''درد سر'' میں بیان ہو چکا ہے اور جوارش جالینوس جو ''ضعف معدہ'' میں درج ہے، یہ سب دوائیں بواسیر میں مفید ہیں۔

گردہ ومثانہ کی بیماریاں

ضعف گردہ ومثانہ

جوارش زرعونی عنبری، چندر پر بھاوٹی، چیون پراش، لبوب کبیر، معجون فلاسفہ، معجون کندر ضعف گردہ و مثانہ میں مفید ہیں۔

سنگ گردہ

شربت آلو بالو: گردہ ومثانہ کی پتھری اور ریگ کو خارج کرتا ہے اور پیشاب لاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۲۵ ملی لٹر سے ۵۰ ملی لٹر تک۔

طریقہ استعمال: یہ شربت عرق انناس ۱۲۵ ملی لٹر میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لٹر

قرص کا کنج: یہ قرص گردہ ومثانہ کی پتھری اور ریگ کو خارج کرتے ہیں اور پیشاب لاتے ہیں، درد گردہ میں مفید ہیں۔

مقدار خوراک: ۳ قرص

طریقہ استعمال: یہ قرص صبح وشام دونوں وقت عرق گاؤزباں ۱۲۵ ملی لٹر، شربت بزوری ۲۵ ملی لٹر کے ساتھ کھائیں۔

پیک سائز: ۵۰ ٹکیاں

کشتہ حجر الیہود: گردہ مثانہ کی پتھری اور ریگ کو خارج کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۲۵ ملی گرام یا ایک قرص۔

طریقہ استعمال: یہ کشتہ معجون حجر الیہود ۶-۱۰ گرام میں رکھ کر یا

سکنجبین بزوری ۲۰ ملی لٹر میں ملا کر استعمال کریں۔

پیک سائز: کشتہ ۱۵ گرام اور ۵۰ ٹکیاں

معجون حجر الیہود: گردہ و مثانہ کی پتھری اور ریگ کو خارج کرتی ہے۔

مقدار خوراک: ۶-۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ معجون صبح کو کھا کر اوپر سے شربت بزوری معتدل ۲۵ ملی لٹر یا تازہ پانی میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۶۰ گرام اور ایک کلو

معجون سنگ سرماہی: گردہ و مثانہ کی پتھری اور ریگ کو خارج کرتی ہے۔

مقدار خوراک: ۶-۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ معجون کھا کر اوپر سے عرق اناس ۱۲۵ ملی لٹر شربت بزوری ۲۵ ملی لٹر میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

درد گردہ

درد گردہ کو دور کرنے کے لیے، قرص کا کنج، کشتہ حجر الیہود مفید ہیں اور یہ سنگ گردہ کے زیر عنوان لکھے گئے ہیں۔

ذیابیطس - پیشاب میں شکر آنا

دولابی: دولابی ذیابیطس کی کامیاب دوا ہے۔ اس کے استعمال سے پیشاب کا بار بار آنا اور اس میں شکر کا خارج ہونا رک جاتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی یہ گردوں اور مثانہ کو طاقت بھی دیتی ہے۔

طریقہ استعمال: ۱ گولی صبح و شام کھائیں شوگر کی زیادتی میں ۲-۳ گولی صبح و شام کھائیں۔

پیک سائز: ۴۵ ٹکیاں

کشتۂ بیضہ مرغ: ذیابیطس میں مفید ہے، پیشاب کی زیادتی کو روکتا ہے، مردوں کے مرض جریان و رقت منی اور عورتوں کے مرض سیلان الرحم کو دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۲۵ ملی گرام یا ۲ قرص

طریقہ استعمال: صبح کو پانی سے کھائیں

پیک سائز: پیک سائز کشتہ ۱۵ گرام اور ۶۰ گولی

پیشاب کی زیادتی

معجون ماسک البول: مثانہ کو طاقت دیتی اور پیشاب کی زیادتی کو روکتی ہے۔ رات کو نیند کی حالت میں پیشاب نکل جانے کے لیے بھی مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۶-۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ معجون رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام

معجون کندر: پیشاب کی زیادتی، سلس البول (پیشاب کا بلا ارادہ نکلنا) اور رات کو بستر پر پیشاب نکل جانے کی عادت کو دور کرتی ہے۔ گردوں اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔

مقدار خوراک: ۶-۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ معجون صبح و شام کھائیں، اگر اس کے ساتھ کشتہ خبث الحدید یا کشتہ بیضہ مرغ ۱۲۵ ملی گرام کھائیں تو نمایاں فائدہ جلد ظاہر ہوتا ہے۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

بلوطی، معجون فلاسفہ، جوارش مصطگی اور کشتہ بیضہ مرغ بھی پیشاب کی زیادتی میں مفید ہیں۔

پیشاب کی بندش

شربت بزوری معتدل: جگر، گردوں اور مثانہ کی گرمی کو دور کرتا ہے اور پیشاب لا کر ان کو صاف کرتا ہے۔ جگر کی گرمی سے بخار رہتا ہو تو وہ بھی دور ہو جاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۵۰ ملی لٹر

طریقہ استعمال: پانی میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۲۰۰ ملی لیٹر اور ۵۰۰ ملی لیٹر

جگر بن، شربت کاسنی اور عرق کاسنی بھی پیشاب کی بندش میں مفید ہیں۔

بستر پر پیشاب نکل جانا

معجون ماسک البول، معجون کندر، کشتہ بیضہ مرغ، قرص سلاجیت اور بلوطی یہ سب دوائیں بستر پر پیشاب نکل جانے

کی عادت کو دور کرتی ہیں۔ پچھلے صفحات میں پیشاب کی زیادتی، ذیابیطس اور جریان کے تحت درج ہیں۔

سلس البول

(پیشاب کا بلا ارادہ قطرہ قطرہ نکلنا)

چندر پر بھاوٹی، معجون ماسک البول، یہ سب دوائیں سلس البول (پیشاب کا بلا ارادہ قطرہ قطرہ نکلنا) میں مفید ہیں۔ ذیابیطس اور پیشاب کی زیادتی کے زیرعنوان لکھی گئی ہیں، قرص سلاجیت اور بلوطی اس مرض میں مفید ہیں۔ ''جریان'' کے تحت درج ہیں۔

پیشاب میں خون آنا

قرص بندش خون اور قرص حابس اور کشتہ سنگ جراحت، یہ سب پیشاب میں خون آنے کو روکتے ہیں۔ ''نفث الدم'' کے زیرعنوان درج ہیں۔

پیشاب کی جلن

شربت بزوری معتدل، شربت کاسنی، پیشاب کی جلن کو دور کرتے ہیں۔ ''امراض جگر'' میں لکھے گئے ہیں۔

مردوں کی مخصوص بیماریاں

ضعف باہ

قرص الاحمر: یہ دوا اعلا درجہ کی مقوی باہ ہے، لیکن اس کا استعمال جاڑوں کے موسم میں بوڑھوں اور بلغمی مزاج مریضوں کے لیے مناسب ہے۔

مقدار خوراک: ایک قرص

طریقہ استعمال: یہ دوا مکھن یا ملائی ۱۰ گرام میں ملا کر کھائیں، اوپر سے ۲۵۰ ملی لٹر دودھ پئیں۔

پیک سائز: پیک سائز ۶۰ گولیاں

حب احمر: یہ گولیاں اعصاب کو قوت دینے اور قوت باہ کو بڑھانے کے لیے مفید ہیں۔ جاڑوں کے موسم میں ان کا استعمال مناسب ہے۔

مقدار خوراک: آدھی گولی سے ایک گولی تک۔

طریقہ استعمال: جوان آدمی پہلے دن آدھی گولی مکھن یا ملائی میں رکھ کر کھائیں اور اوپر سے ۲۵۰ ملی لٹر دودھ پئیں۔ ایک ہفتے تک استعمال کرنے کے بعد پوری ایک گولی روزانہ اسی طرح استعمال کریں۔ بوڑھے آدمی پہلے دن سے ہی پوری ایک گولی اسی طرح کھائیں۔

پیک سائز: ۱۰ گولیاں

حب المسک: یہ دل و دماغ اور اعصاب میں تحریک پیدا کر کے قوت باہ میں ہیجان پیدا کر دیتی ہے۔

مقدار خوراک: ایک گولی

طریقہ استعمال: صبح یا رات کو دودھ سے کھائیں۔

پیک سائز: ۵ گولیاں

حب جالینوس: یہ گولیاں اعصاب کو قوت دیتیں اور قوت باہ کو بڑھاتی ہیں۔

مقدار خوراک: ۲ گولیاں

طریقہ استعمال: صبح یا رات کو ۲۵۰ ملی لٹر دودھ سے کھائیں۔

پیک سائز: ۲۰ گولیاں

حب جدوار: یہ گولیاں قوت باہ کو بڑھاتی اور قوت امساک پیدا کرتی ہیں، جریان، رقت اور سرعت میں بھی مفید ہیں۔ نزلہ وزکام اور کھانسی میں بھی فائدہ دیتی ہیں۔

مقدار خوراک: ایک یا دو گولی

طریقہ استعمال: صبح یا رات کو کھا کر ۲۵۰ ملی لٹر دودھ پئیں۔

پیک سائز: ۲۰ گولیاں

حب خاص: یہ گولیاں اعصاب کو قوت دیتیں اور قوت باہ کو بڑھانے کے لیے مخصوص ہیں۔ اس کے علاوہ دل، دماغ اور جگر کو تقویت بخشتی ہیں، بدن میں قوت و حرارت پیدا کرتیں اور دوران خون کو تیز کرتی ہیں، معدے کو قوت دیتیں اور بھوک بڑھاتی ہیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی

طریقہ استعمال: صبح یا رات کو ۲۵۰ ملی لٹر دودھ سے کھائیں۔

پیک سائز: ۱۰ گولیاں

حب عنبر مومیائی: یہ گولیاں دل، دماغ اور اعصاب کو قوت دیتی ہیں، قوت باہ کو بڑھاتی ہیں، مادۂ تولید (منی) کی اصلاح کرتی ہیں۔

مقدار خوراک: ۲ گولیاں

طریقہ استعمال: رات کو ۲۵۰ ملی لٹر دودھ سے کھائیں۔

پیک سائز: ۱۶ گولیاں

ممسک خاص: یہ کیپسول قوت باہ کو بڑھانے کے لیے عجیب الاثر ہیں، عصبی کمزوری کو بہت جلد دور کر دیتے ہیں، نقص تغذیہ اور ضعف اعصاب سے جو مردانہ کمزوری لاحق ہوتی ہے اسے بھی دور کر دیتے ہیں۔

طریقہ استعمال: دوا کے ساتھ ہے۔

پیک سائز: ۵۰ کیپسول

حلوائے ثعلب: یہ حلوا اعلا درجہ کا مقوی باہ ہے۔ مادۂ تولید (منی) کی پیدائش کو بڑھاتا اور عام جسمانی کمزوری کو دور کرتا ہے، دماغی کمزوری کے لیے بھی مفید ہے، بدن میں خون کی پیدائش کو بڑھاتا ہے اور اس کو فربہ بناتا ہے۔

مقدار خوراک: ۲۵ گرام

طریقہ استعمال: یہ حلوا صبح کو کھا کر ۲۵۰ ملی لٹر دودھ پییں۔

پیک سائز: ۲۵۰ گرام

ضعفین: یہ دوا اعصاب کی عام کمزوری اور ضعف باہ کو دور کرتی ہے، کثرت جماع اور جلق کی وجہ سے عام جسمانی کمزوری لاحق ہو جائے اور قوت باہ کمزور ہو جائے، خون کی پیدائش گھٹ جائے اور حرارت غریزی کم ہو جائے تو ضعفین کے استعمال سے حیرت انگیز فائدہ ہوتا ہے البتہ ذکاوت حس کی صورت میں اس کا استعمال مناسب نہیں ہے۔

طریقہ استعمال: ۶ گرام صبح اور رات کو سوتے وقت دودھ یا چائے سے لیں۔

پیک سائز: ۶۰ گرام

عصبول: نظام عصبی کی کمزوری کو دور کرتا ہے، کثرت احتلام سے ضعف باہ پیدا ہو جائے اس کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔ یہ مردانہ عضو میں دوران خون کو جوش پیدا کرنے میں مدد دیتا ہے۔ بوڑھے لوگوں کے لیے خاص طور پر مفید ہے۔

مقدار خوراک: ایک سے دو کیپسول تک۔

طریقہ استعمال: رات کو سوتے وقت دودھ یا چائے سے کھائیں۔

پیک سائز: ۵۰ کیپسول

قرص خراطین: کثرت جماع کے نتیجہ میں جو ضعف باہ لاحق ہو، اس کو دور کرنے کے لیے خاص طور پر مفید ہیں، نظام عصبی میں تحریک پیدا کر کے عضو مخصوص میں جوش اور طاقت پیدا کرتے ہیں۔

مقدار خوراک: ۲ قرص

طریقہ استعمال: صبح کو لبوب کبیر ۱۰ گرام میں رکھ کر کھائیں اوپر سے دودھ پییں، صرف دودھ کے ساتھ بھی یہ قرص کھا سکتے ہیں۔

پیک سائز: ۵۰ ٹکیاں

کشتہ سم الفار: اعلا درجہ کا مقوی باہ ہے، بھوک لگاتا اور قوت ہاضمہ کو بڑھاتا ہے۔ دودھ، گھی ہضم کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۳۰ ملی گرام یا ایک قرص۔

طریقہ استعمال: یہ کشتہ مکھن یا ملائی ۲۵ گرام میں رکھ کر کھائیں، اوپر سے ۲۵۰ ملی لٹر دودھ پییں۔

پیک سائز: ۱۵ گرام اور ۶۰ ٹکیاں

قرص کشتہ شنگرف: اعصاب کو طاقت دیتا ہے۔ قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ بھوک خوب لگاتا ہے۔ بلغمی کھانسی اور دمہ میں مفید ہے۔ جاڑوں میں اس کا استعمال مناسب ہے۔

مقدار خوراک: اس کی دو گولی ۱۰ ملی لٹر شہد یا ملائی میں ملا کر کھائیں۔

پیک سائز: ۶۰ گولیاں

لبوب اعظم: یہ لبوب دماغ و اعصاب کو طاقت دیتا ہے، مردانہ اعضاء کو غذائیت دے کر انھیں تقویت بخشتا ہے قوت باہ کو بڑھاتا ہے اور مادۂ تولید (منی) کی اصلاح کرتا ہے۔

طریقہ استعمال: ۱۲۵ گرام صبح و رات کو دودھ یا پانی کے ساتھ لیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام

لبوب بارد: قوت باہ کو بڑھاتا ہے، گرم مزاج لوگوں کے لیے مخصوص ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ لبوب صبح کو کھا کر ۲۵۰ ملی لٹر دودھ پییں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام

لبوب صغیر: مادۂ تولید (منی) کی پیدائش کو زیادہ کرتا اور قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ لبوب صبح کو کھا کر ۲۵۰ ملی لٹر دودھ پئیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

لبوب کبیر: دماغ و اعصاب کو طاقت دیتا ہے، مادۂ تولید کی پیدائش کو زیادہ کرنے اور قوت باہ کو بڑھانے کے لیے لاجواب اثر رکھتا ہے، گردوں کو طاقت دیتا ہے اور عام جسمانی کمزوری کو دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ لبوب صبح کو کھا کر ۲۵۰ ملی لٹر دودھ پئیں۔

پیک سائز: ۶۰ گرام، ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

لحمینہ: لحمینہ چالیس اہم اجزاء کا مرکب عرق ہے جن سے انسانی جسم کو بے پناہ قوت تغذیہ ملتا ہے۔ لحمینہ صحت مند زندگی کا سبب بنتا ہے اور ان تمام حالتوں میں مفید ہے جو مردوں اور عورتوں میں عام کمزوری کے سبب پیدا ہوتی ہیں، جیسے گھریلو زندگی میں اکتاہٹ اور بیزاری، کام میں جی نہ لگنا یا تھکن، بدن میں سستی اور طبیعت میں پژمردگی وغیرہ۔ لحمینہ ایسی شکایتوں میں بہت تیزی سے اپنا اثر دکھاتا ہے۔

طریقہ استعمال: ۵۰ ملی لٹر یا ۳ بڑے چمچے صبح یا رات کو استعمال کریں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

معجون اسپند سوختنی: مقوی باہ ممسک ہے، عضو میں سختی پیدا کرتی ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک۔

طریقہ استعمال: یہ معجون صبح کو دودھ کے ساتھ کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

معجون پنبہ دانہ: مقوی باہ مولد منی ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ معجون صبح کو ۲۵۰ ملی لٹر دودھ کے ساتھ کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

معجون پیاز: مادۂ تولید (منی) کو زیادہ کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ معجون صبح کو کھا کر ۲۵۰ ملی لٹر دودھ پئیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام

معجون ثعلب: یہ معجون مادۂ تولید (منی) کو بڑھانے اور قوت باہ کو تحریک دینے والی مشہور معجون ہے، جریان اور رقت منی کی شکایتیں بھی اس کے استعمال سے دور ہو جاتی ہیں۔

مقدار خوراک: ۶-۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ معجون صبح کو ۲۵۰ ملی لٹر دودھ کے ساتھ کھائیں۔

پیک سائز: ۶۰ گرام اور ایک کلو

معجون جالینوس لولوی: یہ معجون عام مقوی جسم، مقوی اعصاب اور مقوی باہ ہے، خون صالح پیدا کرتی اور چہرے کا رنگ نکھارتی ہے، ہر عضو کی کمزوری کو دور کردیتی ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک۔

طریقہ استعمال: یہ معجون صبح کو ۲۵۰ ملی لٹر دودھ کے ساتھ کھائیں۔

پیک سائز: ۶۰ گرام

معجون جلالی: اعلا درجہ کی مقوی باہ ممسک ہے، اعصاب کو تقویت بخشتی اور عام جسمانی کمزوری کو دور کرتی ہے، مادۂ تولید کو پیدا کرتی اور اسے غلیظ بناتی ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام

طریقہ استعمال: یہ معجون صبح کو ۲۵۰ ملی لٹر دودھ کے ساتھ کھائیں۔

پیک سائز: ۳۰ گرام

معجون شباب آور: ضعف باہ خواہ کسی وجہ سے ہو، اس معجون کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔ دماغ و اعصاب پر اس کی نہایت زبردست محرک تاثیر ہوتی ہے، اس کے علاوہ یہ قوت امساک بھی پیدا کرتی ہے، عام جسمانی کمزوری کو دور کرنے میں حیرت انگیز اثر دکھاتی ہے۔

طریقہ استعمال: ۳ گرام صبح یا شام یا رات کو کھائیں۔

پیک سائز: ۶۰ گرام

معجون طلاء: کثرت جماع، جریان یا کسی عام بیماری کی وجہ سے ضعف باہ ہو تو اس کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے، عضو میں کامل ایستادگی پیدا کرتی ہے، دل کو قوت و فرحت بخشتی اور عام جسمانی کمزوری کو دور کرتی ہے۔

مقدار خوراک: ۳ گرام

طریقہ استعمال: یہ معجون، ماء اللحم دو آتشہ ۶۰ ملی لٹر یا ۲۵۰ ملی لٹر دودھ کے ساتھ کھائیں۔

پیک سائز: ۳۰ گرام

معجون فلاسفہ: یہ معجون اعصاب کو طاقت دے کر اور مادۂ تولید کی پیدائش زیادہ کر کے قوت باہ کو بڑھاتی ہے، گردہ و مثانہ کو طاقت دیتی اور پیشاب کی کثرت کو روکتی ہے، گٹھیا اور کمر کے درد کو دور کرتی ہے، بھوک کو بڑھاتی اور غذا کو ہضم کرتی ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک۔

طریقہ استعمال: یہ معجون صبح یا رات کو سوتے وقت ۲۵۰ ملی لٹر دودھ سے کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

معجون مومیائی: یہ اعلا درجہ کی مقوی اعصاب اور مقوی باہ ہے، مباشرت کے بعد کی کمزوری اس کے کھانے سے دور ہو جاتی ہے، حرارت غریزی کو بڑھاتی اور عام جسمانی کمزوری کو دور کرتی ہے۔

مقدار خوراک: ۳ گرام

طریقہ استعمال: یہ معجون صبح کو ۲۵۰ ملی لٹر دودھ سے کھائیں۔

پیک سائز: ۳۰ گرام

ہمدوجین: محرک، مقوی اور مؤثر ادویہ کا ایک ایسا مخصوص مرکب ہے جو نظام جسم انسانی کی کھوئی ہوئی طاقت کو دوبارہ واپس لاتا ہے اور جنسی صحت بحال کرتا ہے۔ اس سے ماندگی اور تھکاوٹ دور ہوتی ہے۔ ہمدوجین مردانہ طاقت میں اضافہ کرتا ہے اور ضعف اعصاب کو دور کرتا ہے۔ صحت مند مردوں میں جنسی وظائف میں بہتری پیدا کرتا ہے۔ ہمدوجین اپنے دوائی خواص کی وجہ سے جوان اور عمر رسیدہ مردوں کے لیے ایک مثالی ٹانک ہے۔ اسے کسی نقصان کے احتمال کے بغیر عرصۂ دراز تک استعمال کیا جا سکتا ہے۔

مقدار خوراک: ایک سے ۲ کیپسول

طریقہ استعمال: صبح و شام دودھ یا پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۵۰ کیپسول

عرق عنبر، کشتہ طلاء کلاں، کشتہ نقرہ بھی ضعف باہ میں مفید ہیں۔ یہ ''ضعف قلب'' میں درج ہیں۔ معجون سپاری پاک بھی ضعف باہ میں فائدہ دیتی ہے۔ ''جریان'' کے زیر عنوان لکھی گئی ہے۔

جریان و کثرت احتلام

بلوطی: ہر قسم کے جریان کی اکسیر دوا ہے، جریان منی، جریان مذی اور جریان ودی تینوں قسم کا جریان اس کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ دوا گردوں اور مثانہ کو طاقت پہنچاتی ہے۔ پیشاب کی زیادتی کو روکتی ہے۔ کمر کے درد کو دور کرتی ہے، بچوں کے بستر پر پیشاب کرنے کی عادت بھی اس دوا کے استعمال سے چھوٹ جاتی ہے۔

طریقہ استعمال: ۵ گرام رات کو سوتے وقت دودھ سے لیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام

جرنائڈ: یہ دوا اعضائے تناسل کی بڑھتی ہوئی حس (ذکاوت حس) کو دور کر کے جریان منی، جریان مذی اور جریان ودی کو روک دیتی ہے۔ اس کے علاوہ آنتوں میں تحریک پیدا کر کے دائمی قبض کو رفع کرتی ہے۔ مستقل فائدے کے لیے اسے دو مہینے لگاتار استعمال کرنا چاہیے۔

طریقہ استعمال: ۵ ملی لٹر کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت لیں۔

پیک سائز: ۱۰۰ ملی لیٹر

شربت سلاجیت: جریان، رقت اور احتلام میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۵ ملی لٹر

طریقہ استعمال: یہ شربت صبح و شام پئیں۔

پیک سائز: ۱۰۰ ملی لیٹر

قرص جریان: کثرت جماع، جلق اور جوانی کی دوسری غلط کاریوں کی وجہ سے اعضائے تناسل کی ذکاوت حس بڑھ جاتی ہے جس کی وجہ سے جریان منی، جریان مذی اور کثرت احتلام کی شکایت پیدا ہو جاتی ہے، ایسی حالت میں قرص جریان کے

استعمال سے یہ شکایتیں بہت جلد دور ہو جاتی ہیں۔

مقدار خوراک: ۴ قرص

طریقہ استعمال: صبح کو دودھ کے ساتھ یا رات کو سوتے وقت پانی یا دودھ کے ساتھ کھائیں۔

پیک سائز: ۵۰ ٹکیاں

قرص سلاجیت: جریان منی، جریان مذی اور جریان ودی میں مفید ہیں۔ یہ بیماریاں ان کے استعمال سے بہت جلد دور ہو جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ پیشاب کی زیادتی کو روکتے ہیں اور عام جسمانی کمزوری میں مفید ہیں۔

مقدار خوراک: ۲ ٹکیاں

طریقہ استعمال: صبح کو ۲۵۰ ملی لٹر دودھ سے کھائیں۔

پیک سائز: ۵۰ ٹکیاں

قرص سیاہ جریان: جوانی کی غلط کاریوں کی وجہ سے جو احتلام اور جریان کی شکایت ہوتی ہے اس کو دور کرتی ہیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی صبح و شام پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۳۰ ٹکیاں

کشتہ سرب: جریان اور رقت و سرعت میں مفید ہے اور سیلان الرحم کو دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۶۰ ملی گرام یا ایک قرص

طریقہ استعمال: یہ کشتہ مکھن میں ملا کر کھائیں یا کسی مناسب معجون میں رکھ کر استعمال کریں۔

پیک سائز: ۱۰ گرام

کشتہ صدف: مردوں کے جریان اور عورتوں کے سیلان میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۶۰ ملی گرام یا ایک قرص

طریقہ استعمال: یہ کشتہ مکھن ۲۵ گرام میں رکھ کر کھائیں۔

پیک سائز: کشتہ ۱۵ گرام اور ۶۰ ٹکیاں

کشتہ قلعی: رقت و سرعت، جریان اور کثرت احتلام کی شکایت دور کرتا ہے۔ ضعف باہ (بوجہ جریان) میں بھی مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۱۲۵ ملی گرام یا ۲ قرص۔

طریقہ استعمال: یہ کشتہ، معجون آرد خرما ۱۰ گرام میں رکھ کر کھائیں اور اوپر سے ۲۵۰ ملی لٹر دودھ پئیں۔

پیک سائز: کشتہ ۱۰ گرام اور ۶۰ ٹکیاں

کشتہ مثلث: جریان، رقت و سرعت اور کثرت احتلام کو دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۶۰ ملی گرام یا ۲ قرص

طریقہ استعمال: یہ کشتہ، معجون آرد خرما ۱۰ گرام میں رکھ کر کھائیں، اوپر سے ۲۵۰ ملی لٹر دودھ پئیں۔

پیک سائز: کشتہ ۱۰ گرام اور ۶۰ ٹکیاں

مثالی: اعضاء تناسل، پیشاب کی نالی اور غدہ مذی کی ذکاوت حس کو دور کر کے حالت اعتدال پر لاتی ہے اور اس کے نتیجہ میں احتلام کی شکایت خواہ کیسی ہی شدید ہو دور ہو جاتی ہے۔

مقدار خوراک: ایک قرص

طریقہ استعمال: صبح یا رات کو سوتے وقت دودھ یا پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۱۵ ٹکیاں

معجون آرد خرما: یہ معجون جریان اور رقت و سرعت کو دور کرتی ہے، قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ معجون صبح کے وقت قرص کشتہ قلعی ایک عدد کے ساتھ کھائیں اور اوپر سے ۲۵۰ ملی لٹر دودھ پئیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام، ۲۵۰ گرام اور ایک کلو

معجون جریان خاص: جریان کے لیے نہایت مفید ہے، مادۂ تولید (منی) کو پیدا کرتی اور اسے غلیظ بناتی ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ معجون صبح کو کھا کر ۲۵۰ ملی لٹر دودھ پئیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

معجون مغلظ جواہر والی: یہ معجون رقت و سرعت اور جریان کے لیے نہایت مفید ہے۔ مادۂ منویہ (منی) کو غلیظ بناتی ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ معجون صبح کو کھا کر ۲۵۰ ملی لٹر دودھ پئیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

سرعت

سرعت

حب ممسک السرخ: یہ گولیاں قوت امساک کو بڑھاتی ہیں اور مقوی باہ ہیں۔

مقدار خوراک: ۲ گولیاں

طریقہ استعمال: یہ گولی مباشرت سے دو گھنٹہ پہلے ۲۵۰ ملی لٹر دودھ سے کھائیں۔

پیک سائز: ۲۰ گولیاں

حب ممسک طلائی: قوت امساک کو بڑھاتی ہیں، اعصاب کو قوت دیتی ہیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی

طریقہ استعمال: مباشرت سے دو گھنٹے پہلے جب کہ غذا ہضم ہوچکی ہو ۲۵۰ ملی لٹر دودھ سے کھائیں۔

پیک سائز: ۵ گولیاں

حب ممسک عنبری: یہ گولیاں اعلیٰ درجہ کی ممسک ہیں، سرعت کی شکایت کو دور کرتی ہیں اور جسم کو طاقت دیتی ہیں۔

مقدار خوراک: دو گولیاں

طریقہ استعمال: مباشرت سے دو گھنٹہ پہلے جب کے غذا ہضم ہوچکی ہو ۲۵۰ ملی لٹر دودھ سے کھائیں۔

پیک سائز: ۱۰ گولیاں

حب نشاط: یہ گولیاں مقوی باہ و ممسک ہیں ان کے لگاتار استعمال سے رقت و سرعت کی شکایت دور ہوجاتی ہے۔

مقدار خوراک: ۲ گولیاں

طریقہ استعمال: غذا کے ہضم ہونے کے بعد مباشرت سے دو گھنٹے پہلے ۲۵۰ ملی لٹر دودھ سے کھائیں۔

پیک سائز: ۱۶ گولیاں

قرص ابیض: یہ قرص مادۂ تولید (منی) کی رقت اور کثرت احتلام میں مفید ہیں، کچھ دنوں کے لگاتار استعمال سے سرعت کی شکایت کو دور کردیتے ہیں۔

مقدار خوراک: ۴ ٹکیاں

طریقہ استعمال: صبح کو ۲۵۰ ملی لٹر دودھ سے کھائیں۔

پیک سائز: ۴۰ ٹکیاں

معجون مروح الارواح: یہ معجون قوت امساک پیدا کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ اس کے علاوہ اعصاب کو قوت دیتی اور عام جسمانی کمزوری کو دور کرتی ہے، نیز دل، دماغ، معدہ اور جگر کو تقویت بخشتی اور ذہن و حافظہ کو بڑھاتی ہے۔

مقدار خوراک: ایک گرام

طریقہ استعمال: یہ معجون صبح کو ۲۵۰ ملی لٹر دودھ کے ساتھ یا ۶۰ ملی لٹر ہمدرد ماء اللحم کے ساتھ کھائیں۔

پیک سائز: ۳۰ گرام

معجون مقوی و ممسک: یہ معجون قوت امساک پیدا کرنے اور قوت باہ بڑھانے میں نہایت مؤثر ہے۔

مقدار خوراک: ڈیڑھ گرام سے دو گرام تک۔

طریقہ استعمال: مباشرت سے دو گھنٹے پہلے جب کہ کھانا ہضم ہوچکا ہو ۲۵۰ ملی لٹر دودھ کے ساتھ کھائیں۔

پیک سائز: ۳۰ گرام

ملذذ عجیب: بعض اوقات طرفین فعل مباشرت سے لذت حاصل نہیں کرتے یا ایک فریق لذت اندوز ہوتا ہے اور دوسرا محروم رہتا ہے، اس دوا کا استعمال اس نقص کو دور کرتا ہے۔

طریقہ استعمال: تھوڑی دوا (۱ گرام) لے کر روغن چنبیلی ۲ ملی لٹر میں ملا کر عضو مخصوص پر ملیں۔ اور ۱۵ منٹ کے بعد مشغول ہوں۔

پیک سائز: ۱۰ گرام

ممسک بے نظیر: یہ دوا قوت امساک پیدا کرنے میں بے نظیر ہے، امساک کے ساتھ کیف و سرور پیدا کرتی ہے۔

طریقہ استعمال: ایک گرام یہ دوا کھا کر اوپر سے ۲۵۰ ملی لٹر دودھ پئیں۔ اور ایک گھنٹہ بعد مشغول ہوں۔

پیک سائز: ۱۵ گرام

میٹوسین: مردوں کے نظام جسمانی کی کمزوریاں، جیسے سرعت انزال، غیر ارادی طور پر مادۂ منویہ کا اخراج یا زیادہ عمر کے سبب عام کمزوری اور غدہ مذی کے سبب دوسری جسمانی کمزوریاں میٹوسین کے لگاتار استعمال سے ختم ہوجاتی ہیں۔ میٹوسین تناسلی نظام پر مسکن اثر ڈالتی ہے اور ہمدرد لیبارٹریز کے سالہا سال کے تجربات سے اس کی افادیت ثابت ہوچکی ہے۔ میٹوسین جنسی نظام کو درست کرتی ہے اور مردوں میں بھرپور زندگی گزارنے کی خواہش کو بیدار بنائے رکھتی ہے۔ میٹوسین زہریلے یا پیچیدگی پیدا کرنے والے اثرات سے پاک ہے۔

مقدار خوراک: دو کیپسول

طریقہ استعمال: دن میں دو یا تین بار پانی، دودھ یا چائے کے ساتھ کھائیں۔ اس کے بعد بتدریج مقدار خوراک کم کی جاسکتی ہے۔

پیک سائز: ۵۰ کیپسول

عضو خاص کی نرمی اور لاغری و کجی

جینٹول: عضو خاص کی رگوں اور پٹھوں کو طاقت دیتا ہے اور اس میں دوران خون کو تیز کرتا ہے، جو عضو خاص کی ساخت میں جذب ہوکر اس کی پرورش کرتا اور ڈھیلے اور مرجھائے ہوئے پٹھوں میں نیا جوش اور نئی طاقت پیدا کرتا ہے۔

طریقہ استعمال: ۱۰ سے ۱۲ بوندیں لے کر عضو مخصوص پر ہلکے ہاتھ سے مالش کریں۔

پیک سائز: ۱۰ ملی لیٹر

دوائے تکور: عام طور پر کسی طلاء کے استعمال سے پہلے دوائے تکور استعمال کی جاتی ہے، اس کے استعمال سے عضو کی اسفنجی ساخت میں پھیلنے اور بڑھنے کی طاقت پیدا ہوتی ہے اور جوانی کی غلط کاریوں سے عضو میں جو نقائص پیدا ہوجاتے ہیں انھیں دور کرکے آئندہ استعمال ہونے والے طلاؤں کی تاثیر کے لیے زمین ہموار کرتی ہے۔

طریقہ استعمال: ۱۲ گرام دوا ململ کے ٹکڑے میں باندھکر پوٹلی بنالیں۔ ۴۰ ملی لیٹر تل کا تیل برداشت کی حد تک گرم رکھیں اور پوٹلی تیل میں ڈبو کر پندرہ منٹ تک تکور کریں۔

پیک سائز: ۸۰ گرام

دوائے مالش: یہ دوائے تکور سے پہلے استعمال کی جاتی ہے، اس سے رگوں پٹھوں میں نرمی آتی ہے اور عضو کی ساخت کے بڑھنے میں مدد ملتی ہے۔

طریقہ استعمال: رات کو سوتے وقت یہ دوا تین ملی لٹر گرم کرکے عضو مخصوص کی جڑ اور چڑھے پر ہلکے ہاتھ سے دس منٹ تک مالش کریں۔

پیک سائز: ۲۵ ملی لیٹر

ڈائنا مول (طلاء): یہ مرکب آزمودہ اور مجرب خارجی محرک، گردش خون کو تیز کرنے والی ادویہ پر مشتمل ہے۔ ڈائنا مول طلاء عضو مخصوص کی کھوئی اور خوابیدہ مردانہ طاقت کو بحال کرکے فطری اور مکمل ایستادگی پر آمادہ کرتا ہے عضوی نقائص کو دور کرنے کے لیے ڈائنا مول کی مالش بہت زود اثر ثابت ہوتی ہے۔ ڈائنا مول طلاء سے عضو مخصوص میں گردش خون تیز ہوجاتی ہے۔ سستی اور کجی دور ہوجاتی ہے۔ نسیجوں اور بافتوں میں دوران خون کی بھرپور گردش بحال ہونے کی وجہ سے ان کو تغذیہ ملتا ہے۔ خوابیدہ اور غیر متحرک جنسی مراکز میں بیداری پیدا ہوجاتی ہے جس سے فطری ایستادگی بحال ہوکر آدمی جنسی فعل سے لطف اندوز ہوتا ہے۔

طریقہ استعمال: ڈائنا مول طلاء ۱۰ قطرے مردانہ عضو پر دن میں ایک بار آہستہ آہستہ مالش کریں۔ اگر طلاء کے مسلسل استعمال سے دانے نکل آئیں یا جلن محسوس ہو تو طلاء کا استعمال روک دیں اور اس کی بجائے روغن ناریل لگائیں۔ یہ وقتی تکالیف دور ہونے پر طلاء بدستور سابق استعمال کریں۔ مکمل اور مستقل فائدے کے لیے طلاء کم از کم تین تا چار ہفتے ضرور استعمال کریں۔

پیک سائز: ۱۰ ملی لیٹر

ڈائنا مول (کریم): موجودہ طرز معاشرت کی وجہ سے پیدا ہونے والے ہمہ وقتی عصبی اور دماغی تناؤ، ناقص تغذیہ، ڈھلتی ہوئی عمر وغیرہ ایسے اہم اسباب ہیں جو انسانی زندگی پر گہرا اثر ڈالتے ہیں۔ جس کا نتیجہ مردانہ کمزوری اور ناتوانی کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔ جنسی بے رغبتی اور بے کیفی، عضو مخصوص کی ایستادگی میں جزوی کمی ہوجاتی ہے۔ دماغ سے جنسی مراکز کی پیغام رسانی اور حرکت پذیری مدھم پڑ جاتی ہے۔ اس کیفیت اور نقص کو دور کرنے کے لیے ضروری ہے کہ مردانہ عضو اور ملحقہ عضلات کی خارجی مالش کرکے ان میں حرکت پیدا کی جائے۔ ڈائنا مول کریم ان تمام نقائص کا کامیاب علاج ہے۔ ڈائنا مول کریم کی مالش سے عضو مخصوص اور دیگر جنسی مراکز کی کھوئی ہوئی اور خوابیدہ طاقت عود کر آتی ہے۔ اس میں فطری دوران خون بحال ہوکر سرد مہری دور ہوجاتی ہے۔ عضو مخصوص میں مکمل ایستادگی کی صلاحیت بحال ہوجاتی ہے۔ قدرتی امساک بحال ہوجاتا ہے۔ اس کے علاوہ ڈائنا مول کی مالش سے عضو مخصوص کی اسفنجی ساخت میں نرمی اور ملائمت پیدا ہوجاتی ہے۔ لہٰذا اگر عضو میں کجی ہو تو اس کو دور کرکے اسے سیدھا کرنے میں مدد ملتی ہے جو کہ مکمل مباشرت

اور جنسی فعل سے بھرپور لطف اندوز ہونے کے لیے نہایت ضروری ہے۔

طریقہ استعمال: تقریباً ۷۵۰ ملی گرام ڈائنا مول کریم عضو مخصوص پر دن میں ایک بار آہستہ آہستہ مالش کریں حتیٰ کہ کریم جذب ہوجائے۔ اگر متواتر اور زیادہ عرصہ استعمال سے دانے نکل آئیں یا جلن محسوس ہو تو کریم کا استعمال روک کر روغن ناریل لگائیں۔ جب یہ وقتی تکالیف دور ہوجائیں کریم کا استعمال شروع کردیں۔ مکمل فائدے کے لیے ڈائنا مول کریم کم از کم تین یا چار ہفتے استعمال کریں۔

پیک سائز: ۱۰ گرام

روغن بیر بہوٹی: اس روغن کی مالش سے عضو خاص میں قوت وحرارت پیدا ہوتی اور فربہی آتی ہے۔

طریقہ استعمال: عضو پر مالش کرکے گرم پان باندھیں۔

پیک سائز: ۲۵ ملی لیٹر

روغن خراطین: عضو میں طاقت پیدا کرتا اور سائز میں بڑھاتا ہے۔

طریقہ استعمال: عضو پر مالش کرکے اوپر سے گرم پان باندھیں۔

پیک سائز: ۲۵ ملی لیٹر

طلاء اعظم: اس طلاء کے استعمال سے عضو مخصوص کی ساخت میں دوران خون تیز ہوجاتا ہے اور اس کی کمزوری، لاغری، کجی اور کوتاہی وغیرہ شکایتیں دور ہوجاتی ہیں اور اس میں پورے طور پر سختی اور جوش پیدا ہونے لگتا ہے۔

طریقہ استعمال: آدھا گرام یہ طلاء سر اور سیون بچا کر دس منٹ تک ملیں۔ اوپر سے پان نیم گرم کرکے باندھ لیں۔ اس سے دانے نکل آئیں تو طلاء کا استعمال بند کرکے چنبیلی کا تیل لگائیں۔ دانے ٹھیک ہونے پر پھر طلاء کا استعمال شروع کردیں۔ جماع سے قطعی پرہیز کریں۔ اور سردی کے موسم میں عضو مخصوص کو دھونے کے لیے نیم گرم پانی کا استعمال کریں۔

پیک سائز: ۱۰ گرام

طلاء سرخ: جلق اور دوسری بری عادتوں کی وجہ سے عضو مخصوص میں جو خرابیاں مثلاً کجی، لاغری وغیرہ پیدا ہوجاتی ہیں، وہ سب اس طلاء کے استعمال سے دور ہوجاتی ہیں۔

طریقہ استعمال: ۵۰۰ ملی گرام یہ طلاء لے کر عضو مخصوص کی پشت اور دائیں بائیں حصہ پر مالش کریں، سیون اور حشفہ کو بچائیں، اوپر سے پان گرم کرکے باندھیں۔ جب اس کے استعمال سے دانے نکل آئیں یا آبلہ پڑ جائے تو طلاء کا استعمال بند کرکے روغن چنبیلی لگائیں۔ جب دانے اچھے ہوجائیں، پھر طلاء استعمال کریں۔ اس طرح کئی بار کریں۔ یہاں تک کہ عضو مخصوص کی خرابیاں دور ہوجائیں۔

پیک سائز: ۱۰ گرام

طلاء شباب آور: یہ طلاء عضو خاص میں تحریک وتقویت پیدا کرنے کی زبردست تاثیر رکھتا ہے، یہ عضو خاص کے رگوں پٹھوں میں خون کے دوران کو بڑھا کر ان میں نئی زندگی اور نیا جوش پیدا کرتا ہے۔ بوڑھے لوگوں میں اس کے استعمال سے جوانی کی یاد تازہ ہوجاتی ہے۔ عضو کی نرمی سختی سے بدل جاتی ہے۔

طریقہ استعمال: نصف گرام یہ طلاء سر اور سیون بچا کر دس منٹ تک مالش کریں۔ اس کے بعد بنگلہ یا معمولی پان نیم گرم باندھیں۔ اگر پان باندھنے میں طوالت نظر آئے تو صرف طلاء استعمال کریں۔ اگر طلاء کے دوران استعمال دانے نکل آئیں (جو کبھی۔ کبھی نکلتے ہیں) تو طلاء کا استعمال موقوف کرکے چنبیلی کا تیل لگائیں۔ اس کے بعد پھر طلاء کا استعمال شروع کردیں۔

پیک سائز: ۱۰ ملی لیٹر

طلاء مسکن: جلق، کثرت جماع وغیرہ کی وجہ سے اگر عضو مخصوص میں ذکاوت حس پیدا ہوجائے جس کی وجہ سے ادنیٰ تحریک سے مادۂ تولید خارج ہوجاتا ہو اور احتلام کثرت سے ہونے لگے تو اس طلاء کے استعمال سے بڑا فائدہ ہوتا ہے۔

طریقہ استعمال: اس طلاء میں روئی کی پھریری بھگو کر سارے عضو اور فوطوں پر لگائیں۔ روزانہ اسی طرح کریں۔

پیک سائز: ۲۵ ملی لیٹر

طلاء مقوی خاص: کثرت مباشرت، جلق اور دوسری بری عادت کی وجہ سے عضو مخصوص میں جو خرابیاں (مثلاً عضو کا ڈھیلا پن، کجی لاغری وغیرہ) پیدا ہوجاتی ہیں، یہ طلاء ان کا مکمل علاج ہے۔ اس کے استعمال سے عضو مخصوص کے رگوں پٹھوں میں نئی طاقت پیدا ہوجاتی ہے اور دوران خون تیز

ہوجانے سے عضو کی غذائیت بڑھ جاتی ہے جس سے عضو فربہ ہوتا ہے اور اس میں پوری طرح سختی ہونے لگتی ہے۔

طریقہ استعمال: یہ طلاء آدھا ملی لیٹر سے تین چوتھائی ملی لیٹر تک لے کر عضو مخصوص کے چاروں طرف (اگلا حصہ بچا کر) ہلکے ہاتھ سے ملیں۔ اور تھوڑی دیر جڑ کے چاروں طرف بھی مالش کریں۔ آٹھ دس منٹ مالش کرنا کافی ہے۔

پیک سائز: ۱۰ ملی لیٹر

عورتوں کی مخصوص بیماریاں

متعدد بیماریوں میں مفید دوائیں

مستورین: ماہواری کی تکلیفوں، ایام کی بے قاعدگیوں، سیلان الرحم، خصیۃ الرحم کی بیماریوں اور رحم (بچہ دانی) کے دوسرے عوارض کو دور کرنے والی مجرب دوا ہے۔ ان تکلیفوں کی وجہ سے عورت کی زندگی اجیرن ہوجاتی ہے، شاداب وحسین چہرہ کمہلا کر بے رونق و بدنما ہوجاتا ہے، لیکن مستورین تمام تکلیفوں کو دور کر کے عام صحت کی بحالی میں معاون بنتی ہے۔

طریقہ استعمال: ۱۰ ملی لیٹر (دو چائے کے چمچے) ایک کپ پانی میں ملا کر صبح نہار منہ یا رات کو سوتے وقت استعمال کریں۔ البتہ موسم سرما میں نیم گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ پرانی بیماری میں صبح اور رات دونوں وقت استعمال کریں۔

مستورین بالکل بے ضرر ہے۔ اور دو تین ماہ تک لگا تار استعمال کی جاسکتی ہے۔ البتہ دوران ایام اس کا استعمال بند کردیں۔

پیک سائز: ۱۰۰ ملی لیٹر اور ۲۰۰ ملی لیٹر

معجون مقوی رحم: یہ معجون رحم کو طاقت دیتی ہے، اس کی تیاری میں خصیۃ الرحم کے لیے افعال کا خاص خیال رکھا گیا ہے، اس لیے جو عورتیں وقت سے پہلے بوڑھی معلوم ہونے لگتی ہیں، ان کے چہرے پر جھریاں پڑ جاتیں اور ان کی جاذبیت ختم ہوجاتی ہے، ایسی صورت میں یہ خاص طور پر مفید ہے۔

طریقہ استعمال: ۵ گرام پانی۔ دودھ عرق مکوہ یا عرق بادیان سے کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام

معجون سہاگ سونٹھ: عورتوں کے اکثر امراض میں مفید ہے رحم کو طاقت دیتی اور اس کی کئی خرابیوں کو دور کرتی ہے۔ درد کمر کو تسکین دیتی اور بچہ پیدا ہونے کے بعد کی کمزوری کو رفع کرتی ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

پیک سائز: ۱۲۵ گرام

طریقہ استعمال: یہ معجون صبح کو ۲۵۰ ملی لٹر دودھ سے کھائیں۔

معجون زنجبیل بھی عورتوں کی کئی بیماریوں میں مفید ہے جو آئندہ صفحات میں درج ہے۔

ورم رحم۔سختی رحم

مرہم داخلیون: رحم اور متعلقات رحم کے ورم کو تحلیل کرنے کے لیے نہایت مفید ہے۔ اس کے استعمال سے رحم کی سختی بھی دور ہوجاتی ہے نیز رسولیاں اور گلٹیاں اس کے لگاتار استعمال سے گھل جاتی ہیں۔

طریقہ استعمال: یہ مرہم ۵ گرام لے کر اس میں ہری مکوہ کا پانی ۵ ملی لٹر ملائیں اور اس میں روئی لتھیڑ کر دایہ سے اندام نہانی میں رکھوائیں۔ اگر ہری مکوہ نہ ملے تو تنہا مرہم استعمال کریں۔

پیک سائز: ۵۰ گرام

مہبول: یہ اندام نہانی کے ورم اور اس کی دوسری خرابیوں کو دور کرنے والی خاص دوا ہے، اندام نہانی کی سوزش، دکھن اور اس سے رطوبت کا بہاؤ (سیلان مہبلی) کو ختم کردیتی ہے، اندام نہانی کے ورم کو تحلیل کرتی ہے اور اس کی غشائے مخاطی (اندرونی لعاب دار جھلی) کو اصلی حالت میں لے آتی ہے۔

طریقہ استعمال: دو بتیاں اندام نہانی میں رات کو سوتے وقت رکھی جائیں۔ پانچ دن لگا تار استعمال کر کے دو دن کا وقفہ دینا مناسب ہے۔

پیک سائز: ۱۵ عدد

ضماد جالینوس بھی رحم کے ورم سختی کو دور کرتا ہے اور ''ورم جگر'' کے زیر عنوان لکھا گیا ہے۔

سیلان الرحم

حب مروارید: عورتوں کے مرض سیلان میں مفید ہیں۔ اعصاب کو قوت دیتیں اور عام جسمانی کمزوری کو دور کرتی ہیں۔

مقدار خوراک: ایک گولی

طریقہ استعمال: صبح اور شام دودھ سے کھائیں۔

پیک سائز: ۲۰ گولیاں

سیلانول: یہ دوا سیلان مہبلی کے لیے (جس میں ۷۵ فیصدی عورتیں مبتلا ہوتی ہے) اکسیری دوا ہے، اس مرض میں اندام نہانی میں ہلکی خارش اور جلن ہوتی ہے دودھیا رنگ کی سفید رطوبت خارج ہوا کرتی ہے، اس دوا کے استعمال سے یہ شکایت دور ہوجاتی ہے اور اس کی وجہ سے پیدا ہونے والی جسمانی کمزوری بھی رفع ہوجاتی ہے، بھوک خوب لگنے لگتی ہے اور خون کی پیدائش بڑھ جاتی ہے۔

مقدار خوراک: دو ٹکیاں

طریقہ استعمال: رات کو سوتے وقت دودھ یا پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۲۵ ٹکیاں

فرزین: سیلان الرحم میں مفید ہے۔ اس کے استعمال سے رحم کی فضول رطوبتیں خارج ہوکر رحم اور متعلقات رحم کا ورم دور ہوجاتا ہے۔ اس کے استعمال کے بعد عروسک کا استعمال ضروری ہے۔

طریقہ استعمال: زمانہ ماہواری ایام سے فراغت کے بعد رات کو سوتے وقت دو بتیاں اندام نہانی میں خوب اندر تک رکھیں۔

پیک سائز: ۲۰ شیاف

معجون موچرس: سیلان الرحم کے لیے مفید ہے، رحم کی خراب رطوبتوں کو خشک کرتی اور رحم کو طاقت دیتی ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ معجون صبح کو ۲۵۰ ملی لٹر دودھ سے کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

مہبول اور مستورین ''ورم رحم'' میں تحریر ہے، سیلان میں بھی مفید ہیں۔

کثرت حیض

سفوف حابس: کثرت حیض کو روکتا ہے، ایام ماہواری کی بے قاعدگی کو دور کرتا ہے۔ مردوں کے جریان اور عورتوں کے سیلان میں مفید ہے، خون بواسیر بھی اس کے استعمال سے رک جاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام

طریقہ استعمال: یہ سفوف صبح کو ۲۵۰ ملی لٹر دودھ یا تازہ پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام

قرص بندش خون اور شربت انجبار بھی کثرت حیض میں مفید ہیں، جو نفث الدم (خون تھوکنا) میں تحریر ہیں۔

بندش حیض

حب مدر: ان گولیوں کے استعمال سے حیض کھل کر آنے لگتا ہے۔

مقدار خوراک: ایک گولی

طریقہ استعمال: ایام ماہواری شروع ہونے سے تین دن پہلے یہ گولیاں صبح، دوپہر اور شام کو پانی کے ساتھ نگل جائیں، ماہواری شروع ہونے کی صورت میں ان کا استعمال مناسب نہیں ہے۔

پیک سائز: ۱۵ گولیاں

شربت مدر: ایام حیض بند ہوں یا کمی کے ساتھ آتے ہوں تو اس شربت کے استعمال سے جاری ہوجاتے ہیں، اگر خون نفاس بند ہوتو وہ بھی جاری ہوجاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۵۰ ملی لٹر

طریقہ استعمال: یہ شربت، عرق بادیان ۱۲۵ ملی لٹر میں ملا کر صبح اور شام دونوں وقت پئیں۔

پیک سائز: ۱۰۰ ملی لیٹر اور ۲۰۰ ملی لیٹر

ماہواری: اکثر مستورات کو رحم کی کمزوری یا خصیۃ الرحم کے فعل کی خرابی کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جسم کا جوڑ جوڑ ٹوٹنے لگتا ہے، پیروں میں شدید درد اور بے چینی ہوتی ہے، حیض کھل کر نہیں آتا۔ اس دوا کے استعمال سے حیض کھل کر اور باقاعدہ آنے لگتا ہے اور مریضہ کو ان تمام تکلیفوں سے نجات مل جاتی ہے۔

مقدار خوراک: دو کیپسول

طریقہ استعمال: ایام مقررہ کے دو تین دن پہلے صبح و شام دونوں وقت دودھ یا پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۵۰ کیپسول

معجون زنجبیل: اس معجون کے استعمال سے ایام ماہواری بے قاعدگی سے آنے اور درد سے آنے کی شکایت دور ہوجاتی ہے، سیلان میں فائدہ ہوتا ہے، وضع حمل کے بعد کی کمزوری کو دور کرنے کے لیے بھی مفید ہے۔ مردوں کے لیے مقوی و ممسک ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ معجون صبح کو ۲۵۰ ملی لٹر دودھ سے کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام

کشادگی

عروسک: اس کے استعمال سے اندام نہانی کو سکیڑنے والے عضلات اور اس کی دوسری ساختیں مضبوط ہوتی ہیں، اندام نہانی کی زائد رطوبت خشک ہوجاتی ہے اور وہ ڈھیلی پڑ گئی ہو یا کشادہ ہوگئی ہو تو صحیح حالت میں آجاتی ہے۔ سیلان کی شکایت جاتی رہتی ہے۔ اس کے علاوہ اگر رحم (بچہ دانی) ٹیڑھی ہوگئی ہو یا باہر نکل آئی ہو تو وہ بھی درست ہوجاتی ہے اور تنگی پیدا ہوجاتی ہے۔

طریقہ استعمال: روئی کا پھویا (پھریری) پر لگا کر اندام نہانی میں دونوں طرف رکھیں۔

پیک سائز: ۵۰ گرام

استقرار حمل

حب حمل: جن مستورات کو حیض باقاعدہ آتا ہو، لیکن کسی اندرونی خرابی کی وجہ سے استقرار حمل نہ ہوتا ہو، ان گولیوں کے استعمال سے وہ خرابی دور ہوکر حمل قرار پاجاتا ہے۔

مقدار خوراک: ایک گولی

طریقہ استعمال: ایام ماہواری سے فارغ ہونے کے بعد صبح اور شام یہ گولی ۲۵۰ ملی لٹر دودھ سے کھائیں۔ تین دن کھانے کے بعد چوتھے دن مباشرت کریں۔ اسی طرح دوسرے اور تیسرے مہینے استعمال کریں۔

پیک سائز: ۲۰ گولیاں

حلوائے سپاری پاک: جو مرد و عورت اولاد سے محروم ہوں اور ان میں کوئی عضوی خرابی نہ ہو، وہ دونوں اس حلوے کو ۴۰ دن استعمال کریں، اگر خدا نے چاہا تو ان کی امید پوری ہوگی۔ مردوں کا جریان، رقت و سرعت اور عورتوں کا سیلان بھی اس کے استعمال سے دور ہوجاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۲۵ گرام

طریقہ استعمال: یہ حلوا روزانہ صبح سویرے نہار منہ ۲۵۰ ملی لٹر دودھ سے کھائیں۔

پیک سائز: ۲۵۰ گرام

دوائے ابیض: اگر رحم کی کمزوری سے حمل قرار نہ پاتا ہو تو یہ دوا استقرار حمل کی استعداد پیدا کرتی ہے۔

مقدار خوراک: ۵۰۰ ملی گرام

طریقہ استعمال: یہ دوا معجون حمل عنبری یا معجون سپاری پاک ۱۰ گرام میں ملا کر دودھ سے کھائیں۔

پیک سائز: ۱۰ گرام

معجون سپاری پاک: یہ معجون استقرار حمل میں مدد دیتی ہے اور وضع حمل کے بعد کی کمزوری کو دور کرتی ہے، اس کے علاوہ مردوں کے لیے مقوی و ممسک ہے اور عورتوں کے مرض سیلان اور درد کمر کو دور کرتی ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ معجون صبح کو دودھ سے کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

معجون مقوی رحم جو پچھلے صفحات میں لکھی گئی ہے، استقرار حمل میں مدد دیتی ہے۔

اسقاط حمل

معجون حمل عنبری علوی خانی: جن مستورات کا حمل بار بار ساقط ہوتا رہتا ہو یا بچے زندہ نہ رہتے ہوں، سوکھ سوکھ کر مرجاتے ہوں، اس معجون کے استعمال سے حمل اسقاط سے محفوظ رہتا ہے اور بچہ تندرست و توانا پیدا ہوتا ہے۔

مقدار خوراک: ۶-۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ معجون صبح کو ۲۵۰ ملی لٹر دودھ سے کھائیں۔

پیک سائز: ۶۰ گرام

معجون نشارۂ عاج والی: جو عورتیں اسقاط حمل کی عادی ہوتی ہیں، تیسرے چوتھے مہینے ان کے حمل ساقط ہوتے رہتے ہیں، اس معجون کے استعمال سے ان کا حمل محفوظ رہتا ہے اور صحیح

وقت پر تندرست وتوانا بچہ پیدا ہوتا ہے۔

مقدار خوراک: ۶-۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ معجون صبح کو ۲۵۰ ملی لٹر دودھ سے کھائیں۔

پیک سائز: ۶۰ گرام

عوارض حمل

قرص حوامل: حمل کے زمانے میں متلی اور قے، طبیعت کا گرے گرے رہنا، ابکائیوں کا آنا، دردسر، بھوک کی کمی جیسی شکایتیں حاملہ کو اکثر ستاتی رہتی ہیں اور ان کی وجہ سے حمل گر جانے کا اندیشہ لگا رہتا ہے۔ قرص حوامل ان تمام عوارض کا کامیاب علاج ہیں۔ ان کے استعمال سے یہ سب عوارض دور ہو جاتے ہیں اور پیٹ میں بچہ صحیح وسالم رہتا اور وقت مقررہ پر تندرست وتوانا پیدا ہوتا ہے۔

مقدار خوراک: ایک قرص

طریقہ استعمال: صبح اور شام شربت انار ۱۰ ملی لٹر میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۲۰ گولیاں

معجون حمل عنبری علوی خانی اور معجون مقوی رحم بھی عوارض حمل میں مفید ہیں ان کا ذکر گزشتہ صفحات میں درج ہے۔

پرسوت

عرق وسمول: عورتوں کے مرض پرسوت میں مفید ہے، جس میں ذرا سردی لگنے یا پانی کے چھینٹے پڑنے سے بخار ہو جاتا اور تمام بدن میں درد ہونے لگتا ہے۔

مقدار خوراک: ۵-۷ ملی لٹر

طریقہ استعمال: یہ عرق صبح وشام پئیں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

شربت بزوری معتدل اور عرق مکوہ مرض پرسوت میں بدرقہ کے طور پر استعمال کیے جاتے ہیں۔

خارش اندام نہانی

ہکنو لین: یہ زنانہ اعضائے تناسل کی خارش کے لیے اکسیری مرہم ہے، خارش خواہ اندام نہانی کے باہری حصہ میں ہو یا خواہ اندرونی حصہ میں، اور یہ خون کی خرابی سے ہو یا بالوں میں جوئیں پڑ جانے سے، ان سب حالتوں میں اس کا استعمال مفید ہے۔ پرانی سے پرانی تکلیف جس کی وجہ سے رات کو نیند حرام ہو اس کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔

طریقہ استعمال: اس مرہم کو دن میں دو بار لگائیں۔

پیک سائز: ۵۰ گرام

اگر خون کی حدت اور گرمی اس مرض کا سبب ہو تو ''صافی'' استعمال کریں یا شربت عناب ۲۵ ملی لٹر میں عرق شاہترہ ۱۲۵ ملی لٹر ملا کر پئیں۔

دودھ کی زیادتی

اگر کسی عورت کی چھاتیوں میں دودھ کی پیدائش ضرورت سے زیادہ بڑھ جائے تو معجون نانخواہ کے استعمال سے معتدل ہو جاتی ہے۔

پستانوں کا لٹک جانا

ضماد شباب: اس ضماد کے لگانے سے لٹکے ہوئے پستان صحیح حالت میں آ جاتے ہیں۔

طریقہ استعمال: رات کو سوتے وقت ہلکے ہاتھ سے چھاتیوں پر مالش کریں۔ اس کے بعد انگیہ پہن لینی چاہیے۔

پیک سائز: ۵۰ گرام

بچوں کی بیماریاں

دق الاطفال۔سوکھا

نونہال بے بی ٹانک: اس نونہال میں وہ تمام وٹامن شامل ہیں جو کمزور بچوں کو تندرست وتوانا بناتے ہیں۔ بچوں کی عام جسمانی کمزوری، سوکھا (سوکھیا مسان) ہڈیوں کی نرمی اور ان کا ٹیڑھا پن، جوڑوں کی سوجن، مسوڑھوں کی سوجن، جلد کا کھردرا پن، منھ آنا، نزلہ وزکام کی زیادتی، یہ سب شکایتیں نونہال بے بی ٹانک کے استعمال سے دور ہو جاتی ہیں۔

طریقہ استعمال: دوا کے ساتھ ہے۔

پیک سائز: ۱۰۰ ملی لیٹر

ہمدرد لال تیل: یہ تیل بچوں کے ہاتھ پیروں کی جھریوں اور ٹیڑھی میڑھی ہڈیوں کو ٹھیک کرتا ہے۔ سوکھے کے مرض میں نہایت اثردار تیل ہے۔

طریقہ استعمال: بچوں کے ہاتھ پیروں پر مالش کریں۔
پیک سائز: ۵۰ ملی لیٹر اور ۱۰۰ ملی لیٹر

اکسیر الاطفال اور سفوف چٹکی جو کہ بدہضمی اور قبض میں مذکور ہیں بچوں کے مرض سوکھا میں مفید ہیں۔

پیاس کی زیادتی

عرق پودینہ اور عرق بادیان پیاس کی زیادتی میں مفید ہیں۔ ان کا ذکر "معدے کی بیماریاں" عنوان کے تحت درج ہے۔

بدہضمی-قبض

اکسیر الاطفال: یہ بچوں کے معدے کو صحیح حالت میں رکھتا ہے ہضم کی خرابیوں کو رفع کرتا ہے اور ان کی نشو ونما کو قائم رکھتا ہے۔

طریقہ استعمال: ۶ ماہ سے ایک سال تک کے بچوں کے لیے ۱/۲ گرام۔ ایک سال سے تین سال کے بچوں کے لیے ۱/۲ ۱ گرام، ۳ سال سے زیادہ عمر کے بچوں کے لیے ۳ گرام۔

پیک سائز: ۵۰ گرام

سفوف چٹکی: یہ سفوف بچوں کی کئی بیماریوں میں کام آتا ہے، بدہضمی کی اصلاح کرتا اور قبض کو دور کرتا ہے، قوت ہاضمہ کو بڑھاتا اور ریاح کو خارج کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۵۰۰ ملی گرام سے ایک گرام تک۔

طریقہ استعمال: یہ سفوف بچے کو تھوڑے پانی میں گھول کر پلائیں۔

پیک سائز: ۵۰ گرام

ہمدرد جنم گھٹی: نومولود، شیر خوار اور کمسن بچوں کا پیٹ اور آنتیں صاف رکھنے اور قبض، دائمی ضعف معدہ، اپھارا، پیٹ کے درد اور اینٹھن، مروڑ وغیرہ جیسی شکایات میں نہایت فائدہ مند ہے۔

طریقہ استعمال: ایک سے ۳ ماہ تک ۱ ملی لیٹر (۲۰ بوندیں)

چار سے چھ ماہ تک ۲.۵ ملی لیٹر (۱/۲ چمچہ)

۷ ماہ اور زیادہ ۵ ملی لیٹر (ایک چمچہ)

جب ضرورت ہو ماں کے دودھ، گائے کے دودھ یا ہلکے گرم پانی میں ملا کر دیں۔

پیک سائز: ۲۵ ملی لیٹر اور ۵۰ ملی لیٹر

نونہال گرائپ سیرپ: بچوں کے قبض، بدہضمی، دودھ ڈالنا، دست اور پیچش، دانت نکالنا، جگر اور تلی کا بڑھنا، نیند میں چونکنا، منھ آنا، رال بہنا، چنونے (پیٹ کے کیڑے) اور پیاس کی شدت کو دور کرنے کے لیے نہایت مفید ہے۔

طریقہ استعمال: ایک سے تین ماہ تک۔ ۱۰ سے ۲۰ بوندیں

تین سے چھ ماہ تک ۱/۲ چمچہ سے ۱ چمچہ

چھ ماہ سے ایک سال تک ۱ چمچہ سے ۱/۲ ۱ چمچہ

ایک سے تین سال تک ۱/۲ ۱ چمچہ سے ۲ چمچہ

تین سال سے زائد ۲ چمچہ

پیک سائز: ۱۰۰ ملی لیٹر اور ۲۰۰ ملی لیٹر

ہمدرد گرائپ واٹر: بچوں کی پیٹ کی تکلیف اور بے چینی کو دور کرتا ہے اور دانت نکلنے کے دنوں میں خاص کر مفید ہے۔ اس میں عرق زیرہ، عرق اجوائن، عرق سونف، عرق سویا، عرق پودینہ اور سوڈیم بائی کاربونیٹ آئی-پی جیسی چیزیں شامل ہیں۔

طریقہ استعمال: (دن میں دوبار) ۳ ماہ تک-۱۰ سے ۲۰ بوندیں۔

تین سے چھ ماہ تک ۱/۲ چمچہ سے ۱ چمچہ

چھ ماہ سے ایک سال تک ۱/۲ ۱ چمچہ سے ۲ چمچہ

پیک سائز: ۱۰۰ ملی لیٹر اور ۲۰۰ ملی لیٹر

ڈبہ-پسلی چلنا

قیروطی آرد کرسنہ: نمونیہ، پسلی کے درد اور ضیق النفس (دمہ) میں سینے پر مالش کی جاتی ہے۔

طریقہ استعمال: ضرورت کے مطابق یہ قیروطی لے کر گرم کرکے مالش کریں اور اوپر سے روئی گرم کرکے باندھیں۔

پیک سائز: ۵۰ گرام

کالی کھانسی

لعوق آب تربوز والا اور لعوق سپستاں خیار شنبری بچوں کی کالی کھانسی میں فائدہ دیتی ہیں۔ ان سب دواؤں کا ذکر گزشتہ صفحات میں درج ہے۔

جوڑوں کی بیماریاں

وجع مفاصل-گٹھیا

اوجاعی: جوڑوں کے درد (گٹھیا) کی نہایت مفید دوا ہے۔

گٹھیا کے علاوہ نقرس (گاؤٹ) میں بھی فائدہ دیتی ہے۔ دل کے کسی مرض کے بعد یا آتشک، سوزاک کے بعد جوڑوں میں درد ہونے لگتا ہے، اس کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔

طریقہ استعمال: ایک۔ایک کیپسول صبح - دوپہر شام کو کھائیں۔

پیک سائز: ۵۰ کیپسول

حب اسگند: گٹھیا اور درد کمر میں مفید ہے

مقدار خوراک: ۲ گولیاں

طریقہ استعمال: رات کو پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۵۰ گولیاں

حب سورنجان: جوڑوں کے درد کے لیے خصوصیت سے مفید ہیں۔ عضلات واعصاب۔ کے درد کو دور کرتی ہیں، قبض کو رفع کرتی ہیں۔

مقدار خوراک: ۳ یا ۴ گولیاں

طریقہ استعمال: رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۱۰۰ گولیاں اور ۱۰۰۰ گولیاں

حلوائے گھیکوار: گٹھیا اور کمر کے درد کو دور کرتا ہے، کھانسی اور دمہ میں مفید ہے۔ جاڑوں میں اس کا استعمال خاص طور پر مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۲۵ گرام

طریقہ استعمال: یہ حلوا صبح سویرے یا رات کو سوتے وقت کھا کر اوپر سے ۲۵۰ ملی لٹر دودھ پئیں۔

پیک سائز: ۵۰ گرام

روغن بابونہ: گٹھیا کے درد کو اور دوسرے دردوں کو تسکین دیتا ہے، ورم کو تحلیل کرتا ہے۔

طریقہ استعمال: نیم گرم مالش کر کے روئی گرم کر کے باندھیں۔

پیک سائز: ۲۵ ملی لیٹر

روغن حنا: گٹھیا میں فائدہ دیتا ہے۔

طریقہ استعمال: نیم گرم مالش کر کے روئی گرم کر کے باندھیں۔

پیک سائز: ۲۵۰ ملی لیٹر

روغن سورنجان: گٹھیا، نقرس اور درد کمر کے لیے مفید ہے۔

طریقہ استعمال: نیم گرم مالش کر کے روئی گرم کر کے باندھیں۔

پیک سائز: ۲۵ ملی لیٹر

روغن کچلہ: گٹھیا، نقرس اور عرق النساء میں مفید ہے۔

طریقہ استعمال: نیم گرم مالش کر کے روئی گرم کر کے باندھیں۔

پیک سائز: ۵۰ ملی لیٹر

روغن مالکنگنی: یہ گٹھیا۔ نقرس۔ کمر کے درد۔ عرق النساء، اور فالج وغیرہ میں مفید ہے۔

طریقہ استعمال: نیم گرم مالش کر کے روئی گرم کر کے باندھیں۔

پیک سائز: ۲۵ ملی لیٹر

کشتہ گؤدنتی: گٹھیا، نقرس اور عرق النساء کے لیے مفید ہے۔ اس کے علاوہ ہر قسم کے بخاروں میں فائدہ دیتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۲۵ ملی گرام یا ۲ قرص۔

طریقہ استعمال: یہ کشتہ معجون سورنجان ۱۰ گرام میں رکھ کر کھائیں۔

پیک سائز: کشتہ ۱۵ گرام، گولیاں ۶۰ عدد

معجون اوجاع: یہ معجون ہر قسم کے ریحی دردوں میں مفید ہے، خصوصاً گٹھیا اور نقرس کے پرانے دردوں کے لیے اکسیر ہے، قبض کو دور کرتی ہے۔

مقدار خوراک: ۶-۱۰ گرام

طریقہ استعمال: رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

معجون چوب چینی: جوڑوں کے درد (گٹھیا) اور تمام بدن کے درد کو دور کرتی ہے، مصفی خون ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ معجون صبح کو پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

معجون چوب چینی بہ نسخہ کلاں: جوڑوں کے درد اور دوسرے اعضاء کے درد کو دور کرتی ہے، معدے کو طاقت دیتی ہے، حرارت غریزی کو بڑھاتی ہے، خون کو صاف کرتی ہے اور چہرے کا رنگ نکھارتی ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ معجون صبح کو پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۶۰ گرام

معجون سورنجان: گٹھیا، نقرس، عرق النساء کے لیے مفید ہے،

قبض کو دور کرتی ہے، جوڑوں سے گٹھیا کے مادہ کو نکالتی ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ گرام

طریقہ استعمال: رات کو سوتے وقت پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

جوہر منقیٰ، روغن سیر، روغن مالکنگنی، معجون عشبہ، معجون فلاسفہ اور معجون مصفّی خاص بھی گٹھیا میں مفید ہے۔

عرق النساء، نقرس، درد کمر

وجع مفاصل (گٹھیا) کے لیے جو دوائیں اوپر لکھی گئی ہیں، وہ سب عرق النساء، نقرس اور درد کمر میں بھی فائدہ دیتی ہیں۔

امراض عامہ

بخار

سکنجبین بزوری: صفراوی بخاروں میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۲۵ ملی لٹر سے ۵۰ ملی لٹر تک۔

طریقہ استعمال: عرق بادیان ۱۲۵ ملی لٹر یا پانی میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

شربت نیلوفر: صفراوی بخاروں میں صفراء کی تیزی کو کم کرتا اور پیاس کو بجھاتا ہے، بغیر بخار کے بھی بڑھی ہوئی گرمی کو تسکین دیتا ہے۔

مقدار خوراک: ۲۵ ملی لٹر

طریقہ استعمال: یہ شربت عرق نیلوفر ۱۲۵ ملی لٹر یا پانی میں ملا کر وقت ضرورت پئیں۔

پیک سائز: ۱۰۰ ملی لیٹر

شربت خاکسی: موتی جھرہ، چیچک، خسرہ اور میعادی بخار میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۲۵ ملی لٹر

طریقہ استعمال: یہ شربت نیم گرم پانی یا عرق گاؤزباں ۱۲۵ ملی لٹر میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۱۰۰ ملی لیٹر اور ۵۰۰ ملی لیٹر

عرق اجوائن: پرانے بخار کو دور کرتا ہے، بھوک لگاتا اور ریاح کو خارج کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۷۵ ملی لٹر

طریقہ استعمال: یہ عرق صبح و شام پئیں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

عرق نیلوفر: صفراء کی تیزی کو کم کرتا اور گرمی کو تسکین دیتا ہے، پیاس کو بجھاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۲۵ ملی لٹر

طریقہ استعمال: یہ عرق شربت نیلوفر ۲۵ ملی لٹر میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

لرزین: جاڑا بخار (ملیریا) کے لیے بہترین دوا ہے۔ حفظ ما تقدم کے طور پر بھی اس کا استعمال ملیریا سے محفوظ رکھتا ہے۔ اس کے اجزا، جسم اور خون میں شامل ہو کر ملیریا کے حملہ کو ناکام بنا دیتے ہیں۔ برسات کے دنوں میں جب ملیریا کا زور ہو تو اس کا استعمال مفید ہے۔

طریقہ استعمال: کوئی دست آور دوا کھانے کے بعد لرزین ۱۵ ملی لیٹر (تین چائے کے چمچہ برابر) کی ایک- ایک خوراک صبح- دوپہر اور شام کو پی لی جائے۔

بچوں کو عمر کے مطابق آدھی یا اس سے کم خوراک دی جائے۔ غذا میں دودھ اور پھل دینے چاہئیں۔

پیک سائز: ۵۰ ملی لیٹر

سل و دق

شربت اعجاز: سل و دق اور خشک کھانسی میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۲۵ ملی لٹر

طریقہ استعمال: یہ شربت، عرق گاؤزباں ۱۲۵ ملی لٹر میں ملا کر صبح و شام پئیں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

قرص سحر: سل و دق کی خاص دوا ہے، اس کے استعمال سے دق کی ہلکی ہلکی حرارت دور ہو جاتی ہے اور پھیپھڑوں کے ابھاروں کے تحلیل ہونے اور ان کے زخموں کے اچھا ہونے میں مدد ملتی ہے، کھانسی دور ہو جاتی ہے۔ مریض اپنے آپ کو روز بروز تندرست و توانا محسوس کرنے لگتا ہے، پھیپھڑوں کی دق کے علاوہ کسی دوسرے اعضاء کی دق ہو وہ بھی اس کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔ لیکن اس کے ساتھ "ماء الحیات" کا استعمال ضروری ہے۔

مقدار خوراک: بڑوں کو ایک ٹکیہ بچوں کو آدھی ٹکیہ

طریقہ استعمال: صبح سویرے ۵۰ ملی لٹر ماء الحیات کے ساتھ کھائیں

پیک سائز: ۱۵ ٹکیاں

قرص سرطان: سل ودق میں مفید ہیں، کھانسی کو دور کرتے ہیں۔

مقدار خوراک: ۳ قرص

طریقہ استعمال: یہ قرص صبح کو عرق گاؤزباں ۱۲۵ ملی لٹر اور شربت اعجاز ۲۵ ملی لٹر کے ساتھ کھائیں۔

پیک سائز: ۵۰ ٹکیاں

ماء الحیات: یہ ایک عرق ہے جو قرص سحر کے ساتھ استعمال کرنے سے سل و دق میں حیرت انگیز اثر دکھاتا ہے۔ پھیپھڑوں کے ابھار اور ان کے زخم اس کے استعمال سے اچھے ہوجاتے ہیں۔ ہلکی ہلکی حرارت دور ہوجاتی ہے۔ پھیپھڑوں کی دق کے علاوہ دوسرے اعضاء کی دق میں بھی مفید ہے۔

مقدار خوراک: بالغ -۶۰ ملی لیٹر، بچے -۱۰ سے ۳۰ ملی لیٹر، عمر کے مطابق۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

میعادی بخار

میعادی بخار میں شربت خاکسی مفید ہے جو ''بخار'' کے تحت بیان کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ خمیرہ مروارید، خمیرہ مروارید خاص اور خمیر مروارید بہ نسخہ کلاں میعادی بخار میں دل کو طاقت دینے اور عام جسمانی کمزوری میں مفید ہیں۔ یہ ''ضعف قلب'' کے تحت درج ہیں۔

خسرہ-چیچک

خسرہ اور چیچک میں شربت خاکسی کا استعمال مفید ثابت ہوتا ہے۔ یہ پچھلے صفحات میں 'بخار' کے زیر عنوان درج ہے۔ اس کے علاوہ خمیرہ مروارید، خمیرہ مروارید خاص اور خمیرہ مروارید بہ نسخہ کلاں کا استعمال بھی مفید ہے۔ یہ سب ''ضعف قلب'' میں لکھے گئے ہیں۔

مٹاپا

سفوف مہزل: مٹاپے کو دور کرتا ہے، کچھ دنوں تک لگاتار استعمال کرتے رہنے سے آہستہ آہستہ وزن کم ہوجاتا ہے اور بدن صحیح حالت میں آجاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام

طریقہ استعمال: صبح وشام عرق زیرہ ۷۵ ملی لٹر یا پانی کے ساتھ کھائیں۔

پیک سائز: ۵ گرام اور ۱۰۰ گرام

عرق زیرہ: مٹاپے کو دور کرنے میں مدد دیتا ہے، ریاح کو خارج کرتا اور بھوک لگاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۷۵ ملی لٹر

طریقہ استعمال: یہ عرق صبح اور شام پئیں۔ اگر سفوف مہزل کھا کر اوپر سے یہ عرق پئیں تو زیادہ بہتر ہے۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

جوارش کمونی اور معجون نانخواہ بھی مٹاپے کو دور کرنے کے لیے بہتر ہے۔

فسادخون ازور جلد کی بیماریاں

خارش-کھجلی

اطریفل شاہترہ: فساد خون کی تمام بیماریوں مثلاً خارش (کھجلی) داد، چنبل اور پھوڑے پھنسیوں میں مفید ہے۔ آتشک میں بھی فائدہ دیتا ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک۔

طریقہ استعمال: یہ اطریفل صبح یا رات کو پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

روغن کمیلہ: کھجلی کو دور کرتا اور زخموں کو خشک کرتا ہے۔

طریقہ استعمال: کھجلی پر مالش کریں اور زخموں پر لگائیں۔

پیک سائز: ۵۰ ملی لیٹر

شربت عشبہ خاص: یہ شربت اعلا درجہ کا مصفی خون ہے، فساد خون سے پیدا ہونے والی تمام بیماریوں مثلاً کھجلی، داد وغیرہ میں فائدہ دیتا ہے۔ آتشک اور سوزاک میں بھی مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۲۵ ملی لٹر سے ۵۰ ملی لٹر تک۔

طریقہ استعمال: یہ شربت صبح کو پانی میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

شربت عناب: خون کو صاف کرتا اور خون کے جوش اور

گرمی کو تسکین دیتا ہے۔

مقدار خوراک: ۲۵ ملی لٹر سے ۵۰ ملی لٹر تک۔

طریقہ استعمال: یہ شربت پانی میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۲۰۰ ملی لیٹر اور ۵۰۰ ملی لیٹر

شربت مرکب مصفی خون: فساد خون کی تمام بیماریوں مثلاً کھجلی، داد اور چنبل وغیرہ میں مفید ہے، آتشک، جذام اور سوزاک میں بھی فائدہ دیتا ہے۔

مقدار خوراک: ۲۵ ملی لٹر

طریقہ استعمال: یہ شربت عرق مرکب مصفی خون ۱۲۵ ملی لٹر میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۲۰۰ ملی لیٹر اور ۵۰۰ ملی لیٹر

صافی: یہ خون کو صاف کرنے والی لاجواب دوا ہے۔ خون کی خرابی سے پیدا ہونے والی تمام بیماریوں کے لیے اکسیر ہے۔ خارش (کھجلی) ستا رہی ہو یا تمام بدن پر داد اور چنبل پیدا ہوگئے ہوں، مہاسوں نے چہرہ کو بدنما بنا دیا ہو، پھوڑے پھنسیاں نکلتی ہوں، پتی تکلیف دیتی ہو، یہ سب بیماریاں اس کے استعمال سے دور ہوجاتی ہیں۔ آتشک، سوزاک، بھگندر جیسی بیماریوں میں بھی اس کے استعمال سے فائدہ ہوتا ہے۔ مرد وعورت، بچے اور جوان سب کے لیے یکساں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۱۰ ملی لیٹر دن میں ایک بار۔

پیک سائز: ۱۰۰ ملی لیٹر، ۲۰۰ ملی لیٹر، ۵۰۰ ملی لیٹر

عرق چرایتہ: خون کو صاف کرتا ہے، خون کی خرابی سے پیدا ہونے والی بیماریوں کو دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۲۵ ملی لٹر

طریقہ استعمال: یہ عرق صبح وشام دونوں وقت پئیں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

عرق شاہترہ: فساد خون کی تمام بیماریوں میں استعمال کیا جاتا ہے خون کی گرمی اور جوش کو تسکین دیتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۲۵ ملی لٹر

طریقہ استعمال: اس عرق میں شربت عناب ۲۵ ملی لٹر ملا کر صبح کے وقت پئیں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

عرق عشبہ: خون کو صاف کرتا ہے، آتشک میں مفید ہے، آتشک سے پیدا ہونے والی بیماریوں گٹھیا وغیرہ کو دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۲۵ ملی لٹر

طریقہ استعمال: یہ عرق شربت عشبہ ۲۵ ملی لٹر میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

عرق مرکب مصفی خون: اعلا درجہ کا مصفی خون ہے، پھوڑے پھنسیوں کو دور کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۲۵ ملی لٹر

طریقہ استعمال: یہ عرق، شربت عناب ۲۵ ملی لٹر میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

عرق منڈی: خون کو صاف کرتا ہے۔ بینائی کو قوت دیتا ہے، اعضائے رئیسہ اور ارواح کو طاقت دیتا ہے۔

مقدار خوراک: ۱۲۵ ملی لٹر

طریقہ استعمال: یہ عرق، شربت عناب ۲۵ ملی لٹر میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

معجون عشبہ: مصفی خون ہے۔ آتشک جذام، کھجلی وغیرہ فساد خون کی تمام بیماریوں میں مفید ہے، گٹھیا میں بھی فائدہ دیتی ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک

طریقہ استعمال: یہ معجون صبح یا رات کو پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام اور ایک کلو

قرص اصفر: یہ قرص خون کو صاف کرتے ہیں، فساد خون سے پیدا ہونے والی تمام بیماریوں مثلاً خارش (کھجلی) داد اور پھوڑے پھنسیوں میں مفید ہیں۔

مقدار خوراک: ایک قرص

طریقہ استعمال: یہ قرص صبح اور شام پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۲۵ ملی لیٹر

مرہم خارش جدید: کھجلی تر ہو یا خشک، دونوں کے لیے مفید ہے۔

طریقہ استعمال: کھجلی کی جگہ پر اس مرہم کو ملیں۔

پیک سائز: ۵۰ گرام

داد-چنبل

مرہم قوبا: اس مرہم کے استعمال سے داد پورے طور پر جاتا

رہتا ہے۔

طریقہ استعمال: داد کو کپڑے سے رگڑ کر یہ مرہم لگائیں۔

پیک سائز: ۵۰ گرام

اگر داد اور چنبل تمام جسم پر جگہ جگہ پھیلے ہوئے ہوں تو مذکورہ بالا مقامی دواؤں کے علاوہ اطریفل شاہترہ، شربت عشبہ خاص، شربت مرکب مصفی خون، صافی اور قرص اصفر جیسی کسی دوا کا ضرور استعمال کریں۔ خارجی استعمال کے لیے مرہم خارش جدید لگائیں۔

پھوڑے پھنسیاں

حب مصفی خون: فساد خون میں مفید ہیں، پھوڑے پھنسیوں اور کھجلی کو دور کرتی ہیں۔ بچے ہوں یا بڑے، دونوں کے لیے یکساں مفید ہیں۔

مقدار خوراک: بڑوں کو ۴ گولیاں، بچوں کو ایک سے ۲ گولی۔

طریقہ استعمال: یہ گولیاں صبح کو پانی سے کھائیں۔ بچوں کو آدھی گولی سے ایک گولی تک ماں کے دودھ میں گھول کر دیں۔ اس سے بڑے بچوں کو ایک سے دو گولی تک دودھ میں گھول کر دیں۔

پیک سائز: ۱۰۰ گولیاں

شربت عشبہ خاص، صافی، قرص اصفر، معجون چوب چینی، معجون عشبہ، معجون مصفی خاص، یہ سب پھوڑے پھنسیوں میں خون کی صفائی کے لیے استعمال کی جاتی ہیں، گزشتہ صفحات میں درج ہیں۔

مہاسے۔ چھیپ

غازہ حسن افزا: چہرے کے داغوں، جھائیوں، چھیپ اور مہاسوں کو دور کر کے چہرے کو نکھارتا اور اس میں جاذبیت پیدا کرتا ہے۔

طریقہ استعمال: رات کو ۵ گرام یہ غازہ تھوڑے پانی میں ملا کر چہرے پر لگائیں اور صبح کو پانی سے منہ دھو ڈالیں۔

پیک سائز: ۱۰ گرام اور ۱۰۰ گرام

زخم

مرہم رال: ہر قسم کے زخموں کو بھرتا ہے، زخموں کو میل کچیل سے صاف کر کے بہت جلد بھر لاتا ہے۔

طریقہ استعمال: پہلے نیم کے پتوں کے جوشاندہ سے زخموں کو دھوئیں، اس کے بعد یہ مرہم کپڑے پر لگا کر زخم پر چسپاں کریں۔ اگلے روز پھر یہی عمل کریں۔

پیک سائز: ۵۰ گرام

مرہم کافور: یہ مرہم ایسے زخموں کے لیے مفید ہے جن میں درد اور جلن ہو، یہ ان میں تسکین بخشتا اور جلدی بھر لاتا ہے۔ اس کے علاوہ ان جلن دار پھنسیوں کو بھی فائدہ دیتا ہے جن سے زرد رنگ کا پانی سا بہتا رہتا ہے۔

طریقہ استعمال: نیم کے پتوں کو پانی میں جوش دے کر اس سے زخموں اور پھنسیوں کو دھوئیں۔ اس کے بعد یہ مرہم کپڑے پر لگا کر زخم پر چپکا دیں، روزمرہ اسی طرح کریں۔

پیک سائز: ۵۰ گرام

پتی

پتی کی حالت میں صافی اور اکسیر شفا کا استعمال بھی مفید ہے۔

امراض خبیثہ

آتشک

جوہر منقی: آتشک اور آتشک کی وجہ سے پیدا ہونے والے گٹھیا اور نقرس میں نہایت مفید ہے، پرانے سوزاک میں بھی فائدہ دیتا ہے، بدن میں سوداوی مادہ کی وجہ سے اختلاج قلب اور گھبراہٹ رہتی ہو تو وہ بھی اس کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔

مقدار خوراک: ۳۰ ملی گرام

طریقہ استعمال: منقی میں یہ جوہر گٹھلی کی جگہ رکھ کر گولی سی بنا کر نگل جائیں (چبائیں نہیں) اوپر سے ۲۵۰ ملی لٹر دودھ پئیں۔

پیک سائز: ۳ گرام

معجون مصفی خاص: آتشک میں مفید ہے، آتشک کے علاوہ جذام، داد، خارش، پرانے سوزاک اور پھوڑے پھنسیوں میں بھی فائدہ دیتی ہے۔

مقدار خوراک: ۶-۱۰ گرام

طریقہ استعمال: یہ معجون صبح کو شربت عشبہ خاص ۴۰ ملی لٹر یا پانی

میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۱۲۵ گرام

شربت عشبہ خاص، عرق مرکب مصفی خون، معجون عشبہ، معجون مصفی خاص، یہ سب مرض آتشک میں مفید ہیں، ''فساد خون'' کے زیر عنوان درج ہیں۔

سوزاک

سفوف صندل: نئے اور پرانے سوزاک میں مفید ہے، پیشاب کی جلن کو دور کرتا اور پیشاب کی نالی کے زخم کو بھرتا ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام

طریقہ استعمال: یہ سفوف صبح کو دودھ کی لسی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۵۰ گرام

سفوف کشتہ قلعی: نئے پرانے سوزاک میں مفید ہے، سوزاک کی وجہ سے جریان ہو تو اس کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۵ گرام

طریقہ استعمال: یہ سفوف پھانک کر شربت بزوری ۴۰ ملی لٹر پانی میں ملا کر پئیں۔

پیک سائز: ۵۰ گرام

قرص دواء کڑھائی والی

نئے اور پرانے سوزاک میں مفید ہے۔ اور زخموں کو بھرتی ہے۔

مقدار خوراک: ایک قرص ۲۵ ملی لٹر شربت بزوری معتدل یا پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

پیک سائز: ۲۰ ٹکیاں

قرص سوزاک: سوزاک کی مفید دوا ہے، ان قرصوں کے استعمال سے پیشاب کھل کر آتا ہے اور پیشاب کی نالی کا زخم پیپ سے صاف ہونے کے بعد جلد ہی بھر جاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۴ قرص

طریقہ استعمال: صبح اور شام یہ قرص پھیکے دودھ سے کھائیں، گرمیوں میں وہی کے پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

پیک سائز: ۴۰ ٹکیاں

خنازیر (کنٹھ مالا) رسولیاں

مرہم جدوار: خنازیر گلٹیوں اور دوسری گلٹیوں اور رسولیوں کو تحلیل کرتا ہے اور زخموں کو بھرتا ہے۔

طریقہ استعمال: گلٹیوں پر یہ مرہم گرم کر کے لگائیں اور اوپر سے پان، پیپل یا ارنڈ کا پتا گرم کر کے رکھیں اور روئی رکھ کر باندھ دیں۔

پیک سائز: ۵۰ گرام

بھگندر۔ ناصور

مرہم خارش جدید بھگندر اور ناصور میں فائدہ دیتا ہے۔ اس کا ذکر گزشتہ صفحات میں درج ہے۔

برص۔ پھلبہری

برصینا: اگر برص کا مرض زیادہ پرانا اور بدن پر زیادہ پھیلا ہوا ہو تو برصینا کے استعمال سے اچھا ہو جاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۳ گرام

طریقہ استعمال: ناشتہ کے بعد اور رات کو سوتے وقت کھائیں۔

پیک سائز: ۶۰ گرام

روغن بابچی: برص (پھلبہری) کے لیے مفید ہے۔

طریقہ استعمال: برص کے داغوں پر لگائیں۔

پیک سائز: ۱۰ ملی لیٹر

سفوف برص: برص (پھلبہری) کے داغ اگر زیادہ دنوں کے نہ ہوں تو اس سفوف کے استعمال سے اچھے ہو جاتے ہیں۔

طریقہ استعمال: ۵ گرام یہ سفوف رات کو ۱۲۵ ملی لٹر پانی میں بھگو کر رکھیں، صبح کو صاف پانی نتھار کر پئیں اور پھوک پیس کر داغوں پر لگائیں۔

پیک سائز: ۵ گرام اور ۱۲۵ گرام

بالوں کی بیماریاں

بالوں کا گرنا

روغن آملہ سادہ: بالوں کی جڑوں کو مضبوط کرتا اور ان کی

سیاہی کو محفوظ رکھتا ہے۔
طریقہ استعمال: سر کے بالوں میں لگائیں۔
پیک سائز: ۱۰۰ ملی لیٹر
روغن آملہ خاص: یہ تیل سر میں لگانے سے بالوں کی جڑوں کو مضبوط بناتا اور ان کو گرنے سے محفوظ رکھتا ہے، نیز بالوں کی سیاہی کو قائم رکھتا اور ان کو ملائم چمک دار بناتا ہے، اس سے سر کی خشکی دور ہوجاتی ہے اور یہ بالوں کو بڑھانے میں مدد دیتا ہے۔
طریقہ استعمال: سر کے بالوں میں لگائیں۔
پیک سائز: ۱۰۰ ملی لیٹر، ۲۰۰ ملی لیٹر اور ۵۰۰ ملی لیٹر
زلآملہ: زلآملہ میں آملہ کے ساتھ ساتھ شکا کائی، سرسوں اور دوسری جڑی بوٹیاں بھی شامل ہیں۔ زلآملہ بالوں کو دھوتا ہی نہیں بلکہ بالوں کی پرورش بھی کرتا ہے۔ زلآملہ بالوں کی جڑوں میں چکناہٹ کی قدرتی صلاحیت کو قائم رکھتا ہے، جسے عام صابن اور کیمیکل شیمپو ختم کر دیتے ہیں۔ یہ سر کی خشکی کو دور کرتا ہے۔ بالوں کو گرنے سے روکتا ہے اور قبل از وقت بالوں کے سفید ہونے سے بچاتا ہے۔
طریقہ استعمال: ۲½ چمچہ پاؤڈر کو ایک کپ پانی میں ۲ گھنٹہ کے لئے بھگو کر چھوڑ دیں۔ اس کے بعد سر کے بالوں میں لگائیں اور ۵ منٹ کے بعد بالوں کو دھو دیں زلآملہ کو کم از کم ہفتہ میں تین بار ضرور استعمال کریں۔
پیک سائز: ۲۰۰ گرام
ہمدرد ہیئر آئل: سیاہ رنگ کے ملائم اور چمک دار بال خوبصورتی کو بڑھاتے ہیں۔ ہمدرد ہیئر آئل نہایت پاکیزہ خوشبودار تیل ہے جو بالوں کو گرنے سے بچاتا ہے اور ان کو سیاہ، ملائم اور چمک دار رکھتا ہے، ہر موسم میں اپنے بالوں کی حفاظت کے لیے اسے استعمال کیجیے۔
طریقہ استعمال: سر کے بالوں میں لگایا جاتا ہے۔
پیک سائز: ۱۰۰ ملی لیٹر
بے نظیر ہیئر آئل: یہ بالوں کے لیے لاجواب تیل ہے۔ گرتے ہوئے بالوں کو روک دیتا ہے اور جس جگہ کے بال اڑ جاتے ہیں وہاں از سر نو نئے بال پیدا کرتا ہے، اس کے علاوہ بالوں کو بڑھاتا اور ان کو سیاہ چکنے چمک دار بناتا ہے اور ساتھ ہی دماغ کو طاقت بھی دیتا ہے۔
طریقہ استعمال: سر کے بالوں میں لگائیں۔
پیک سائز: ۱۰۰ ملی لیٹر

بالوں کا نہ نکلنا

روغن بیضۂ مرغ: جس جگہ بال نہ نکلتے ہوں، اس روغن کی عرصہ تک روزانہ مالش کرنے سے بال نکل آتے ہیں۔ اس کے علاوہ یہ تیل بالوں کو بڑھاتا اور ان کو وقت سے پہلے سفید ہونے سے روکتا ہے۔
طریقہ استعمال: جس جگہ بال نکالنا چاہیں وہاں اس کی روزانہ مالش کریں۔
پیک سائز: ۱۰۰ ملی لیٹر

بالوں کا قبل از وقت سفید ہوجانا

بالوں کے قبل از وقت سفید ہونے کی صورت میں اطریفل اسطوخودوس کا اندرونی استعمال مناسب ہے۔ یہ ''دردسر'' کے زیرعنوان مذکور ہے۔
خارجی طور پر زلآملہ، روغن آملہ خاص اور روغن بیضہ مرغ کے لگانے سے بالوں کی سیاہی محفوظ رہتی ہے اور اگر وہ قبل از وقت سفید ہوجائیں تو ان کے لگاتار لگانے سے صحیح حالت پر لوٹ آتے ہیں۔

بال خورہ

روغن ذراریح: بال خورہ (جس میں سر اور داڑھی مونچھ کے بال گر کر چکنے چکتے پیدا ہوجاتے ہیں) میں مفید ہے۔
طریقہ استعمال: چکتوں پر پھریری سے لگائیں۔
پیک سائز: ۱۰ ملی لیٹر

گنج

روغن بیضہ مرغ اور روغن ذراریح ''گنج'' کے لیے مفید ہیں۔ ان کا ذکر اوپر آچکا ہے۔

عام جسمانی کمزوری

سنکارا: یہ ایک نہایت نفیس جنرل ٹانک ہے جو دیسی جڑی بوٹیوں کے جوہر اور ان سب وٹامنوں سے تیار کیا جاتا ہے، جو

انسانی جسم کے لیے ضروری ہیں۔ اس کے استعمال سے بھوک بڑھتی ہے، ہاضمہ درست ہوتا ہے، بدن میں چستی اور توانائی زیادہ پیدا ہوتی ہے، وزن بڑھتا ہے، ہڈیاں دبیز ٹھوس اور مضبوط ہوتی ہیں، معدہ اور جگر کا فعل درست ہوکر اچھے خون کی پیدائش بڑھ جاتی ہے، دماغ تروتازہ رہتا ہے۔ کام میں خوب جی لگتا ہے اور سستی اور تھکاوٹ دور ہوجاتی ہے۔ خواتین کے لیے حمل کے زمانے میں اور بچوں کو دودھ پلانے کے دنوں میں اس کا استعمال بے حد مفید ہے۔ اس سے نہ صرف ان کی صحت اور طاقت قائم رہتی ہے بلکہ ماں کے جسم سے غذا حاصل کرنے والے بچہ کی صحت پر بھی اس کا شاندار اثر پڑتا ہے۔ بیماری کے بعد کی کمزوری دور کرنے اور طاقت حاصل کرنے کے لیے یہ لاجواب ٹانک ہے۔ تغذیہ کی کمی اور جملہ خرابیوں میں مفید ہے۔

طریقہ استعمال: ۳۰ ملی لیٹر دن میں دو بار کھانے کے فوراً بعد یا کھانے سے پہلے استعمال کریں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

شربت فولاد: عام جسمانی کمزوری کو دور کرنے کے لیے عجیب الاثر ہے، جو بیماریاں خون سے فولاد کے اجزاء کو کم کر کے اس کا کیمیاوی تناسب بگاڑ دیتی ہیں اور عام جسمانی کمزوری پیدا کردیتی ہیں، ان کے بعد اس شربت کا استعمال حد درجہ مفید ثابت ہوتا ہے۔ یہ خون کی رقت کو دور کرتا ہے اور اس کی سرخی میں اضافہ کرکے چہرے کو سرخ بنا دیتا ہے۔

طریقہ استعمال: بڑوں کے لیے ۱۰ ملی لیٹر دن میں ایک بار اور ۵ سے ۱۲ سال کی عمر کے بچوں کے لیے ۵ ملی لیٹر دن میں ایک بار دیں۔ ہفتہ میں ایک روز اس کا استعمال نہ کریں۔

پیک سائز: ۲۰۰ ملی لیٹر

شربت اکسیر خاص: خون کی سرخی اور اس کے سرخ دانوں کی مقدار کو بڑھا کر قلت الدم (خون کی کمی) اور رقت الدم (خون کا پتلا پن) کو دور کرتا ہے، جسم کی پرورش کرکے اس کی عام جسمانی کمزوری کو دور کرتا اور قوت مدافعت (نیچرل پاور) کو بڑھا کر انھیں طاقت دیتا ہے۔ غرضیکہ اس طرح عام جسمانی کمزوری کو دور کرنے میں عجیب اثر رکھتا ہے۔ ہر موسم اور ہر عمر میں مرد و عورت استعمال کرسکتے ہیں۔

طریقہ استعمال: ۱۵ ملی لیٹر (ایک بڑا چمچہ) کھانا کھانے کے بعد ایک وقت لیں۔

پیک سائز: ۲۰۰ ملی لیٹر

کشتہ طلاء کلاں: عام جسمانی کمزوری کو دور کرتا ہے، دل دماغ اور جگر و اعصاب کو طاقت دیتا اور خون کی پیدائش کو بڑھاتا ہے۔ اعلا درجہ کا مقوی باہ ہے۔

مقدار خوراک: ۳۰ ملی گرام یا ایک قرص۔

طریقہ استعمال: دواء المسک معتدل جواہر والی ۵ گرام یا لبوب کبیر ۵ گرام میں رکھ کر کھائیں اوپر سے ۲۵۰ ملی لٹر دودھ پییں۔

پیک سائز: کشتہ- ایک گرام، گولیاں ۱۰ عدد

گامون: اس کا ایک خاص فائدہ یہ ہے کہ یہ جگر کو تحریک دے کر خون کی پیدائش کو بڑھاتا ہے اور اس طرح خون کی کمی کو دور کر کے عام جسمانی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ اس میں ایسے اجزاء شامل ہیں جو نقصِ تغذیہ سے پیدا ہونے والی تمام بیماریوں کا بہترین علاج ہیں۔ پھیپھڑوں اور ہڈیوں کو طاقت دیتا ہے اور بیماری سے اٹھے ہوئے مریضوں کے ضعف و نقاہت کو دور کرتا ہے۔

طریقہ استعمال: ۱۵ ملی لیٹر (ایک بڑا چمچہ) کھانا کھانے کے بعد ایک وقت لیں۔

پیک سائز: ۲۰۰ ملی لیٹر

ماء اللحم دوآتشہ: دل کی قوت انقباضی کو بڑھاتا ہے، دماغ و اعصاب میں تسکین پیدا کر کے ان کی قوت میں اضافہ کرتا ہے، جگر اور معدے پر بھی محرک اثر ڈالتا ہے۔ اسی لیے اس کے استعمال سے بھوک بڑھ جاتی اور کھائی ہوئی غذا اچھی طرح ہضم ہونے لگتی ہے اور خون کی پیدائش بڑھ جاتی ہے اور بڑھاپے میں بھی جوانی کی امنگیں پیدا ہونے لگتی ہیں۔ عام جسمانی و عصبی کمزوری دور ہوکر ضعف باہ دور ہوجاتا ہے۔ سردیوں میں ہر عمر کے مرد و عورت استعمال کرسکتے ہیں۔

طریقہ استعمال: ۴۰ سال سے زیادہ عمر کے لوگوں کے لیے ۴ بڑے چمچے ۴۰ سال سے کم عمر کے لوگوں کے لیے ۲ سے ۵ چائے کے چمچے ناشتہ سے ایک گھنٹہ قبل۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

منڈوزا: جب بدن میں کیلشیم کی کمی ہوجاتی ہے تو عام جسمانی کمزوری پیدا ہوجاتی ہے، دانت خراب ہوجاتے ہیں، بچوں

میں ہڈیاں نرم پڑ جاتی ہیں، ہر وقت نزلہ رہنے لگتا ہے، ان حالات میں اس کے استعمال سے بہت فائدہ پہنچتا ہے۔ حاملہ اور دودھ پلانے والی عورتوں کو اس کی شدید ضرورت ہے۔ یہ دوا قرصوں کی شکل میں ہے اور یہ بہت جلد خون میں جذب ہوجاتے ہیں۔

طریقہ استعمال: بالغ دو گولیاں، ایک گولی دن میں دو بار چبا کر کھائیں۔

پیک سائز: ۵۰ ملی لیٹر

ماء الصحت: گرمی جیسے سخت موسم میں جگر، گردوں اور جسم کی مختلف (غدد) گلٹیوں کو بہت تیزی اور قوت سے مسلسل اپنا کام جاری رکھ کر انسانی زندگی کو بچانے کا فرض انجام دینا پڑتا ہے، زندگی تو بیشک بچ جاتی ہے لیکن مسلسل کام جاری رکھنے کی وجہ سے ان اعضاء کی قوت حیات میں کمی آجاتی ہے۔ ماء الصحت کے استعمال سے یہ قوت حیات صحیح حالت میں واپس آتی اور محفوظ رہتی ہے۔ اس سیال کے حلق سے اترتے ہی تمام اعضاء کو نئی توانائی حاصل ہوتی ہے اور وہ بدستور اپنے افعال کو جاری رکھتے ہیں۔ اگر چکر آتے ہوں، دل دھڑکتا ہو، طبیعت نڈھال رہتی ہو تو یہ سب شکایتیں دور ہوجاتی ہیں اور طبیعت ہشاش بشاش رہنے لگتی ہے۔ مرد، عورت، جوان، بوڑھے، بچے سب کے لیے یکساں مفید ہے۔

طریقہ استعمال: بڑوں کو ۲۰ ملی لیٹر بچوں کو ۳-۱۲ ملی لیٹر تک عمر کے حساب سے دودھ یا لسی کے ساتھ صبح و شام کو استعمال کرائیں۔

پیک سائز: ۵۰۰ ملی لیٹر

مفرح مشکیں بھی جسمانی کمزوری کے لیے مفید ہے۔ یہ ''ضعف دماغ'' میں تحریر ہیں۔ جواہر مہرہ، خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا، خمیرہ مروارید خاص، دواء المسک معتدل سادہ، دواء المسک معتدل جواہر والی، مفرح شیخ الرئیس، یہ سب دوائیں بھی عام جسمانی کمزوری کو دور کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہیں۔ ''ضعف قلب'' کے زیر عنوان درج ہیں۔

مشترک فائدے رکھنے والی دوائیں

قلزم: ہر قسم کے درد چوٹ، سوجن، ہیضہ، دست اور پیچش، آگ سے جلنے اور زہریلے جانوروں کے کاٹنے میں فوری سکون پہنچانے کے لیے نہایت کامیاب دوا ہے۔ وبائی بیماریوں کے دنوں میں، خاص کر برسات میں ہیضہ و بدہضمی وغیرہ کی شکایت سے بچنے کے لیے اس کا استعمال بے حد مفید ہے۔

طریقہ استعمال: دوا کے ساتھ ہے۔

پیک سائز: ۱۰ ملی لیٹر

ہمدرد بام: دردسر، نزلہ وزکام، سینے کی جکڑن، گلے کی خرابی، کھانسی، عصبی درد، جیسے عرق النساء، نقرس اور جوڑوں کے درد کے علاوہ چوٹ لگ جانے، موچ آجانے اور روزمرہ کی مختلف تکلیفوں کو دور کرنے کی ایک نہایت نفیس اور کامیاب دوا ہے۔ اس کی ایک اہم خصوصیت یہ ہے کہ اس کے اجزاء اور ان کے اثرات سخت سے سخت گرمی اور سردی میں بھی قائم رہتے ہیں۔

طریقہ استعمال: متاثرہ مقام پر مالش کریں۔

پیک سائز: ۱۰ گرام، ۲۰ گرام

ہمدرد مرہم: جلد کی مختلف بیماریوں، دانوں، آگ سے جلنے، خارش، مسوں، داد، موچ آجانے، پھنسیوں، مہاسوں، پھوڑوں، جھائیوں، ناصور، کھولتے ہوئے پانی سے جلنے، بوائیوں، دھوپ سے جلنے، بواسیر، زکام اور نزلہ کے لیے نہایت مفید ثابت ہوتا ہے۔ اس مرہم میں حیوانی چکنائی شامل نہیں ہے۔

طریقہ استعمال: متاثرہ مقام پر مالش کریں۔

پیک سائز: ۱۰ گرام اور ۵۰ گرام

آیورویدک دوائیں

ترپھلا چورن: ورم (سوجن) ملیریا، بخار، فساد خون، مادۂ تولید کی خرابی اور جذام (کوڑھ) میں نہایت مفید ہے، اس کے استعمال سے حرارت غریزی بڑھتی اور قبض دور ہوتا ہے۔

مقدار خوراک: ۲ گرام سے ۶ گرام تک۔

طریقہ استعمال: دن میں ایک یا دو بار مناسب بدرقہ سے کھائیں۔

پیک سائز: ۵۰ گرام

چندر پربھاوٹی: ذیابیطس (مدھومیہ) اور بول زلالی (البیو

مینوریا) کے لیے نہایت مفید دوا ہے، مثانہ کی کمزوری سے بار بار پیشاب آتا ہو یا قطرہ ٹپکتا ہو، رات کو سوتے وقت پیشاب نکل جاتا ہو، فوطے بڑھ گئے ہوں، یہ سب شکایتیں اس کے استعمال سے دور ہو جاتی ہیں۔ جریان اور رقت و سرعت کے لیے بھی مفید ثابت ہوتی ہے، گردوں اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔

مقدار خوراک: ایک قرص

طریقہ استعمال: یہ دوا صبح اور شام ۲۵۰ ملی لٹر دودھ سے کھائیں۔

پیک سائز: ۲۵ گولیاں

چیون پراش اولیہ اسپیشل: آیوروید کی مشہور دوا ہے، یہ نزلہ و زکام، کھانسی اور دمہ میں فائدہ دیتی ہے، سل و دق میں پھیپھڑوں کو قوت بخشتی اور عام جسمانی کمزوری کو دور کرتی ہے، دل اور دماغ کو طاقت دیتی اور حافظہ کو بڑھاتی ہے۔

مقوی معدہ اور مقوی جگر بھی ہے۔

طریقہ استعمال: دوا کے ساتھ ہے۔

پیک سائز: ۲۵۰ گرام، ۵۰۰ گرام اور ایک کلو

رس مانک: فساد خون کی بیماریوں میں نہایت مفید ہے۔ پھوڑے پھنسی نکلتے ہوں، زخم موجود ہوں، ناصور بھگندر اور رکنٹھ مالا سے پریشان ہوں اور کسی دوا سے اچھے نہ ہوتے ہوں یہ سب شکایتیں اس کے استعمال سے دور ہو جاتی ہیں۔

آتشک، جذام، پرانا نزلہ و زکام اور سیلان الرحم بھی اس کے استعمال سے اچھے ہو جاتے ہیں۔

مقدار خوراک: ۱۲۵ ملی گرام سے ۳۷۵ ملی گرام تک۔

طریقہ استعمال: یہ رس، شہد خالص میں ملا کر کھائیں۔

پیک سائز: ۵ گرام

سپاری پاک: سپاری پاک آیوروید کی مشہور دوا ہے۔ عورتوں کے شویت پردر (سیلان الرحم) اور حیض کی زیادتی وغیرہ کے لیے اکسیری دوا ہے، جوڑوں کے درد اور کمر کے درد کو دور کرتی ہے۔ رحم (گربھاشہ) کو طاقت دیتی اور اس میں استقرار حمل کی استعداد پیدا کرتی ہے۔ اس کے علاوہ یہ مردوں کے ضعف باہ اور رقت میں بھی مفید ہے۔

طریقہ استعمال: ۱۰ گرام سے ۲۰ گرام تک صبح و شام دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

پیک سائز: ۱۵۰ گرام

ستو پلادی چورن: پرانے بخار اور کھانسی کی نہایت مفید دوا ہے، نزلہ و زکام، کھانسی، دمہ اور سل میں بھی فائدہ دیتی ہے، باکا بخار اور کھانسی اس کے لگاتار استعمال سے دور ہو جاتے ہیں۔

مقدار خوراک: ایک گرام سے تین گرام تک۔

طریقہ استعمال: یہ چورن شہد ۱۰ گرام میں ملا کر چاٹیں۔

پیک سائز: ۵۰ گرام

سدھ مکر دھوج: یہ عام جسمانی کمزوری کو دور کرنے کے لیے اکسیر ہے۔ نظام ہضم اس کے استعمال سے درست ہو جاتا ہے۔ دودھ، گھی، مکھن وغیرہ کے ہضم کرنے کی صلاحیت بڑھ جاتی ہے، مردہ رگوں پٹھوں میں نئی لہر اور نئی زندگی پیدا ہو جاتی ہے۔ دل و دماغ کی اتنی قوت بڑھ جاتی ہے کہ کئی گھنٹے مسلسل کام کرنے سے تھکن پیدا نہیں ہوتی، علاوہ ازیں یہ دوا قوت باہ کو قوی کرتی اور حرارت غریزی کو بڑھاتی ہے۔ کھانسی، دمہ اور سل و دق میں مفید ثابت ہوتی ہے۔

طریقہ استعمال: دوا کے ساتھ ہے۔

پیک سائز: ۲۰ ٹکیاں

لون بھاسکر: معدہ اور آنتوں کی اکثر بیماریوں کو دور کرتا ہے، قئیں آ رہی ہوں، دست جاری ہوں، بدہضمی رہتی ہو، بھوک نہ لگتی ہو، کھانا کھانے کے بعد کھٹی ڈکاریں آتی ہوں، پیٹ میں درد رہتا ہو، یہ سب بیماریاں اس کے استعمال سے اچھی ہو جاتی ہیں۔ سنگرہنی جس میں معدہ اور آنتوں کی کمزوری سے دست آتے ہیں وہ بھی اس کے استعمال سے رک جاتے ہیں۔ عورتوں کی زمانہ حمل کی قئیں بھی بند ہو جاتی ہیں۔

مقدار خوراک: ایک گرام سے تین گرام تک۔

طریقہ استعمال: یہ چورن چھاچھ سے کھائیں

پیک سائز: ۵۰ گرام

مہایوگراج گوگل: آم دات، گٹھیا، فالج ولقوہ (پکشا گھات آردرت اور وات رکت) میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ۲ سے ۴ قرص تک

طریقہ استعمال: دن میں دو بار گرم پانی سے کھائیں۔

پیک سائز: ۴۰ ٹکیاں

Hamdard

Pioneering Unani since 1906







